# قبائلی رسومات کا اسلامی تعلیمات کی روشنی میں جائزہ

## (ضلع مہمند کا اختصاصی مطالعہ)


***Submitted By***

**BAHAR ALI**

**01-259241-002**

***Supervised by***

**Dr RAHIM ULLAH**

**Assistant Professor BUIC**

**Department of Islamic Studies**

**School of Humanities and Social Sciences**

**BAHRIA UNIVERSITY ISLAMABAD E-8 CAMPUS**

# قبائلی رسومات کا اسلامی تعلیمات کی روشنی میں جائزہ

## (ضلع مہمند کا اختصاصی مطالعہ)

***Submitted By***

BAHAR ALI

01-259241-002

***Supervised by***

Dr RAHIM ULLAH

Assistant Professor BUIC

A Thesis Submitted in the Fulfilment of the Requirement for the Award of the Degree of Master of Science (Islam and Life)

**Department of Islamic Studies**

**School of Humanities and Social Sciences**

**BAHRIA UNIVERSITY ISLAMABAD E-8 CAMPUS**

**Bahria University**

Discovering Knowledge

**SUPERVISOR'S STATEMENT**

This is certified that the work contained in this thesis, entitled "قبائلی رسومات کا اسلامی تعلیمات کی روشنی میں جائزہ" (ضلع مہمند کا اختصاصی مطالعہ) has been carried out under my supervision by BAHAR ALI and is approved for submission in partial fulfilment of the requirement for the degree of MS Islamic Studies.

______________________________

Dr. Rahim Ullah

Assistant Professor

Bahria University Islamabad.

**Bahria University**

Discovering Knowledge

**MS-13**

**THESIS COMPLETION CERTIFICATE**

Student’s Name: <u>BAHAR ALI</u>

Enrollment No. <u>01-259241-002</u>

Program of Study: <u>MS Islamic Studies</u>

Thesis Title: <u>"قبائلی رسومات کا اسلامی تعلیمات کی روشنی میں جائزہ"</u>(ضلع مہمند کا اختصاصی مطالعہ)

It is to certify that the above student’s thesis has been completed to my satisfaction and that, to my belief, its standard is appropriate for submission for evaluation. I have also conducted a plagiarism test on this thesis using the HEC-prescribed software and found a similarity index of 11%, which is within the permissible limit set by the HEC for the MS/MPhil degree thesis. I have also found the thesis in a format recognized by the BU for the MS/MPhil thesis.

Principal Supervisor’s Signature

______________________________

Dr. Rahim Ullah

Date:

**Bahria University**

Discovering Knowledge

**MS-14A**

## AUTHOR'S DECLARATION

I, BAHAR ALI , hereby state that my MS thesis titled,

"قبائلی رسومات کا اسلامی تعلیمات کی روشنی میں جائزہ"(ضلع مہمند کا اختصاصی مطالعہ) is my own work and has not been submitted previously by me for taking any degree from this University (Bahria University) or anywhere else in the country or world. At any time, if my statement is found to be incorrect, even after my graduation, the university has the right to withdraw or cancel my MS degree.

Scholar's Signature

______________________

Name: BAHAR ALI

Date

**Bahria University**

Discovering Knowledge

**MS-14B**

**PLAGIARISM UNDERTAKING**

I, BAHAR ALI, solemnly declare that the research work presented in the thesis titled

"قبائلی رسومات کا اسلامی تعلیمات کی روشنی میں جائزہ"(ضلع مہمند کا اختصاصی مطالعہ) is solely my research work with no significant contribution from any other person. Any small contribution or help, wherever taken, has been duly acknowledged, and the complete thesis has been written by me. I understand the zero-tolerance policy of the HEC and Bahria University towards plagiarism. Therefore, as the author of the above-titled thesis, I declare that no portion of my thesis has been plagiarised and that any material used as a reference is properly referred to and cited.

I undertake that if I am found guilty of any formal plagiarism in the above-titled thesis, even after the award of my MS degree, the university reserves the right to withdraw or revoke my MS degree. HEC and the university have the right to publish my name on the HEC/University website, where the names of students who submitted plagiarised theses are placed.

Scholar’s Signature

______________________

Name: BAHAR ALI

Date:

## ACKNOWLEDGMENT

In the name of Allah, the Most Compassionate, the Most Merciful, and peace and blessings be upon the Prophet Muḥammad ﷺ. All praise is due to Almighty Allah, whose mercy and guidance granted me the strength and ability to complete this research. I owe heartfelt gratitude to my respected supervisor, Dr. Rahim Ullah, whose continuous encouragement, guidance, and insightful suggestions greatly contributed to the completion of this study. His mentorship made the entire process smooth and meaningful—may Allah reward him abundantly and bless him with a long and prosperous life.

I am also sincerely thankful to my beloved parents, honorable teachers, and companions, whose prayers, support, and motivation have always been a source of strength for me. My appreciation extends to my friends who helped and guided me during various stages of this dissertation, as well as to the staff of Bahria University, Islamabad, for their cooperation and timely assistance whenever I needed it.

## DEDICATION

I dedicate this work to the beloved Prophet Muḥammadﷺ and his noble Companions (Sahaba, may Allah be pleased with them). His wisdom enlightened their hearts to contribute positively to the world. May this work serve as a small tribute to his legacy, contribute to a deeper understanding of his noble mission, and remind us of his and their profound impact on our lives.

# قبائلی رسومات کا اسلامی تعلیمات کی روشنی میں جائزہ

## (ضلع مہمند کا اختصاصی مطالعہ)


*Submitted By*

**BAHAR ALI**

**01-259241-002**

*Supervised by*

**Dr RAHIM ULLAH**

**Assistant Professor BUIC**

**Department of Islamic Studies**

**School of Humanities and Social Sciences**

**BAHRIA UNIVERSITY ISLAMABAD E-8 CAMPUS**

## Abstract

This research offers an in-depth analytical examination of the tribal customs and traditions of District Mohmand in relation to the teachings of Islam. The Mohmand tribe, known for its strong cultural heritage and distinct social identity, has preserved a wide range of practices that shape its communal life. Over time, some of these customs have remained consistent with Islamic moral and social values, while others have gradually absorbed influences that diverge from the principles of Shariah. The study aims to explore these traditions through an Islamic lens, distinguishing those that align with faith from those that contradict it, and to propose practical measures for reform in accordance with Islamic ethics.

Employing both descriptive and analytical approaches, this research draws upon authentic primary and secondary sources such as the Qur'an, Hadith, classical jurisprudential texts, historical records, and interviews with religious scholars and local community leaders. The findings suggest that a significant number of tribal practices reflect the essence of Islamic teachings, emphasizing cooperation, justice, and social harmony. However, certain customs—such as extravagance in marriage expenses, unnecessary prolonging of disputes, and specific mourning rituals—stand in contrast to Islamic guidance. The study concludes that the eradication of such un-Islamic practices requires collective efforts through religious education, the active role of scholars, institutional awareness, and supportive governmental initiatives. Ultimately, this research serves as a constructive model for fostering Islamic social values within tribal societies like Mohmand.

# قبائلی رسومات کا اسلامی تعلیمات کی روشنی میں جائزہ

## (ضلع مہمند کا اختصاصی مطالعہ)

**مقالہ نگار**

بہار علی

ENROLL:01-259241-002

**نگران**

ڈاکٹر رحیم اللہ

اسسٹنٹ پروفیسر بحریہ یونیورسٹی اسلام آباد

Department of Islamic Studies

**BAHRIA UNIVERSITY ISLAMABAD E-8 CAMPUS**

باب اول: ضلع مہمند– تاریخ، تعارف اور ثقافتی روایات ........................................................ 15

فصل اول: موضوع کا تعارف ........................................................................... 15

فصل دوم: قبائلِ مہمند کی تاریخ و تعارف..........................................................................20

الف: قبائل مہمند کی تاریخ ..........................................................................20

مہمند قبائل اور ان کے شجرے ..........................................................................21

ترکزئی قوم کا شجرہ ..........................................................................24

حلیمزئی قوم کا شجرہ..........................................................................24

خویزئی قوم کا شجرہ..........................................................................25

بیزئی قوم کا شجرہ ..........................................................................25

ملحقہ قبیلے ..........................................................................25

صافی و اتمانخیل قبائل کی تاریخ اور شجرہ نسب ..........................................................................25

صافی قوم..........................................................................26

اتمانخیل قبائل ..........................................................................27

ب: ضلع مہمند کا تعارف ..........................................................................29

فصل سوم: ضلع مہمند کی ثقافتی روایات ..........................................................................34

مہمند عوام کے رسم و رواج اور تہذیب و ثقافت ..........................................................................35

باب دوم: مہمند قبائل کی رسومات کا اسلامی تناظر میں جائزہ ..........................................................................44

فصل اول: اسلامی تعلیمات سے ہم آہنگ رسومات..........................................................................44

(1) اَشَرْ یاحَشَرْ ..........................................................................44

شرعی جائزہ ..........................................................................44

(2) نَنَواتے..........................................................................45

شرعی جائزہ ..........................................................................45

(3) رُوغَہ (صلح یا فیصلہ)..........................................................................47

شرعی جائزہ ..........................................................................47

(4) وَڑُبَڑ(حق وباطل)....................48
شرعی جائزہ....................49
(5) ڈُزَبَند صُلح....................50
شرعی جائزہ....................51
(6) نَاغَہ....................52
شرعی جائزہ....................52
(7) بدرُگَہ....................55
شرعی جائزہ....................55
فصل دوم: اسلامی تعلیمات سے متصادم رسومات....................58
(1) عَزِیزوَلی....................58
شرعی جائزہ....................58
(2) وَلْوَرْ....................60
شرعی جائزہ....................60
(3) سُوَرَہ....................62
شرعی جائزہ....................62
(4) کُوشُوندَہ....................63
شرعی جائزہ....................64
(5) بَرآمتَہ....................65
شرعی جائزہ....................66
(6) لَشکَرِیالحکر....................68
شرعی جائزہ....................69
(7) تُوْر....................72
شرعی جائزہ....................72
(8) عُذرُ....................74
شرعی جائزہ....................74

باب سوم: غیر اسلامی رسومات اور ان کا تدارک.......................................................77
فصل اول: علماء اور دینی اداروں کا کردار ........................................................77
علماء سے انٹرویوز..........................................................................77
"علماء کی نظر میں بدعت ورسومات: اسباب، اثرات اور اصلاحی حکمت عملیاں" ..............................77
نتیجہ ........................................................................................96
فصل دوم: قبائلی مشران کا کردار ..................................................................97
مقامی مشران سے انٹرویوز ..................................................................97
"قبائلی مشران اور رسموں کی تدارک: ایک سماجی و دینی مطالعہ" ............................................97
نتیجہ ........................................................................................108
فصل سوم: عوام الناس کا کردار ..................................................................109
عوام الناس سے انٹرویوز ..................................................................109
"غیر اسلامی رسومات کے خلاف عوامی شعور اور اصلاحی ذرائع کا تجزیہ: ایک رائے شماری" ..................109
نتیجہ ........................................................................................127
نتائج..........................................................................................128
سفارشات ....................................................................................129
قرآنی آیات کی فہرست..........................................................................130
احادیث کی فہرست ..........................................................................132
مصادر ومراجع ..............................................................................134

# باب اول: ضلع مہمند–تاریخ، تعارف اور ثقافتی روایات

## فصل اول: موضوع کا تعارف

ہر قوم کے رسم ورواج اور تہذیب و ثقافت وقت کے ساتھ بدلتے رہتے ہیں۔ کسی معاشرے میں ان کا تغیر کوئی نقص نہیں، بلکہ یہ فطری امر ہے اور ترقی کی علامت بھی۔ ہر دور کے اپنے تقاضے ہوتے ہیں، اس لیے نہ تو ماضی کے تمام رسم و رواج سے غیر مشروط وابستگی دانشمندی ہے اور نہ ہی انہیں یکسر فرسودہ قرار دے کر ترک کرنا ترقی کا معیار، بلکہ عقلمندی یہ ہے کہ علم و شعور کی روشنی میں غیر مفید یا مضر رسم و رواج سے اجتناب کیا جائے اور عصری تقاضوں سے ہم آہنگ صحت مند اور مثبت روایات کو اپنایا جائے، تاکہ ایک متوازن معاشرہ تشکیل پا سکے۔

پاکستان میں مختلف اقوام بستے ہیں، جن کے اپنے مخصوص رسم ورواج ہیں۔ انہی میں سے ایک نمایاں ضلع مہمند ہے، جو خیبر پختونخوا کا ایک تاریخی اور ثقافتی اعتبار سے اہم خطہ ہے۔ زیرِ نظر مقالہ ضلع مہمند کی رسومات کا علمی جائزہ پیش کرتا ہے، جس میں ان رسوم کی اسلامی حیثیت کو جانچنے کی کوشش کی گئی ہے۔ اگر ان میں کوئی غیر اسلامی عناصر شامل ہیں تو ان کے جواز وعدم جواز پر تحقیقی بحث کی گئی ہے۔

### اہمیتِ موضوع:

یہ تحقیق ضلع مہمند کی رسومات کا فقہی و شرعی تجزیہ پیش کرتی ہے، تاکہ اسلامی اصولوں کے مطابق قابلِ قبول اور غیر شرعی روایات کی نشاندہی کی جا سکے۔ قبائلی معاشروں میں بعض روایات صدیوں سے رائج ہیں، جن میں سے کچھ اسلامی تعلیمات سے ہم آہنگ، جبکہ بعض متصادم ہو سکتی ہیں۔ اس مقالے میں مہمند قبائل کی رسوم کا فقہی اصولوں کی روشنی میں تجزیہ کیا گیا ہے۔

اس تحقیق کی اہمیت اس لیے ہے کہ اس میں ضلع مہمند لے کی رسومات کا جائزہ اسلامی تعلیمات کی روشنی میں لیا گیا ہے۔ اس کا مقصد صرف ان رسومات پر تنقید نہیں بلکہ ان میں اصلاح کے پہلو بھی دکھانا ہے، تاکہ لوگ اپنی روایات کو اسلام کے مطابق بہتر بنا سکیں۔ یہ تحقیق ان لوگوں کے لیے بھی فائدہ مند ہو گی جو مہمند قبائل پر مزید مطالعہ کرنا چاہتے ہیں، کیونکہ یہ ایک قابلِ اعتماد حوالہ بنے گی۔

### موضوع کا وجہ انتخاب:

ضلع مہمند جیسے قبائلی علاقوں میں رائج روایات اور رسومات ایک مضبوط سماجی حیثیت رکھتی ہیں، جو وقت کے ساتھ معاشرتی شناخت کا حصہ بن چکی ہیں۔ ان رسومات میں کچھ اقدار ایسی بھی ہیں جو بلاشبہ اسلامی اصولوں سے ہم آہنگ ہیں، تاہم ان میں بعض ایسے پہلو بھی شامل ہو چکے ہیں جو شریعتِ اسلامی کے بنیادی تصورات سے مطابقت نہیں رکھتے۔ یہی غیر مطابقت رکھنے والے عناصر معاشرتی بگاڑ، ناانصافی اور دینی شعور کی کمی کا سبب بن رہے ہیں۔ ایسی صورت حال میں ضرورت اس امر کی محسوس ہوئی کہ ان قبائلی رسومات کا تحقیقی جائزہ لیا جائے اور انہیں اسلام کے بنیادی ماخذ یعنی قرآن و سنت کی روشنی میں پرکھا جائے۔ اس تحقیقی کاوش کا مقصد نہ صرف ان غیر اسلامی عناصر کی نشاندہی ہے بلکہ معاشرتی اصلاح اور دینی بیداری کی طرف ایک مثبت قدم بھی ہے۔ انہی اسباب کی بنا پر اس عنوان کا انتخاب کیا گیا، تاکہ ایک اہم معاشرتی مسئلے کو علمی انداز میں اجاگر کیا جا سکے۔

**سابقہ کام کا جائزہ:**

پاکستان میں مختلف اقوام اور مختلف اضلاع کی رسومات پر کام ہوا ہے اور ان کا اسلامی جائزہ لیا گیا ہے، لیکن اسلامی نقطہ نظر سے ضلع مہمند کی رسومات پر کام تلاش کے باوجود میری نظر سے نہیں گزرا۔

مختلف رسومات پر کئے گئے کام کا مختصر جائزہ حسب ذیل ہے:

**1. ضلع گلگت میں شادی بیاہ کی رسومات اور ان کا شرعی جائزہ**

**مقالہ نگار: محمد** عباس **نگران: ڈاکٹر** فرہاد اللہ **یونیورسٹی:** ہائی ٹیک یونیورسٹی، ٹیکسلا

اس ایم ایس تحقیق میں گلگت کے شادی بیاہ کی رسومات کا تفصیلی ذکر کیا گیا ہے اور ان کا اسلامی جائزہ پیش کیا گیا ہے۔

**2. اسلامی تعلیمات کی روشنی میں جنوبی وزیرستان کے محسود قبائل کی رسومات**

**مقالہ نگار:** ذاکر اللہ **نگران:** ڈاکٹر منظور احمد اعوان **یونیورسٹی:** قرطبہ یونیورسٹی آف سائنس اینڈ انفارمیشن ٹیکنالوجی، ڈی آئی خان

اس مقالے میں محسود قبائل کی رسومات کا شرعی جائزہ لیا گیا ہے، جو مہمند قبائل کی رسومات سے کافی مختلف ہیں۔

**3. قبائل کی رسم و رواج اور اسلامی تعلیمات کا تقابلی جائزہ (خیبر ایجنسی کے حوالے سے)**

**مقالہ نگار:** نور مرجان **نگران:** ڈاکٹر نعیم بادشاہ بخاری **یونیورسٹی:** ایگریکلچر یونیورسٹی، پشاور

یہ ایم فل کا مقالہ ہے، جس میں خیبر ایجنسی کی قبائلی رسومات کا اسلامی تجزیہ کیا گیا ہے۔ اس تحقیق میں چند ایسی رسومات کا ذکر ہے جو مہمند قبائل میں بھی پائی جاتی ہیں، مگر مقالہ نگار نے انہیں قابل ذکر نہیں سمجھا۔

**4. بیٹنی قبائل کے رسم و رواج اسلامی شریعت کی روشنی میں**

**مقالہ نگار:** روزہ دین **نگران:** ڈاکٹر عطاء اللہ **یونیورسٹی:** گومل یونیورسٹی، ڈیرہ اسماعیل خان

اس تحقیق میں بیٹنی قبائل کی ثقافتی اور سماجی رسومات کا اسلامی نقطہ نظر سے جائزہ لیا گیا ہے۔

**5. پنجاب میں فوتگی کی رسومات پر شریعتِ اسلامیہ کی روشنی میں تحقیقی و تنقیدی جائزہ**

**مقالہ نگار:** زیتون فاطمہ **یونیورسٹی:** علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی

یہ ایم فل کا مقالہ ہے، جس میں پنجاب کے علاقے میں فوتگی سے متعلق رسوم و رواج کا مکمل جائزہ لیا گیا ہے۔ ان میں وہ رسومات شامل ہیں جو مہمند قبائل میں رائج نہیں ہیں۔

**6. آزاد کشمیر میں شادی بیاہ کی رسومات اور ان کے اثرات**

**مقالہ نگار:** آسیہ بی بی **نگران:** ڈاکٹر عبد الخالق خان **یونیورسٹی:** علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی

اس تحقیق میں آزاد کشمیر کے شادی بیاہ کے مخصوص رسومات اور ان کے سماجی و مذہبی اثرات پر بحث کی گئی ہے، چونکہ یہ تحقیق صرف شادی کی رسومات تک محدود ہے، اس لیے اس کا دائرہ مہمند قبائل کی عمومی رسومات سے مختلف ہے۔

**7 . آزاد کشمیر میں ماتم اور تعزیت کی رسومات**

**مقالہ نگار:** سلمیٰ اصغر **نگران:** ڈاکٹر علی اصغر چشتی **یونیورسٹی:** علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی

اس ایم فل تحقیق میں آزاد کشمیر میں رائج تعزیت اور ماتم سے متعلق روایات کا مطالعہ کیا گیا ہے۔

**8 . ضلع مردان میں شادی بیاہ کی رسومات کا شرعی و تحقیقی جائزہ**

**مقالہ نگار:** آصف کمال **نگران:** ڈاکٹر رحیم داد **یونیورسٹی:** عبدالولی خان یونیورسٹی

یہ ایم فل کا مقالہ ہے، جس میں ضلع مردان کی شادی کی رسومات کا شرعی جائزہ لیا گیا ہے۔

**تبصرہ:**

ان تمام تحقیقات میں مختلف قبائل اور علاقوں کی رسومات کا جائزہ لیا گیا ہے، مگر مہمند قبائل کی رسومات پر کوئی جامع تحقیقی کام نہیں ملا، بعض تحقیقات میں مہمند قبائل سے مشترک رسومات کا ذکر موجود ہے، مگر یہ ان تحقیقات کا بنیادی موضوع نہیں ہے۔ یہی خلا اس تحقیق کی اہمیت کو مزید واضح کرتا ہے، جو مہمند قبائل کی مخصوص رسومات کا براہ راست اسلامی تناظر میں جائزہ پیش کرتی ہے۔

**تحقیقِ خلاء:**

پاکستان کے مختلف اضلاع کی رسومات پر متعدد تحقیقی مقالہ جات لکھے جا چکے ہیں، تاہم ضلع مہمند کی رسومات پر شرعی نقطہ نظر سے کوئی جامع اور منظم تحقیق دستیاب نہیں، اسی خلاء کو پر کرنے کے لئے یہ مقالہ ترتیب دیا گیا ہے۔

**بیانِ مسئلہ:**

ضلع مہمند میں بعض ایسی ثقافتی رسومات ہیں جو اسلامی تعلیمات سے مطابقت نہیں رکھتیں اور بیشتر لوگوں کو ان رسومات کا اسلامی، غیر اسلامی ہونا معلوم نہیں، اور کچھ مذہبی رسومات بدعات کے زمرے میں آتی ہیں، جنہیں لوگ ثواب سمجھ کر اپنائے ہوئے ہیں۔ اس تحقیق کا مقصد ان رسومات کا شرعی جائزہ لینا اور غیر اسلامی عناصر کی نشاندہی کرنا ہے۔

**اہداف و مقاصد:**

1. شریعت کی رو سے ضلع مہمند کی رسومات کا جائزہ لینا۔
2. اسلامی تعلیمات کی روشنی میں ثقافتی تبدیلی کے لیے راہ ہموار کرنا۔
3. غیر اسلامی رسومات کے تدارک کے لئے علماء، قبائلی مشران اور عوام الناس کا کردار واضح کرنا۔

**تحقیقی سوالات:**

1. ضلع مہمند کے رہنے والے لوگوں میں مروجہ رسومات کون کون سی ہیں؟
2. ان مروجہ رسومات کی اسلامی تعلیمات کی روشنی میں کیا حیثیت ہے؟
3. غیر اسلامی رسومات کا تدارک کیسے ممکن ہے؟

## تحدید موضوع:

اس تحقیق میں ضلع مہمند کے قبائلی ماحول میں رائج ان رسومات کو موضوعِ مطالعہ بنایا گیا ہے جو مختلف سماجی و خاندانی مواقع پر اپنائی جاتی ہیں، مثلاً خون بہا کا طریقہ، روایتی صلح و جرگہ، تور و بر آمدہ جیسے مسائل اور دیگر علاقائی رسومات۔ اس مطالعے کا دائرہ ان رسومات تک محدود رکھا گیا ہے جن کا کسی نہ کسی انداز میں اسلامی تعلیمات سے تعلق یا ٹکراؤ پایا جاتا ہے۔ تاکہ یہ واضح ہو سکے کہ کون سی روایات اسلامی اصولوں کے مطابق ہیں اور کون سی ان سے انحراف پر مبنی ہیں۔ یہ مطالعہ صرف ضلع مہمند کے قبائلی سماج تک محدود ہے، دیگر قبائل یا شہری علاقوں کی رسومات اس میں شامل نہیں کی گئیں۔ علاوہ ازیں، وہ رسومات جو محض ثقافتی یا علامتی نوعیت کی ہیں، جن کا مذہبی یا قانونی اثر کم یا نہ ہونے کے برابر ہے، یا ان موضوعات پر مقالہ نگاروں نے کام کیا ہے، ان کو اس جائزے سے خارج رکھا گیا ہے۔

## منہج تحقیق :

1. یہ مقالہ ایک معیاری، بیانی، تحقیق پر مشتمل ہے جس میں بنیادی شرعی اصولوں کی روشنی میں موضوع کا جائزہ لیا گیا ہے۔

2: موضوع سے متعلق شرعی رہنمائی کے لئے بنیادی مصادر سے استفادہ کیا گیا ہے۔

3: یونیورسٹی فارمیٹ کے مطابق حوالہ جات ہر صفحے کے آخر میں سلسلہ وار درج کیے گئے ہیں۔

4: غیر ضروری طوالت و تکرار سے بچنے کی حتی الامکان کوشش کی گئی ہے۔

5: علاقائی لوگوں کے انٹرویوز کو شامل کیا گیا ہے۔

## مواد کی جمع وترتیب(ڈیٹا کلیکشن):

شرعی معلومات و استدلالات کی ترتیب و تدوین میں بنیادی مصادر و مراجع کی طرف رجوع کیا گیا ہے، البتہ بوقت ضرورت ثانوی مصادر سے بھی استفادہ کیا گیا ہے۔ اس تحقیق میں مواد کی جمع و ترتیب کے لیے متعدد علمی ذرائع کو بروئے کار لایا گیا ہے۔ بنیادی ماخذ کے طور پر قرآن کریم، احادیثِ نبویہ ﷺ، اور فقہی کتب سے رہنمائی حاصل کی گئی، تاکہ قبائلی رسومات کا اسلامی تعلیمات کی روشنی میں تجزیہ کیا جاسکے۔ ثانوی ذرائع میں مستند کتب، تحقیقی مقالات، جرائد، اور مقامی تاریخ پر مبنی مطالعات کو شامل کیا گیا۔ علاوہ ازیں، ضلع مہمند کے مختلف علاقوں میں رہنے والے افراد سے انٹرویوز، سوالنامے، اور مشاہداتی مطالعہ کے ذریعے بھی مواد جمع کیا گیا تاکہ زمینی حقائق پر مبنی فہم حاصل ہو سکے۔

جمع شدہ معلومات کو موضوع کے اعتبار سے منظم انداز میں ترتیب دیا گیا، جس میں پہلے رسومات کی وضاحت، پھر ان کا سماجی اثر، اور آخر میں اسلامی نقطۂ نظر سے ان کا جائزہ پیش کیا گیا۔ اس طریقۂ کار سے نہ صرف تحقیق میں تسلسل اور ترتیب برقرار رہی، بلکہ قاری کو موضوع کے تمام پہلوؤں کو بہتر انداز میں سمجھنے میں بھی آسانی ہوئی۔

## تحقیق اخلاقیات:

- مقالے میں آداب اختلاف رائے کے اصولوں کو ملحوظ رکھا گیا ہے۔
- مقالے میں مذکورہ قبیلے کا مکمل احترام ملحوظ ہے۔
- مقالے میں دیانت داری کے ساتھ ساتھ آراء کا تجزیہ کیا گیا ہے۔
- عبارت نقل کرنے میں ہر عبارت کا حوالہ دیا گیا ہے۔
- عربی اقتباسات نقل کرنے کے ساتھ ساتھ ترجمہ کا اہتمام بھی کیا گیا ہے۔

## ابواب بندی

### باب اول: ضلع مہمند–تاریخ، تعارف اور ثقافتی روایات

فصل اول: تعارف موضوع

فصل دوم: ضلعِ مہمند کی تاریخ و تعارف

فصل سوم: ضلع مہمند کی ثقافتی روایات

### باب دوم: مہمند قبائل کی رسومات کا اسلامی تناظر میں جائزہ

فصل اول: اسلامی تعلیمات سے ہم آہنگ رسومات

فصل دوم: اسلامی تعلیمات سے متصادم رسومات

### باب سوم: غیر اسلامی رسومات اور ان کا تدارک

فصل اول: دینی علماء اور علمی مراکز کا کردار

فصل دوم: مشران کا کردار

فصل سوم: عوام الناس کا کردار

# فصل دوم: قبائل مہمند کی تاریخ وتعارف

## الف: قبائل مہمند کی تاریخ

مہمند فارسی زبان کا لفظ[1] ہے۔ فارسی میں مہ اور ماہ کے معنی ہیں چاند، اونچائی، رتبہ اور مرتبہ۔ جبکہ مند ایک لاحقہ ہے جو مالک اور خاوند کے معنی میں استعمال ہوتا ہے۔ جیسے دولت مند دولت کا مالک، صحت مند صحت کا مالک وغیرہ۔ اس طرح مہمند کے معنی ہوئے چاند کی طرح خوبصورت اور اونچائی کا مالک یا اعلی مرتبے کا مالک۔ لیکن چونکہ مہمند قبیلہ ایک خالص پختون قبیلہ ہے اور پختو زبان میں اس قبیلے کا نام مہمند نہیں بلکہ مومند بولا جاتا ہے۔ اس لیے مہمند اہل قلم نے اب مہمند کو فارسی اور اردو تلفظ اور لہجے سے پشتو میں تبدیل کر کے مومند لکھنا شروع کیا ہے۔ لفظ مومند سے ملتے جلتے نام جیسے ماموند، مہمند خیل اور میوند بھی مشہور ہیں۔ ماموند باجوڑ ایجنسی میں ایک مشہور تحصیل اور ایک قبیلے کا نام ہے۔ میمن بھی سندھ میں رہائش پذیر ایک قبیلہ ہے۔ مہمند خیل بنوں کے قریب رہائش پذیر ایک چھوٹے سے قبیلے اور علاقے کا نام ہے۔ جبکہ میوند افغانستان وہ مشہور تاریخی مقام ہے۔

اس تفصیل اور وضاحت سے میرا مقصد یہ ہے کہ مہمند یا مومند کے تلفظ میں معمولی ردوبدل بھی دوسرے لوگوں کو غلط فہمی میں ڈال سکتی ہے۔ اس لیے مہمند یا مومند کو لکھنے، پڑھنے اور بولنے میں احتیاط کی ضرورت ہے۔

انگریزی کتاب (FATA) کے مصنف شیر محمد مہند اپنی کتاب کے صفحہ نمبر ۸۳ پر لکھتے ہیں مہمند خالصتاً افغانی ہیں۔ یہ ۱۴۰۰ عیسوی میں شمالی افغانستان سے آئے۔ اور دریائے کابل کے شمال میں سکونت اختیار کی۔[2]

انگریز مورخ H.C.WELLY اپنی کتاب The Borderland کے صفحہ نمر ۲۱ پر لکھتے ہیں 'مہمند دو شاخوں میں تقسیم ہیں۔ اپر مومند اور کوز مومند (Lower momand and upper momand)۔ یہ دونوں افغانوں کے غوریا خیل شاخ سے تعلق رکھتے ہیں یہ لوگ ترناک یا ترنگ اور ارغستان کے دریاؤں کے سرچشموں پہ مقیم تھے۔ وہاں سے ہجرت کر کے پندرہوں صدی کی شروع میں غزنی، کابل اور ننگرہار کے راستے ڈکہ تک آئے۔ یہاں سے کوز مومند وادی پشاور آئے۔ جبکہ بر مومند نے اصلی گندھارا (گندہاب) میں ڈیرے ڈالے۔ جس کے پہاڑوں میں ابھی تک مقیم ہیں۔ ان دونوں مہمندوں کی بہت سی قدریں آپس میں اب بھی مشترک ہیں۔[3]

اولف کیرو اپنی مشہور کتاب The pathan میں لکھتا ہے کہ سولہویں صدی کی ابتدائی نصف وادی پشاور میں غوریہ خیل قبائل کی بکثرت آمد کی ابتدا تھی[4]۔ آئیں اب درجہ بالا تاریخی روایات کی روشنی میں مہمند قوم کے اصلی وطن، ہجرت کے دور اور ہجرت کی وجوہات کا خلاصہ پیش کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ مہمند بابا افغانستان کے بادشاہ امیر یعقوب

---


[1] ڈاکٹر لطیف یوسفزئی، پختانہ قبائل او داغوی تاریخ، پشتو اکیڈمی، جامعہ پشاور (2003) 1/113

[2] شیر محمد مہمند، فاٹا، مکتبہ علمیہ پشاور (2006) 1/83

[3] H.C.WELLY, The Borderland,chapman and hall London ,(1908)1/21

[4] Olaf caroe ,The Pathans,oxford university press Karachi,(1983)

کے دور (یعنی نویں صدی عیسوی) میں زندہ تھے۔ مہمند بابا کا شجرہ نسب چھٹی پشت میں قیس ہیں۔ اولف کیرو کی The Pathan میں مہمند کا شجرہ نسب کچھ یوں ہے۔[1]




شجرہ نسب میں ہم نے قیس کے صرف ان بیٹوں کا شجرہ دیا جن کی اولاد میں مہمند آتا ہے۔ کیونکہ دیگر بیٹوں کے ناموں کی تفصیل یہاں ضروری نہیں۔ اس میں بھی ہم نے صرف وہ شجرہ نسب لکھا جس پر اکثر مورخین متفق ہیں اور جسے ہم درست سمجھتے ہیں۔

## مہمند قبائل اور ان کے شجرے

مہمند بابا کے بعد موجودہ دور تک مہمند اقوام کا تذکرہ کیا جائے۔ جو آج نہ صرف پاکستان میں ایک پورے ضلع کے مالک ہیں۔ نہ صرف ضلع سے باہر کئی اضلاع اور بڑے بڑے شہروں میں زراعت و تجارت پر چھائے ہوئے ہیں بلکہ پڑوسی ملک افغانستان کے کئی اضلاع اور شہروں میں بھی ایک باوقار قبیلے کے طور پر اہم قبائلی منصب پر فائز ہیں۔

محترم میر اجان سیال نے مومند بابا کے بیٹوں کے جو نام اور پھر انکے شجرے لکھے ہیں۔ کوششوں کے باوجود اسکا تعلق نہ تو موجودہ مہمند اقوام سے جوڑا جا سکتا ہے نہ ہی W.R.H.Merk اور H.C.Welly جیسے ثقہ مورخین کی آرا سے اسکی کوئی مطابقت ہے۔ پھر بھی میں سیال صاحب کی کتاب "مومند بابا" سے اس شجرہ ہائے نسب کا خلاصہ، جوں کے توں پیش کرتا ہوں جو انہوں نے کتاب کے آخر میں صفحہ نمبر 149 پر دیا ہے۔

---

[1] Olaf caroe ,The Pathans,oxford university press Karachi,(1983)1/123

(الف) مومند بابا کے گیارہ بیٹے ہیں: ۱- کالا ۲- یعقوب ۳- حسن ۴- مندو ۵- عمر ۶- ملی ۷ تیرک یا نزل -۸- شجاع یا شی زی -۹- کوکو ۱۰ موسی 11 -معیار

(ب) موسی ازی کی اولاد ہیں: ۱- تاجو ۲- عیسی زے ۳۔ علی زے ۴۔ بایزے ۵۔ خویزے ۶۔ عثمان زے یا وتمانزے۔

اور حیدر زی کی اولاد ہیں: ۱- تاجو -۲- عمر -- بھائی ۴- حاجی اور عیسی زی کی اولاد ہیں ا۔ ترک ۲۔ حلیم۔ جبکہ علی زی کی اولاد میں ا۔ بابا یا سیپا ۲- عثمان -۳ نظر اور ۴- ماما شامل ہیں۔ اور خویزی کی اولاد میں 1 وتمانزے -۲- اکازے ۳۔ حبیب زے اور ۴۔ دویزے شامل ہیں۔ اور اتمانزی یا عثمانزی کی اولاد میں 1 کوردین ۲- مہدین -۳- سروزے اور ۴۔ ابوزے شامل ہیں۔[1]

یہ تھا سیال صاحب کا لکھا ہوا کتابی مومند نامہ۔ اس شجرہ نسب میں اتنی فاش غلطیاں کی گئی ہیں کہ اس کا زمینی حقائق سے دور کا بھی تعلق نہیں اور سیال صاحب جیسی شخصیت سے اس کی توقع بھی نہ تھی۔ مومند بابا پڑھتے ہوئے انسان شک میں مبتلا ہو جاتا ہے کہ یا تو مصنف کسی اور دنیا میں بیٹھ کر مومند قبائل کا شجرہ نسب لکھتا ہے یا پھر اس نے ارادتاً ان شجرہ ہائے نسب کو اتنا پیچیدہ اور گنجلک بنا دیا ہے۔ کہ کسی بھی مومند جوان کو اپنا شجرہ نسب معلوم کرنے کیلئے کسی ماہر نجومی یا قیافہ شناس کی مدد کی ضرورت محسوس ہو گی۔ سیال صاحب سے بہت پہلے مستند انگریز مورخین نے اسے وضاحت کے ساتھ تحریر بھی کیا ہے۔ اولاً یہ کہ سیال صاحب نے مومند بابا کے گیارہ بیٹے بیان کیے ہیں۔ ان کے نام بھی لکھے ہیں۔ لیکن حقیقت یہ ہے کہ ان میں سے کسی بھی بیٹے کے نام سے آج کوئی بڑا قبیلہ موجود نہیں۔ اگر مومند بابا کے پوتوں اور پڑپوتوں سے (بقول سیال صاحب) بڑے بڑے قبیلے جیسے خویزئی، بائزئی، ترک زئی اور حلیم زئی وغیرہ بن سکتے ہیں تو ان کے بیٹوں کالا، یعقوب اور موسی وغیرہ کے نام سے کیوں نہیں۔

ثانیاً یہ کہ سیال صاحب نے اتمانزی کو خوئزی اور بائزی کا بھائی بنایا ہے اور یہ تینوں موسی زئی کی اولاد یعنی مہمند بابا کے نواسے بیان کیے ہیں۔ جبکہ ترک زئی اور حلیمزئی کو خویزئی، بیزئی اور اتمانزئی کے بھتیجے یعنی عیسی زئی کی اولاد میں شامل کی اہے۔ مگر تاریخی ثبوت وروایات اس کی تردید کرتے ہیں۔

ثالثاً یہ کہ آپ نے دویزے کو خویزی کی اولاد میں شامل کیا ہے۔ اور یہاں پھر اتمانزی کو دویزی کا بھائی اور خویزی کا بیٹا بیان کیا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ میں ان پہیلیوں میں مزید الجھنے کی بجائے قارئین سمیت آگے بڑھتا ہوں تاکہ ذہنی یکسوئی کے ساتھ واضح سفر کیا جاسکے۔ مہمند کو عام طور پر دو حصوں میں منقسم سمجھا جاتا ہے۔ یعنی کوز مومند اور بر مومند۔ یا مومند پایاں و مومند بالا۔ لیکن یہ کوز اور بر مومند کی اصطلاح بھی مختلف ادوار میں مختلف معنوں میں مستعمل ہے۔ مثلاً انگریز دور میں کوز مومند سے مراد وہ تمام مومند تھے جن کا انگریزوں کے ساتھ کسی نہ کسی طریقے سے کوئی رابطہ اور تعلق تھا۔ یا جو ان سے الاؤنس و مواجب لیتے تھے۔ اس دور میں کوز مومند میں برٹش علاقہ میں رہائش پذیر مومندوں کے علاوہ علاقہ خود مختار مومند کے ترکزئی، برہانخیل، عیسی خیل، دویزئی، اتمانزیی حتی کہ حلیمزیی بھی شامل تھے۔ جبکہ بر

[1] سیال، میراجان، مہمند بابا، یونیورسٹی بک شاپ پشاور (2002) 149/1

مومند میں بائزئی، خویزئی اور ترکزئی کی شاہ منصور خیل شاخ (جو لاپورہ میں مقیم تھے) شامل سمجھے جاتے تھے۔ ایک انگریز مورخ H.C.Welly نے صرف وادی پشاور میں مقیم مومندوں کو کوز مومند لکھا ہے اور ان کی درجہ ذیل پانچ شاخیں بیان کی ہیں۔ (۱) متی، (۲) مسیزی (۳) سرگنی، (۴) دویزی اور (۵) گاگیزی یا کاکیزی۔[1] جبکہ موجودہ دور میں کوز مومند اور بر مومند کو عوامی اور سرکاری طور پر الگ الگ معنوں میں استعمال کیا جاتا ہے۔ عوامی سطح پر ان تمام مومندوں کو کوز مومند کہا جاتا ہے جو مہمند ایجنسی سے باہر علاقہ کسی بھی ضلع میں رہائش پذیر ہیں۔ مثلا ضلع پشاور کے گرد و نواح میں بہادر کلے، تہکال، لنڈی ارباب، باڑہ، فقیر آباد، مھمند آباد، وغیرہ کے لوگ، ضلع چارسدہ، ضلع مردان، ضلع صوابی اور ضلع نوشہرہ کے مختلف دیہات اور بازاروں میں رہائش پذیر وہ ہزاروں بلکہ لاکھوں مومند جن میں سے اکثریت کا اپنے آبائی علاقے یعنی مومند ایجنسی سے رابطہ اور تعلق کسی نہ کسی شکل (دستاویزی، عزیز ولی یا غمی خوشی میں آمد و رفت) میں ابھی تک بر قرار ہے۔ لیکن ہزاروں کی تعداد میں ایسے مومند بھی ہیں جن کا اب مومند ایجنسی سے یا وہاں مقیم اپنی قوم سے کوئی تعلق نہیں ۔ موجودہ دور میں سرکاری سطح پر بر مومند اور کوز مومند یا Upper and Lower Mohmands سے مراد وہ انتظامی تقسیم ہے جس کے مطابق پوری مہمند ایجنسی انتظامی لحاظ سے دو سب ڈویژن یعنی اپر مہند اور لوئر مہندی کو مہمند میں منقسم ہیں۔ کوز مومند یا لوئر سب ڈویژن میں ترکزی، برہانخیل عیسی خیل، دویزئی اور اتمانزئی کے علاوہ تحصیل امبار اور پڑانگ غار کے تمام اتمانخیل اقوام بھی شامل ہیں۔ جبکہ اپر مہمند میں بائیزئی، خویزئی اور حلیمزئی کے علاوہ صافی اور شنواری وغیرہ بھی شامل ہیں۔[2]

مہمند اقوام کا شجرہ لکھنے سے پہلے یہ بتانا ضروری ہے کہ یہاں اقوام کی تفصیلات لکھی جارہی ہے۔ خواہ وہ قوم کسی شخصیت کے نام سے مشہور ہو کسی مقام یا گاوں کے نام سے یا اس کا وجہ تسمیہ کوئی اور ہو۔ یہاں شجرہ سے مراد لازما بیٹا، باپ، دادا اور پھر پر دادا نہیں۔ بلکہ مہمند بابا سے لیکر آج تک جتنی قومیں آپکی نسل سے بن چکی ہیں۔ میں ان تمام کو شجرہ نسب کی طرح ایک ٹیبل (خاکہ) میں پیش کر رہا ہوں۔ یہ بتانا بھی ضروری ہے کہ ان تفصیلات کیلئے میں نے تاریخی کتابوں کے علاوہ متعدد بزرگوں سے بھی مدد لی ہے۔ ان کتابی اور زبانی معلومات سے اخذ کردہ تاریخ پیش خدمت ہیں۔ مہمند ایجنسی میں چھ بڑے بڑے قبیلے (اقوام) آباد ہیں۔ یعنی ترکزئی، بائیزئی، حلیمزئی، خویزئی، صافی اور اتمانخیل۔ ان میں اول الذکر چار مہمند قبیلے ہیں۔ جبکہ موخر الذکر دو ملحقہ قبیلے کہلاتے ہیں۔ یعنی صافی اور اتمانخیل نسلا مہمند نہیں۔ صرف مہمند ایجنسی میں رہتے ہیں۔ اس لیے ان دو قبیلوں کا ذکر بعد میں الگ کیا جائیگا۔


آیئے اب ایک ٹیبل کی شکل میں ان قبیلوں کی تفصیلات ملاحظہ کریں۔

---


[1] H.C.WELLY, The Borderland,chapman and hall London ,(1908)1/25

[2] www.pbscensus.gov.pk. *According to 2023 report by Pakistan Bureau of statistics, The discussion encompasses all elements, each substantiated with precise and credible references.*


## ترکزئی قوم کا شجرہ





## حلیمزئی قوم کا شجرہ



## خویزئی قوم کا شجرہ




## بیزئی قوم کا شجرہ




## ملحقہ قبیلے




## صافی و اتمانخیل قبائل کی تاریخ اور شجرہ نسب

اکثر مورخین پختونوں کے جد اعلیٰ قیس عبدالرشید کے تین بیٹے تسلیم کرتے ہیں۔ یعنی سڑ بن بیٹن اور غور غشت۔ یہی مورخین کرلان کو ایک بے بنیاد فرضی کہانی کے ذریعے لاوارث بچہ کہ کر اس کی پوری نسل کو حقیقی پختونوں کی نسل سے خارج کرتے ہیں۔[1] اگر ہم اس بے بنیاد کہانی کو تسلیم کر لیں تو پھر ہمیں آج ان مایہ ناز پختون قبیلوں سے ہاتھ دھونا پڑے گا جو نہ صرف یہ کہ وہ خود کو حقیقی پختون کہتے ہیں بلکہ ان میں دیگر پختون قبائل کی طرح وہ تمام صفات بدرجہ اتم

[1] براتی، نعمت اللہ براتی، مخزن افغانی، مغل سلطنت لاہور، (1865) 1/87

موجود ہیں جو پختونوں کی شان سمجھے جاتے ہیں۔ کرلان کی اولاد میں داوڑ، وزیر محسود یا مسعود، آفریدی، خوگیانی، منگل، خشک، بنگش، گریز، اورکزئی، دلہ زاک اور اتمانخیل جیسے نامی گرامی پختون قبیلے شامل ہیں۔ جن کے پختون ہونے پر ہم بجا طور پر فخر کر سکتے ہیں۔ اگر ہم ان قبیلوں کو پختون سمجھتے ہیں تو ہمیں کرلان کو لاوارث بچہ نہیں بلکہ قیس کا چوتھا بیٹا تسلیم کرنا ہوگا۔ جیسے سیال صاحب اور چند دیگر مورخین بھی قیس کا چوتھا بیٹا تسلیم کرتے ہیں۔[1] جو ایک حقیقت ہے۔ اس باب میں ہم اس مسئلے پر مزید بحث کے متحمل نہیں ہو سکتے۔ کیونکہ پھر بات طویل ہو کر دوسری طرف چلی جائیگی۔

اس مختصر وضاحت کا مقصد یہ تھا کہ قارئین کو ضلع مہمند میں رہائش پذیر غیر مہمند اقوام جیسے اتمانخیل اور صافی کی تاریخ اور شجرہ نسب سے آگاہ کیا جا سکے۔

اس مختصر وضاحت کے بعد ہم کہہ سکتے ہیں کہ قیس کے چار بیٹے تھے۔ یعنی سربن، بیٹن، غورغشت اور کرلان۔ مہمند قبیلہ سڑبن کی اولاد میں سے ہے۔ صافی قبیلہ کا تعلق غورغشت نسل سے ہے۔ جبکہ اتمانخیل کا تعلق کرلان سے ہے۔ مہمند قبائل کے متعلق تمام تفصیلات گزشتہ صفحات میں گزر چکی ہیں۔ اس سے پہلے کہ ہم یہاں صافی اور اتمانخیل قبائل کے شجرے لکھیں، ان تمام قبائل کا تاریخی پس منظر مختصر ملاحظہ کریں۔

## صافی قوم:

دیگر پختون قبائل کی طرح یہ لوگ بھی اپنے آبائی علاقے سابقہ گندہارا (جس میں ضلع مہمند کا موجودہ علاقہ بھی شامل ہے) میں آباد ہیں۔ آج کل یہ لوگ ضلع مہمند کے اپر مہمند سب ڈویژن میں کمالی کے علاقہ درواز گئی سے لیکر ضلع کی آخری سرحدات محمد گٹ اور چھپر کنڈ تک ایک وسیع میدانی علاقے میں آباد ہیں۔ صافی قبائل کے شمال کی طرف باجوڑ۔ مغرب کی طرف بائیزئی، جنوب کی طرف حلیمزئی جبکہ مشرق کی طرف دویزئی آباد ہیں۔[2]


جہاں تک صافی قبائل کے شجرہ نسب کا تعلق ہے تو ہم پہلے بھی عرض کر چکے ہیں کہ ان کا تعلق قیس کے تیسرے بیٹے غورغشت کی اولاد سے ہے۔ ہم یہاں قیس سے صافی تک صرف سادہ شجرہ اس طرح لکھیں گے جس میں غیر متعلقہ قبیلے نہیں ہوں گے۔ یعنی صرف ان قبیلوں کا ذکر کیا جائیگا جن کی اولاد میں صافی آتے ہیں۔ جس طرح ہم نے تاریخ مہمند میں بھی لکھا ہے۔ صافی کا یہ شجرہ اولف کیرو کی (دی پٹھان) میں کچھ اس طرح ہے[3]:


---

[1] سیال، میر اجان، مہمند بابا، یونیورسٹی بک شاپ پشاور (2002) 1/125

[2] www.pbscensus.gov.pk. *According to 2023 report by Pakistan Bureau of statistics, The discussion encompasses all elements, each substantiated with precise and credible references.*

[3] Olaf caroe ,The Pathans,oxford university press Karachi,(1983)1/45




## اتمانخیل قبائل:

اتمانخیل قبیلہ ایک قدیم پشتون قبیلہ ہے جو گزشتہ کئی صدیوں سے موجودہ مہمند، ملاکنڈ اور باجوڑ کے سنگم پر آباد ہے۔ تاریخ کے مختلف ادوار میں یہ قبیلہ مختلف علاقوں میں آباد رہا، لیکن موجودہ وقت میں ان کی اکثریت مہمند ایجنسی کے مختلف علاقوں میں بستی ہے، جب کہ ایک بڑی تعداد ملاکنڈ اور باجوڑ میں بھی مقیم ہے۔ اتمانخیل آبادی کے لحاظ سے ایک قابلِ ذکر قبیلہ ہے، تاہم ماضی میں دیگر قبائل کی نسبت ان کی سماجی اور تعلیمی ترقی کی رفتار سست رہی ہے۔ اس کی ایک بڑی وجہ یہ رہی کہ کچھ عرصہ قبل تک ان کی دوسرے علاقوں تک رسائی محدود تھی، جس کے باعث ان کا بیرونی دنیا سے تعلق کمزور رہا، اور یوں جدید تہذیبی و تعلیمی رجحانات ان تک دیر سے پہنچے۔

تاہم حالیہ چند برسوں میں اتمانخیل کے علاقے میں تبدیلی کا عمل شروع ہوا ہے۔ حکومت کی توجہ اور علاقے میں پائی جانے والی قدرتی معدنیات جیسا کہ ماربل کی دریافت کے نتیجے میں یہاں ترقیاتی سرگرمیوں کا آغاز ہوا ہے۔ سڑکوں

کی تعمیر، تعلیمی اداروں کے قیام، اور طبی مراکز کے قیام نے اس علاقے کے لوگوں کو بھی جدید دور کے ثمرات سے متعارف کروایا ہے۔ اب یہ قبیلہ رفتہ رفتہ مہمند ایجنسی کے دیگر قبائل کے ساتھ معاشرتی، تعلیمی اور معاشی میدان میں ہم قدم ہو رہا ہے، اور امید کی جاتی ہے کہ آنے والے وقت میں ان کے حالات مزید بہتر ہوں گے۔


اتمانخیل کی تاریخی پس منظر پر اگر نظر ڈالی جائے تو انگریز مؤرخ H.C. Wylly نے اپنی کتاب The Borderland کے صفحہ 144 پر لکھا ہے کہ یہ قبیلہ ماضی میں کوہِ سلیمان کے شمال مغربی علاقوں میں آباد تھا اور بعد ازاں یوسف زئی قبیلہ کے ساتھ مشرق کی طرف ہجرت کر کے موجودہ علاقوں میں سکونت پذیر ہوا۔ ان کے طرزِ زندگی میں روایتی اقدار اور پشتون روایات کا گہرا رنگ جھلکتا ہے۔ وہ قبائلی جمہوریت اور مشاورت کے اصولوں کے قائل ہیں، اور جرگہ سسٹم ان کے معاملات کے حل میں بنیادی کردار ادا کرتا ہے۔ یہ قبیلہ سادگی، مہمان نوازی اور روایتی پشتون غیرت جیسے اوصاف کا حامل ہے۔ اگرچہ ترقی کی دوڑ میں ان کی پیش رفت سست رہی ہے، تاہم موجودہ حالات میں ان کی کوششیں امید افزا ہیں اور وہ وقت دور نہیں جب اتمانخیل بھی اپنے علاقے میں تعلیمی، سماجی اور معاشی میدانوں میں نمایاں مقام حاصل کرلے گا۔[1]

جبکہ اولف کیرو اپنی کتاب دی پٹھان کے اردو ترجمہ صفحہ نمبر ۲۴۵ اور صفحہ نمبر ۲۵۶ پر رقمطراز ہیں اتمانخیل قبائل نے یوسف زئیوں کے ساتھ ہمسائیوں کی حیثیت سے اس وقت ہجرت کی جب الغ بیگ نے ایک بڑی ضیافت میں ۷۰۰ یوسف زئی ملکان کو قتل کر دیا اور یوسف زئی ہجرت پر مجبور ہو گئے قتل عام کا یہ واقعہ 1480 اور 1490 کے درمیان ہوا ہے۔ ان لوگوں (یوسف زئی، اتمانخیل اور محمد زئی) نے یہاں آکر دلہ زاکوں سے زمینیں چھین لیں۔ بعد میں جب شیخ ملی یوسف زئی محمد زئی، گدون، گگیانی اور اتمانخیل پر زمینیں تقسیم کر رہا تھا۔ تو اتمانخیل اور گدون کو جو صرف مزارع تھے، شمال کا پہاڑی علاقہ ملا۔ شروع میں اس قبیلہ کو نہ صرف امبار دیا گیا تھا۔ جس میں آج کل بھی یہ آباد ہیں، بلکہ سوات اور میدانی علاقہ کے درمیان وہ وسیع پہاڑی علاقہ بھی ملا تھا۔ بعد میں جب سولہویں صدی میں خٹک قبیلہ نے سر ابھارا تو یہ ترتیب بگڑ گئی اور اب کاٹلنگ کے شمالی میدان میں اس قبیلہ کے صرف پانچ چھوٹے چھوٹے گاوں رہ گئے ہیں۔[2] آیئے اب قیس سے لیکر اتمانخیل تک اسی طرح سادہ اور پھر اتمانخیل کے تمام اقوام کا تفصیلی شجرہ نسب ملاحظہ کریں۔

---

[1] H.C Wylly,The Border Land,Macmillan and Co London,(1912)1/144

[2] Olaf caroe ,The Pathans,oxford university press Karachi,(1983)1/245،256




## ب: ضلع مہمند کا تعارف

**مہمند کا جغرافیہ:** ضلع مہمند کی اہمیت اسکی جغرافے پر منحصر ہے۔ مہمند ایجنسی افغانستان کیساتھ طویل سرحد کے علاوہ تین ضلعوں (باجوڑ، خیبر اور ملاکنڈ) اور دو اضلاع (پشاور اور چارسدہ) کے درمیان دل کی مانند مرکزی حیثیت رکھتی ہے۔ مہمند ایجنسی کے جنوب مشرق کی طرف ضلع پشاور جنوب مغرب کی طرف خیبر ایجنسی (دریائے کابل) مغرب کی طرف افغانستان، شمال کی طرف باجوڑ ایجنسی، شمال مشرق کی طرف ملاکنڈ ایجنسی جبکہ مشرق کی طرف چارسدہ واقع ہے۔[1]




**رقبہ و آبادی:** مہمند ایجنسی کا کل رقبہ ۲۲۹۶ مربع کلو میٹر ہے۔ ایجنسی کے سات تحصیلوں میں یکہ غنڈ، حلیمزئی، پنڈیالئی، صافی، پڑانگ غار، امبار اور اپر مہمند شامل ہیں۔ ان تحصیلوں کی الگ الگ آبادی درجہ ذیل ہیں۔

[1] Mohmand Agency https://g.co/kgs/y185hLz

## Mohmand District[1]

Mohmand District is part of the Peshawar Division in Khyber Pakhtunkhwa, Pakistan. Established as an agency in 1951, it remained within the Federally Administered Tribal Areas until the 2018 merger with Khyber Pakhtunkhwa, when it was redesignated as a district. Mohmand is bounded by Bajaur District to the north, Khyber District to the south, Malakand and Charsadda districts to the east, and Peshawar District to the southeast.

Mohmand District is currently subdivided into 7 Tehseel:

| **Tehsil** | **Area (km²)** | **Pop. (2023)** | **Density (ppl/km² (2023)** | **Literacy rate (2023)** |
|---|---|---|---|---|
| Ambar | 273 | 79,455 | 291.04 | 21.71% |
| Halim Zai | 211 | 89,149 | 422.51 | 45.18% |
| Pindiali | 454 | 112,247 | 247.24 | 29.11% |
| Pran Ghar | 257 | 36,046 | 140.26 | 35.46% |
| Safi | 322 | 109,620 | 340.43 | 26.21% |
| Upper Mohmand | 513 | 63,659 | 124.09 | 21.62% |
| Yake Ghund | 266 | 63,757 | 239.69 | 41.38% |


[1] www.pbscensus.gov.pk. *According to 2023 report by Pakistan Bureau of statistics, The discussion encompasses all elements, each substantiated with precise and credible references.*

# Mohmand District


ضلع مہمند

District of Khyber Pakhtunkhwa

## Demographics



Top: Nahqi Valley



| Historical population | | |
|---|---|---|
| **Year** | **Pop.** | **±% p.a.** |
| **1951** | 129,300 | — |
| **1961** | 294,215 | +8.57% |
| **1972** | 382,922 | +2.42% |
| **1981** | 163,933 | −9.00% |
| **1998** | 334,453 | +4.28% |
| **2017** | 474,345 | +1.86% |
| **2023** | 553,933 | +2.62% |

According to the 2023 census,Mohmand District comprises 63,973 house holds with a Total population of 553,933. The district's sex ratio stands at 103.24 males for every 100 females. The overall literacy rate is 31. 28 %, with male literacy at 46.85 % and female literacy at 15.10%. Approximately 191,753 individuals,representing 34.62% of the population, are below 10 years of age. The entire population resides in rural areas. There are 1,592 people (0.29% of the population) belonging to religious Minorities , primarily Christians. Pashto is the dominant language, spoken by 99.80% of the residents.

| | |
|---|---|
| **Province** | Khyber Pakhtunkhwa |
| **Division** | Peshawar |
| **Established** | 1951 (as an agency of Federally Administered Tribal Areas) |
| **Headquarters** | Ghalanai |
| **Number of Tehsils** | 7 |
| **Density •** | 240/km$^2$ (620/sq mi) |
| **Urban •** | 0 |
| **Rural •** | 553,933 |
| | **Literacy**[2] |
| **Literacy rate •** | **Total:** 31.28% **Male:** 46.85% **Female:** 15.10% |
| **Time zone** | UTC+5 (PST) |
| **Main language(s)** | Pashto |

**War on Terror**

Despite its appeal to tourists, Mohmand District has long been affected by conflict between the Pakistan Army and various militant groups. On September 16, 2011, security forces successfully cleared about ninety percent of the district from militant elements, restoring normalcy and initiating development projects. By 2012, the Pakistan Army announced complete control over the area, de-notified it as a conflict zone, and handed over its security to the Frontier Corps. However, sporadic terrorist attacks from across the Pakistan–Afghanistan border continue to threaten peace in the region[1].

[1]www.pbscensus.gov.pk. *According to 2023 report by Pakistan Bureau of statistics, The discussion encompasses all elements, each substantiated with precise and credible references.*

# فصل سوم: ضلع مہمند کی ثقافتی روایات

## تمہید:

رسوم ورواج کسی بھی معاشرے کی ثقافتی اور تہذیبی شناخت کا ایک اہم جزو ہوتے ہیں۔ یہ نہ صرف معاشرتی زندگی کی نمائندگی کرتے ہیں بلکہ قوموں کے اجتماعی رویوں، اخلاقی قدروں، مذہبی رجحانات اور طرزِ زندگی پر بھی گہرا اثر ڈالتے ہیں۔ ہر قوم کے رسم و رواج اس کی تہذیب، معیشت، جغرافیہ، تاریخ اور مذہب سے جُڑے ہوتے ہیں، اور انہی بنیادوں پر ان کی تشکیل اور بقا ممکن ہوتی ہے۔ ان روایات کی جڑیں ماضی کے ایسے عوامل میں پیوست ہوتی ہیں جو وقت کے ساتھ ساتھ رواج کی شکل اختیار کر لیتی ہیں۔ یہ روایات عموماً دو بنیادوں پر مبنی ہیں: ایک معاشرتی دباؤ اور دوسرا مذہبی جوش و جذبہ۔ کبھی ایسا ہوتا ہے کہ ایک مخصوص وقت میں ایک خاص کام کسی ضرورت یا حالات کے پیشِ نظر کیا جاتا ہے، جو وقتی طور پر فائدہ مند معلوم ہوتا ہے۔ وقت کے ساتھ وہ عمل روزمرہ کا حصہ بن جاتا ہے، یہاں تک کہ وہ روایت کا رنگ اختیار کر لیتا ہے اور پھر پورے معاشرے میں قبولیت حاصل کر لیتا ہے۔ رفتہ رفتہ یہی عمل ایک ایسی رسم بن جاتا ہے جسے چھوڑنا ممکن نہیں رہتا، چاہے وہ وقت کی ضرورت نہ بھی ہو۔ اسی طرح بعض اوقات معاشروں میں ایسے افعال رواج پاتے ہیں جو ابتدا میں مذہبی جذبے کے تحت کیے جاتے ہیں، مگر ان کی اصل بنیاد دین میں نہیں ہوتی۔ لوگ بعض دیگر مذاہب یا اقوام کی رسومات سے متاثر ہو کر ایسے کام شروع کر دیتے ہیں جنہیں وہ دینی رنگ دینے کی کوشش کرتے ہیں۔ رفتہ رفتہ ان افعال کو اتنی قبولیت مل جاتی ہے کہ وہ مذہبی ضرورت کے طور پر اپنائے جانے لگتے ہیں، حالانکہ ان کا حقیقی دین سے کوئی تعلق نہیں ہوتا۔ یہ بات بھی قابلِ توجہ ہے کہ رسم ورواج میں خیر اور شر دونوں پہلو شامل ہو سکتے ہیں، لیکن معاشرہ اکثر ان میں فرق کیے بغیر ہر رسم کو اپناتا چلا جاتا ہے۔ یہی وہ نکتہ ہے جو کسی بھی تہذیب کے زوال کا سبب بن سکتا ہے، کیونکہ جب روایت محض اندھی تقلید بن جائے اور اس میں خیر وشر کی تمیز باقی نہ رہے تو معاشرہ اپنے اصولوں سے دور ہو جاتا ہے۔ لہٰذا ضروری ہے کہ رسوم کو پرکھنے اور ان کی نوعیت کو سمجھنے کا شعور پیدا کیا جائے، تاکہ وہی روایات زندہ رہیں جو انسانیت اور دین کے مطابق ہوں۔[1]

دنیا کی تاریخ کا کوئی بھی دور ایسا نہیں گزرا جس میں انسانی معاشروں میں رسوم و رواج کا کردار نظر نہ آیا ہو۔ ہر تہذیب، ہر قوم، اور ہر قبیلہ اپنی زندگی کے مختلف مراحل میں کچھ مخصوص روایات و رسومات کا پابند رہا ہے، جنہیں وہ اپنے تمدنی اور ثقافتی ورثے کا لازمی جزو سمجھتا تھا۔ اگر ہم انبیاء علیہم السلام کی طرف سے متعارف کردہ آسمانی شریعتوں کا مطالعہ کریں تو معلوم ہوتا ہے کہ ان کا اصل ہدف انسانی معاشروں کی اصلاح، تہذیب وتربیت اور اخلاقی ارتقاء تھا۔ ان آسمانی ہدایات میں بھی

[1] خان، ڈاکٹر محمد افضل۔ اسلام اور رسوم ورواج: ایک تحقیقی و تنقیدی جائزہ، ادارہ معارف اسلامی، لاہور (2012) 1/9

بعض ایسی رسموں کو قبولیت ملی جو نہ صرف معاشرتی فلاح سے ہم آہنگ تھیں بلکہ عقل و فطرت کے تقاضوں کے مطابق بھی تھیں۔ جب نبی آخرالزماں حضرت محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو آخری الٰہی شریعت عطا ہوئی تو اس میں بھی عرب معاشرے کی چند پاکیزہ اور مثبت روایات کو باقی رکھا گیا اور ان پر عمل کرنے کی ترغیب دی گئی۔ مثلاً مہمان نوازی، ایفائے عہد، صلہ رحمی، مظلوم کی مدد اور وعدے کی پاسداری جیسی قدریں اسلامی تعلیمات میں شامل ہو گئیں اور ان پر عمل کرنے کو باعثِ ثواب قرار دیا گیا۔ ان سے معلوم ہوتا ہے کہ اسلام نے رسوم ورواج کے باب میں نہ تو سراسر انکار کی راہ اپنائی اور نہ ہی اندھی تقلید کو قبول کیا، بلکہ عقل، فطرت اور شریعت کے اصولوں کی روشنی میں ہر رسم کا جائزہ لیا۔

## مہمند عوام کے رسم ورواج اور تہذیب وثقافت:

رسم رواج اور تہذیب وثقافت زمانے کے ساتھ ساتھ بدلتے رہتے ہیں رسم ورواج میں تبدیلی کسی قوم یا معاشرے کی خامی نہیں۔ بلکہ رسم ورواج میں یہی بندریج تبدیلیاں ہی ترقی کا مظہر ہوتی ہیں۔ کیونکہ ہر دور کے اپنے تقاضے ہوتے ہیں۔ اسلئے میرے خیال میں نہ تو اپنے آباواجداد کے تمام رسوم ورواج سے چھٹتے رہنا عقلمندی ہے نہ ہی ان تمام کو فرسودہ سمجھ کر ان سے کنارہ کشی اختیار کرنا ترقی کا معیار ہے۔ بلکہ علم اور شعور کی آگہی کیساتھ غلط اور نقصان دہ رسم ورواج سے کنارہ کشی اور دور حاضر کے تقاضوں سے ہم آہنگ نفیس اور بہتر رسم ورواج کو اپنانا ہی متوازن معاشرہ کی نشانی ہے[1]۔ ذیل میں ہم ان رسوم ورواج کا ذکر کرتے ہیں جو بہت معمولی جدت کیساتھ سینکڑوں سالوں سے مہمند عوام میں رائج ہیں۔

ایجنسی کے لوگ مٹی اور پتھر کو ملا کر گھ اور کمروں کی دیواریں بناتے ہیں۔ چھت پر لکڑی کی شہتیر برگہ اور تختے استعمال کرتے ہیں۔ آج کل شہتیر کی جگہ آئرن گارڈر نے لے لی ہے۔ مقامی بولی میں کمرے کو (کوٹہ) اور گھر کی حفاظت کے خاطر چوکیداری کرنے کیلئے اونچا برج (بنگلہ) کہلاتا ہے۔ بنگلہ کے عموما دو چھتوں کے اوپر قد آدم دیوار ہوتی ہے۔ جس میں علاقے پر نظر رکھنے کیلئے چاروں طرف سوراخ ہوتے ہیں۔ آج کل اینٹوں سے بنی عمارتیں بھی رواج پارہی ہیں۔ شادی بیاہ منگنی ختنہ اور بچے کی پیدائش پر لوگ خوشی کا اظہار ہوائی فائرنگ سے کرتے ہیں۔ ساتھ ہی ان مواقع پر لڑکیاں گھروں کے اندر جبکہ لڑکے حجروں میں لوک موسیقی سے لطف اندوز ہوتے ہیں موسیقی کیلئے خواتین عام طور پر ڈھول کی بجائے طبلہ بجاتی ہیں ۔ یہ لکڑی کا بناہوا ایک گول آلہ موسیقی ہے۔ جسکی ایک طرف پر چڑا مضبوطی سے کس کر لگا ہوتا ہے لڑکیاں اسے ایک ہاتھ سے بجاتی ہیں اور گیت گاتی ہیں۔ ایسے مواقع پر گھروں کے اندر خواتین اور لڑکیاں ناچ کر بھی خوشی کا اظہار کرتی ہیں۔ جبکہ لڑکے حجروں میں رباب منگے کیساتھ لوگ گیت، غزلیں گاتے ہیں۔ خوشی کے لمحات میں آج کل فوٹوگرانی اور ویڈیو فلم بندی بھی رواج

---

[1] مظفر، ڈاکٹر اسلم، تہذیب وتمدن اور ہمارے رسم ورواج، ادارہ نشریات لاہور،(2010) 1/16

میں شامل ہو رہی ہے دلہن کی ڈولی اٹھانے سے پہلے دلہا کو پلنگ پر بٹھا کر اسے نئے کپڑے، جوتے اور یار دوست اور رشتہ دار سہرے اور پہناتے ہیں۔

خوشی کے علاوہ غم کے لمحات میں بھی بعض رواج قابل ذکر اور عام ہیں۔ مثلاً گاؤں میں کسی کی موت پر سب لوگوں کا فوری طور پر اکھٹے ہونا، اجتماعی طور پر گور و کفن، پیغامات اور مہمانوں کی خاطر تواضع کا بندوبست کرنا، رشتہ داروں اور دوستوں کا تین دن تک پسماندگان کے ساتھ رہنا وغیرہ ایجنسی میں ہر جگہ عام ہیں۔ البتہ ایک رسم میں ترکزئے قوم نے دیگر تمام مہمند اقوام سے علیحدگی اختیار کر لی ہے۔ وہ جنازے کے ساتھ ہی دعوت (خیرات) کا اہتمام کرنا۔ ترکزئی کے علاوہ باقی تمام مہمند اقوام اس وقت تک جنازے کو اٹھانا اور مردے کو دفنانا اسکی ہتک اور تذلیل سمجھتے ہیں جب تک اسکے لئے ایک دو بھینسوں یا بیلوں کو ذبح کر کے خیرات کا بندوبست نہ کیا جائے۔ خواہ اس کام کی تکمیل میں دو دن کیوں نہ لگ جائیں، میت اسی طرح گھر میں پڑی رہیگی۔ نیز جنازے میں شریک تمام لوگوں کو صدقہ (سخات) کے نام پر 50 سے لیکر 150 روپے تک نقد دئے جاتے ہیں۔ مولویوں کیلئے کپڑوں کے صابن، قرآن مجید اور مصلا وغیرہ کی بندوبست ہوتی ہے۔ اس طرح غریب سے غریب گھرانے کو بھی کسی ممبر کی وفات پر کم از کم پچاس ساٹھ ہزار روپے خرچ کرنے کا الگ بندوبست بھی ہوتا ہے۔ جبکہ مالدار گھرانے لاکھوں روپے خرچ کرتے ہیں۔

غم و خوشی کی مذکورہ بالا رسم و رواج کے علاوہ مہمند قوم کے بعض ایسے رسوم و رواج کا ذکر بھی ضروری ہے جو صوبہ خیبر پختونخوا کے دیگر پختونوں سے بھی نہ صرف منفرد اور مختلف ہیں بلکہ اس پر مہمند قوم بجا طور پر فخر بھی کر سکتی ہے۔ ان میں ڈزبند صلح، وڑہ پڑھ، روغہ نمواتے، عزیز ولی، ناغہ، اشر، بدرگہ اور شکر وغیرہ شامل ہیں۔ ذیل میں ہم ان رسوم و رواج کا ذرا تفصیلی ذکر کرتے ہیں:

## (1) ڈَزبَند صُلَح:

جب کسی معاملے پر دو فریقوں کے درمیان کشیدگی اس حد تک بڑھ جاتی ہے کہ وہ ایک دوسرے پر گولیاں چلانا شروع کر دیتے ہیں، تو ایسے حالات میں علاقے کے معتبر بزرگ، سفید ریش اور قبائلی رہنما فوراً موقع پر پہنچتے ہیں۔ وہ بعض اوقات سفید کپڑے لہرا کر یا اگر رات کا وقت ہو تو لالٹینوں اور ٹارچوں کی روشنیوں کے ذریعے اپنی موجودگی کا اظہار کرتے ہیں، اور فریقین کو یہ پیغام دیتے ہیں کہ صلح کے لیے آئے ہیں۔ ان کی کوشش ہوتی ہے کہ فائرنگ کو فی الفور روکا جائے۔ جیسے ہی یہ صلح کا جرگہ درمیان میں آجاتا ہے، دونوں جانب سے گولیاں چلانے کا سلسلہ رک جاتا ہے، چاہے کسی فریق کو جانی یا مالی نقصان پہنچا ہو یا نہ ہو، اور چاہے کسی کو برتری حاصل ہوئی ہو یا نہ۔

جرگہ اس کے بعد دونوں جانب سے دو یا تین ہتھیار ضمانت کے طور پر لے لیتا ہے، تاکہ مستقبل میں امن قائم رہے۔ ساتھ ہی انہیں ایک مدت مقرر کر کے بتایا جاتا ہے کہ اگر کسی نے دوبارہ جھگڑا یا فائرنگ شروع کی، تو نہ صرف ان کے ہتھیار ضبط کیے جائیں گے بلکہ جرگہ کی طرف سے ایک لاکھ سے پانچ لاکھ روپے تک جرمانہ بھی عائد کیا جا سکتا ہے، جو موقع کی مناسبت سے طے کیا جاتا ہے۔ ایسی وقتی فائر بندی کو قبائلی زبان میں "ڈز بند صلح" کہا جاتا ہے[1]۔

## (2) وَڑُ پَڑُ (حق و باطل):

جب زمین، پیسے یا کاروباری معاملات کے حوالے سے دو افراد یا گروہوں کے درمیان کوئی جھگڑا پیدا ہو جائے، چاہے اس تنازعے میں کوئی جسمانی یا مالی نقصان ہوا ہو یا نہیں، تو علاقے کے معزز اور تجربہ کار بزرگ فریقین پر زور دیتے ہیں کہ وہ اس جھگڑے کا فیصلہ کرنے کے لیے چند بااعتماد افراد کو اختیارات سونپ دیں۔ اگر دونوں فریق رضامند ہو جائیں، تو ہر پارٹی اپنی جانب سے ایک سے پانچ افراد پر مشتمل معتبر مشران کو یہ اختیار دیتی ہے کہ وہ اس جھگڑے کا منصفانہ فیصلہ کریں۔ یہ مشران معاملے کا جائزہ لے کر یہ طے کرتے ہیں کہ کون فریق درست موقف پر ہے اور کون غلطی پر۔ اس عمل کو مقامی زبان میں "واک" کہا جاتا ہے، جبکہ ان منتخب افراد کی طرف سے سنایا گیا فیصلہ "وڑہ پڑھ" کہلاتا ہے۔ ایسے فیصلے دونوں جانب کے افراد کو ماننا لازم ہوتا ہے، کیونکہ اگر کوئی فریق اس فیصلے سے انکار کرے تو جرگہ کے افراد اس سے مالی جرمانہ وصول کرتے ہیں۔[2]

## (3) رُوغَہ (صلح یا فیصلہ):

"جب دو یا دو سے زائد متنازعہ گروہوں کے درمیان صلح کے لیے جرگہ تشکیل دیا جائے اور وہ اپنے مقصد میں کامیاب ہو جائے، یعنی تمام فریقین باہمی رضامندی سے فیصلے کو قبول کر لیں، تو عموماً جرگہ کے بزرگ اراکین صلح کے بعد ایک اجتماع منعقد کرتے ہیں۔ یہ اجتماع عام طور پر اُس فریق کے حجرے میں ہوتا ہے جسے حق پر سمجھا گیا ہو۔ قریبی دیہات یا علاقے کے افراد کو اس دعوت میں شامل کیا جاتا ہے، اور اس دعوت کے تمام اخراجات وہ فریق برداشت کرتا ہے جسے قصوروار یا زیادتی کا مرتکب ٹھہرایا گیا ہو۔ اس موقع پر کوئی معزز جرگہ ممبر یا عالم دین مختصر گفتگو کرتا ہے، جس میں امن، بھائی چارے اور صلح کی اہمیت پر روشنی ڈالی جاتی ہے۔ اس کے بعد فریقین ایک دوسرے کے ساتھ معانقہ کرتے ہیں اور باہمی رنجش ختم کرنے کا اعلان

---

[1] شمس مومند، مہمند قبائل، یونیورسٹی بک ایجنسی پشاور، (2016) 1/166

[2] ایضاً 1/166

کرتے ہیں۔ حاضرین کی ضیافت کی جاتی ہے اور یوں رسمی طور پر صلح مکمل ہو جاتی ہے۔ اس سارے عمل کو مقامی زبان میں "روغہ" یا "جوڑہ" یعنی دوستی کا اعلان کہا جاتا ہے۔[1]

### (4) نَنَواتے:

یہ ایک ایسی روایت ہے جو اس وقت ادا کی جاتی ہے جب دشمنی کی فضا میں شامل کسی ایک جانب کو اپنی سنگین کوتاہی کا شدت سے احساس ہو جاتا ہے اور وہ خود کو دوسرے فریق کے مقابلے میں کمزور اور شرمندہ محسوس کرتا ہے۔ عام طور پر اس وقت دوسرا فریق، جس کے ساتھ ناانصافی یا زیادتی ہوئی ہوتی ہے، صلح کے کسی بھی امکان کو رد کرتے ہوئے بدلہ لینے کی نیت ظاہر کرتا ہے اور جرگہ کی مصالحتی کوششوں کو قبول کرنے سے انکار کر دیتا ہے۔ ایسے نازک مرحلے پر وہ فریق جس نے غلطی کی ہو، اپنے گھر کی معمر خواتین اور چند عمر رسیدہ مردوں کو ساتھ لے کر شام کے وقت خود مخالف فریق کے دروازے پر حاضر ہوتا ہے۔ وہ سب کے سامنے اپنی خطا کا کھلے دل سے اقرار کرتا ہے اور دست بستہ معافی مانگتا ہے۔ ساتھ ہی یہ بھی کہتا ہے کہ اگر معافی دینا آپ کو قبول نہیں تو پھر جو بھی بدلہ لینا چاہتے ہیں، میں اس کے لیے تیار ہوں۔ اس رسم کی تاریخی اہمیت بھی ہے، کہ اس طریقے سے جب کسی نے سچے دل سے ندامت ظاہر کی ہے، تو بدلہ چاہنے والا فریق بھی بڑے پن کا مظاہرہ کرتے ہوئے اسے معاف کر دیتا ہے، خواہ اس کا نقصان جان سے متعلق ہو یا مال سے۔ اس کے بعد نہ صرف بدلہ کا ارادہ ختم ہو جاتا ہے بلکہ دوبارہ اس کا تصور کرنا بھی معاشرتی طور پر شرمناک اور پست درجے کا عمل سمجھا جاتا ہے۔ اس رسم کو مقامی سطح پر "ننوتے" کے نام سے جانا جاتا ہے، جو جرأت، عاجزی اور عزت کی روایتی مثال ہے۔[2]

### (5) عُذرُ:

جب کسی چھوٹے موٹے جھگڑے، توہین یا نازیبا رویے کے باعث کسی فرد کی دل آزاری ہو جائے، تو وہ فریق جس سے زیادتی سرزد ہوئی ہو، اپنی غلطی کے ازالے کے لیے علاقہ کے چند معزز، سفید ریش بزرگوں کے ساتھ اس شخص کے گھر جاتا ہے جسے اس کے رویے سے تکلیف پہنچی ہو۔ وہ اپنے فعل پر ندامت کا اظہار کرتا ہے اور عذر پیش کرتا ہے۔

معذرت کی اس روایت میں عام طور پر ایک یا دو جانور بھی ساتھ لائے جاتے ہیں، جنہیں موقع پر ذبح کیا جاتا ہے۔ ان کا گوشت وہاں موجود افراد، متاثرہ شخص اور اس کے اہلِ خانہ و عزیز و اقارب کو کھانے کے لیے پیش کیا جاتا ہے۔ یہ پورا عمل،

---

[1] شمس مومند، مہمند قبائل، یونیورسٹی بک ایجنسی پشاور، (2016) 1/167

[2] ایضا 1/167

جس میں جرگہ کے ہمراہ جانا اور جانور ذبح کرنا شامل ہو، مقامی روایت میں "عذر" کہلاتا ہے — جو ایک طرح سے سماجی طور پر معافی مانگنے اور اصلاح کی علامت ہے۔[1]

### (6) عَزِیزوَلی:

جب دو گروہوں کے درمیان دشمنی پیدا ہو جائے، تو ہر جانب سے یہ کوشش کی جاتی ہے کہ اپنے ساتھیوں کی تعداد میں اضافہ کیا جائے تاکہ وہ عددی اور اخلاقی طور پر زیادہ مضبوط بن سکیں۔ اس مقصد کے لیے وہ ایسے افراد کو اپنی حمایت میں شامل کرتے ہیں جو یا تو ان کے مفادات میں شریک ہوتے ہیں یا فکری و جذباتی طور پر ان کے قریب ہوتے ہیں۔ ان نئے شامل ہونے والوں کے ساتھ مل کر وہ باقاعدہ معاہدہ کرتے ہیں کہ جس مسئلے پر ان کے درمیان اتحاد ہوا ہے، اس میں فائدہ اور نقصان دونوں میں مکمل شرکت ہوگی۔ پھر یہ لوگ نہ صرف جنگ و جھگڑے کی صورت میں ایک ساتھ کھڑے ہوتے ہیں بلکہ ایک دوسرے کی خوشی و غم، مصیبت اور مسائل میں بھی فوری اور عملی حصہ لیتے ہیں۔ یہ تعلق صرف دوستی یا قرابت داری پر مبنی نہیں ہوتا بلکہ ایک ایسا مضبوط عہد و معاہدہ بن جاتا ہے، جسے ہر شریک شخص اپنے لیے لازمی سمجھتا ہے اور اس کی پاسداری کو اپنا فرض جانتا ہے۔[2]

### (7) نَاغَہ:

کسی دیہات یا قبیلے کی ملکیتی پہاڑی زمین، درختوں یا جنگلات کو غیر ضروری کٹائی اور تجارتی استعمال سے محفوظ رکھنے کے لیے ایک مقامی ضابطہ نافذ کیا جاتا ہے، جسے "ناغہ" کہا جاتا ہے۔ اس اصول کے تحت درختوں کی کٹائی پر مکمل پابندی عائد ہوتی ہے تاکہ قدرتی وسائل کا تحفظ یقینی بنایا جا سکے۔ اگر کوئی فرد اس اصول کی خلاف ورزی کرتے ہوئے لکڑی کاٹتا ہے، تو اس پر جرمانہ عائد کیا جاتا ہے۔ یہی طریقہ کار غیر محتاط جنگلاتی کٹائی کو روکنے میں مؤثر سمجھا جاتا ہے۔ البتہ اگر لکڑی کی ضرورت کسی فوتگی، شادی یا گھریلو ضروریات کے لیے ہو اور مقدار محدود ہو، تو ایسی صورت میں اس پر ناغہ کا اطلاق نہیں ہوتا، اور عارضی طور پر اجازت دی جاتی ہے۔[3]

---

[1] شمس مومند، مہمند قبائل، یونیورسٹی بک ایجنسی پشاور، (2016) 1/167

[2] ایضا 1/168

[3] ایضا 1/168

## (8) لشکر یا لکر:

اگر چہ زر، زن اور زمین کیلئے لڑائی جھگڑے حتی کہ قتل مقاتلے تمام پختونوں کی طرح قبائل کے رسم ورواج کا جزولا ینفک ہے۔ لیکن بعض اوقات جب کوئی بہت بڑا ظلم ہو جائے۔ مثلاً کسی خاندان کی جائیداد پر قبضہ کرنے کیلئے اس کے تمام مردوں کا قتل کرنا، کسی بے کس اور بے سہارا خاتون یا بیوہ کو زبردستی اسکے گھر سے بے دخل کرنا یا اسکی جائیداد پر قبضہ کرنا یا کسی بے سہارا خاتون کی آبروریزی کی کوشش کرنا وغیرہ۔ تو ایسی صورت میں چند باکردار اور با اثر مشران پوری قوم میں اعلانات کرتے ہیں کہ ایسا ظلم ہوا ہے۔ اور فلاں وقت اور مقام پر ان ظالموں کے خلاف لشکر کشی ہوگی۔ اس مقصد کیلئے قوم کے اکثر جوان اور عمر رسیدہ مرد اسلحہ سے لیس ہو کر متعلقہ جگہ پر جمع ہوتے ہیں۔ پہلے ظالموں کو اطلاع بھیجتے ہیں۔ پھر بزور لشکر ظالم کے گھر، حجرہ وغیرہ مسمار کرتے ہیں۔ ان کے سامان کو لوٹا جاتا ہے اور انہیں باہمی مشورہ سے مناسب جرمانہ کرتے ہیں۔[1]

## (9) اَشَر یا حَشَر:

ایجنسی کے بیشتر علاقوں میں روزگار کے مواقع محدود ہونے کی وجہ سے اکثر لوگ فارغ وقت رکھتے ہیں۔ اسی وجہ سے یہاں ایک روایت قائم ہے کہ لوگ ایک دوسرے کے دکھ سکھ میں بھرپور شرکت کرتے ہیں اور مشکل لمحات میں مدد کو اپنا فرض سمجھتے ہیں۔ جب کسی کے کھیت کی فصل کاٹنی ہو، زمین کی گوڈی کرنی ہو یا مکان کی تعمیر جیسے کسی بڑے کام میں معاونت درکار ہو، تو دیہات کے لوگ از خود یا دعوت پر مدد کے لیے آجاتے ہیں۔ ان کے لیے خاص طور پر کھانے پینے کا انتظام کیا جاتا ہے، اور دن بھر وہ بغیر کسی اُجرت کے کام میں حصہ لیتے ہیں۔ اس اجتماعی تعاون اور بے لوث مزدوری کو مقامی زبان میں "اشر" کہا جاتا ہے، جو بھائی چارے اور باہمی ہمدردی کی ایک خوبصورت مثال ہے۔[2]

## (10) بدرگہ:

جب کوئی ایسا شخص جو کسی دشمنی میں مبتلا ہو، کسی ضروری کام کے لیے اپنے کسی قریبی عزیز، دوست یا جاننے والے کے گھر جاتا ہے، تو واپسی کے وقت اُس کے میزبان یا قریبی لوگ اس کی حفاظت کو یقینی بنانے کے لیے اس کے ساتھ روانہ ہوتے ہیں۔ وہ اُس کے ساتھ اُس وقت تک رہتے ہیں جب تک وہ خطرے والے علاقے یا دشمن کی رسائی سے باہر نہ نکل جائے۔ اگر راہ میں موجود دشمن یہ دیکھ لیں کہ مذکورہ فرد تنہا نہیں بلکہ چند بااعتماد افراد اس کے ساتھ موجود ہیں، تو وہ حملہ کرنے سے گریز

---

[1] شمس مومند، مہمند قبائل، یونیورسٹی بک ایجنسی پشاور، (2016) 1/168

[2] ایضا 1/169

کرتے ہیں، کیونکہ ایسی صورت میں حملے کا مطلب اُن تمام افراد سے دشمنی مول لینا ہوتا ہے جو اس کے ہمراہ ہوتے ہیں۔ اس حفاظتی ساتھ یا محافظانہ ہمراہی کو مقامی طور پر "بدرگہ" کہا جاتا ہے، جو قبائلی اقدار میں تحفظ، غیرت اور باہمی وفاداری کی ایک نمایاں مثال سمجھی جاتی ہے۔[1]

## (11) تُوْر:

جب کسی مرد و عورت یا نوجوان لڑکے اور لڑکی پر ناجائز تعلقات کا الزام عائد کیا جاتا ہے، یا وہ اپنی مرضی سے شادی کے لیے گھر چھوڑ دیتے ہیں، تو قبائلی علاقے، خصوصاً مہمند ایجنسی میں، انہیں مقامی اصطلاح میں "تور" کہا جاتا ہے۔ اس طرح کے واقعات کو شدید سماجی مذمت کا سامنا ہوتا ہے اور اکثر صورتوں میں ایسے افراد کو قتل کر دینا مقامی روایات کے مطابق "جائز" سمجھا جاتا ہے۔ عمومی طور پر لڑکی کے خاندان کے افراد، جیسے بھائی یا والد، ایسے جوڑوں کے قتل کا اقدام کرتے ہیں۔ اگر کسی خاندان کا مرد اس قسم کے الزام کی بنیاد پر قتل کیا جائے، تو اس کے اہلِ خانہ کو عام طور پر بدلے کا حق نہیں دیا جاتا، بشرطیکہ لڑکی کو بھی قتل کر دیا گیا ہو۔ ایسے واقعات میں معاشرہ بظاہر مقتولین کے انجام پر افسوس تو کرتا ہے، لیکن ان کے ساتھ کسی قسم کی ہمدردی یا حمایت کا اظہار نہیں کیا جاتا، کیونکہ انہیں معاشرتی اقدار کی خلاف ورزی کرنے والا اور غیر اخلاقی تصور کیا جاتا ہے۔[2]

## (12) کُوشُونْدَہ:

اگر کسی قتل کا راضی نامہ کرنے والا جرگہ یہ فیصلہ کرے کہ قاتل کو علاقہ بدر کیا جائے۔ باقی لوگوں کے ساتھ مقتول کے ورثاء معمول کے تعلقات قائم رکھیں گے۔ اس قسم کے علاقہ بدر شخص کو کوشوندہ کہتے ہیں۔[3]

## (13) وَلْوَرْ:

"ولور" سے مراد وہ رقم ہے جو لڑکی کے اہل خانہ، رشتہ طے کرتے وقت، لڑکے سے بطور شرط طلب کرتے ہیں۔ اگرچہ موجودہ دور میں اس رسم کو اکثر ناپسندیدہ تصور کیا جاتا ہے اور بعض افراد اسے بیٹی کی فروخت سے تعبیر کرتے ہیں، تاہم اس کی بنیاد میں ایک عملی سوچ کارفرما ہوتی ہے۔ لڑکی والے اس رقم کے ذریعے یہ اندازہ لگاتے ہیں کہ آیا لڑکا مستقبل میں ان کی

---

[1] شمس مومند، مہمند قبائل، یونیورسٹی بک ایجنسی پشاور، (2016) 1/170

[2] ایضا 1/170

[3] ایضا 1/171

بیٹی کی کفالت اور ضروریات پوری کرنے کی مالی حیثیت رکھتا ہے یا نہیں۔ اگر لڑکا یہ رقم دینے پر آمادہ ہو، تو وہ اسے مالی طور پر ذمہ دار اور خود کفیل تصور کرتے ہوئے رشتہ منظور کر لیتے ہیں، اور اگر وہ اس رقم کی ادائیگی سے قاصر ہو، تو یہ سمجھا جاتا ہے کہ وہ مستقبل میں بھی بیوی کے حقوق اور اخراجات پوری طرح ادا نہیں کر سکے گا، اس لیے رشتہ سے گریز کیا جاتا ہے۔ یہ امر بھی قابل توجہ ہے کہ ولور کی رقم عموماً لڑکی کے جہیز یا شادی کے دیگر اخراجات پر خرچ کی جاتی ہے، اور اکثر اوقات لڑکی کے والدین اس رقم کے مساوی یا زائد رقم اپنی طرف سے بھی شامل کرتے ہیں۔ اگرچہ یہ روایت ماضی میں معاشی تحفظ کے تناظر میں اہم سمجھی جاتی تھی، لیکن اب تعلیم، روزگار کے مواقع اور بدلتے ہوئے سماجی رویوں کے باعث اس شرط میں واضح کمی دیکھی جا رہی ہے۔[1]

### (14) سُوَرَۀ:

قبائلی معاشرے میں بعض اوقات دیرینہ دشمنی کے خاتمے اور صلح و آشتی کے قیام کے لیے ایک ایسا طریقہ اپنایا جاتا ہے جس میں قاتل خاندان اپنی کسی قریبی خاتون، جیسے بہن یا بیٹی کا نکاح مقتول خاندان کے کسی فرد سے کر دیتا ہے۔ اس رسم کا بنیادی مقصد یہ ہوتا ہے کہ فریقین کے درمیان جاری تنازعے کا خاتمہ ہو اور مستقبل میں رشتہ داری کے ذریعے امن کا ماحول پیدا ہو۔ چونکہ ان علاقوں میں خواتین کو عزت، وقار اور خاندانی غیرت کی علامت تصور کیا جاتا ہے، اس لیے جب مجرم فریق اپنی عزت سمجھی جانے والی خاتون کو صلح کی نیت سے دوسرے خاندان میں رشتہ دے، تو مقتول کا خاندان اسے اپنی عزت و انا کی بحالی کے طور پر قبول کرتا ہے۔ اس طرح دشمنی دوستی میں بدلنے لگتی ہے۔ قبائلی طرزِ زندگی میں اکثر شادیوں کا فیصلہ والدین کی رضا و مشورے سے کیا جاتا ہے، لہٰذا اس قسم کا رشتہ بھی عموماً والدین کی مرضی سے طے پاتا ہے اور اسے روایتی طور پر طے شدہ شادی (Arrange Marriage) کے زمرے میں ہی شمار کیا جاتا ہے۔[2]

### (15) بَرَآمتہ:

لفظ "برآمتہ" فارسی کے لفظ "برآمد" سے ماخوذ ہے، جس کا مفہوم "نکالنا" یا "کسی چیز کو باہر لانا" لیا جاتا ہے[3]۔ ضلع مہمند میں یہ اصطلاح خاص طور پر ایسے عمل کے لیے استعمال ہوتی ہے، جس میں کسی واجب الادا رقم یا مالی تنازعے کے حل کے لیے ایک مخصوص طریقہ اپنایا جاتا ہے، جو نہ صرف غیر اسلامی ہے بلکہ انسانی حقوق کے بھی منافی ہے۔ اس رواج کے تحت، فریقِ اول فریقِ ثانی سے اپنا حق یا مطالبہ منوانے کے لیے اس کے کسی بے قصور رشتہ دار، ہم قبیلہ فرد یا علاقے کے کسی فرد یا

---

[1] شمس مومند، مہمند قبائل، یونیورسٹی بک ایجنسی پشاور، (2016) 172/1

[2] ایضا 172/1

[3] علی اکبر، لغت نامہ دہخدا، (تہران یونیورسٹی تہران 2000)

گاڑی کو زبردستی، اسلحہ کے زور پر یرغمال بنالیتا ہے۔ بعض اوقات انہیں ایک کمرے میں محبوس کر دیا جاتا ہے یا مسلح افراد کی نگرانی میں رکھا جاتا ہے۔ مقامی روایت میں اس عمل کو "بر آمتہ" کہا جاتا ہے۔ اس اقدام کا اصل مقصد مخالف فریق پر دباؤ ڈالنا ہوتا ہے تاکہ وہ مطلوبہ مطالبات کو تسلیم کرلے۔ افسوس ناک امر یہ ہے کہ اس ظالمانہ طریقے سے اکثر افراد اپنے مقصد میں کامیاب بھی ہو جاتے ہیں۔[1]

[1] اشمس مومند، مہمند قبائل، یونیورسٹی بک ایجنسی پشاور، (2016)173/1

## باب دوم: مہمند قبائل کی رسومات کا اسلامی تناظر میں جائزہ

## فصل اول: اسلامی تعلیمات سے ہم آہنگ رسومات

### (1) اَشَرْیاحَشَر:

ایجنسی میں روزگار کی کمی کی وجہ سے اکثر لوگ فارغ ہوتے ہیں۔ ایک دوسرے کے غم و خوشی میں شامل ہونا اور ضرورت کے وقت مدد کے لیے آگے بڑھنا، یہاں کے لوگوں کے نزدیک اپنی ذاتی ذمہ داری سمجھا جاتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ فصل کی کٹائی، گوڈی یا گھر کی تعمیر وغیرہ میں امداد کرنے کے لئے گاؤں کے لوگوں کو بلایا جاتا ہے ان کی خاطر مدارات کی جاتی ہے، انہیں بہتر کھانا کھلایا جاتا ہے اور وہ بلا معاوضہ پورا دن کام کرتے ہیں اس عمل کو اصطلاح میں اشر یا حشر کہا جاتا ہے [1]۔

### شرعی جائزہ:

یہ عمل اسلامی روایات، سیرت نبوی، صحابہ کرام کے آثار اور فقہی اصولوں کے مطابق جائز اور باعث اجر ہے۔ قرآن پاک میں اللہ تعالی کا فرمان ہے۔

" وَتَعَاوَنُوا عَلَى الْبِرِّ وَالتَّقْوَى وَلا تَعَاوَنُوا عَلَى الإِثْمِ وَالْعُدْوَانِ"[2]

ترجمہ:" "نیکی اور تقویٰ (پرہیز گاری) کے کاموں میں ایک دوسرے کی مدد کرو، اور گناہ اور زیادتی کے کاموں میں ایک دوسرے کی مدد نہ کرو۔"

ایک اور آیت مبارک میں اللہ تعالی کا ارشاد مبارک ہے۔

"وَالْمُؤْمِنُونَ وَالْمُؤْمِنَاتُ بَعْضُهُمْ أَوْلِيَاءُ بَعْضٍ ۚ يَأْمُرُونَ بِالْمَعْرُوفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنكَرِ[3]"

ترجمہ:"اور مؤمن مرد اور مؤمن عورتیں ایک دوسرے کے رفیق و مددگار ہیں، بھلائی کا حکم دیتے ہیں اور برائی سے روکتے ہیں۔"

اسی طرح حدیث پاک ہے۔

---

[1] شمس مومند، مہمند قبائل، یونیورسٹی بک ایجنسی پشاور، (2016)169/1

[2] المائدہ(5)

[3] التوبہ(71)

"اللَّهُ فِي عَوْنِ العَبْدِ مَا كَانَ العَبْدُ فِي عَوْنِ أَخِيهِ[1]"

ترجمہ:" "نیکی اور تقویٰ (پرہیزگاری) کے کاموں میں ایک دوسرے کی مدد کرو، اور گناہ اور زیادتی کے کاموں میں ایک دوسرے کی مدد نہ کرو۔"

تو اشر کی یہ صورت درست اور باعث خیر ہے جب تک اس میں کوئی اور مفاسد نہ پائے جاتے ہو۔

## (2) نَنَواتے:

وہ رسم جس میں دشمنوں میں سے کسی ایک فریق کو اپنی شدید غلطی کا اعتراف ہو اور اسے دشمن فریق کے مقابلے میں اپنی کمزوری کا احساس ہو۔ جبکہ مختلف فریق (جسکے ساتھ زیادتی ہوئی ہو) جرگہ کے ذریعے مصالحت کیلئے تیار نہ ہو۔ بلکہ بدلہ (انتقام) لینے کا ارادہ رکھتا ہو۔ ایسی حالت میں جب غلطی تسلیم کرنے والا فریق اپنے گھر کی عمر رسیدہ خواتین اور دو تین بزرگوں سمیت سر شام مخالف فریق کے گھر پر حاضر ہوتا ہے۔ ان سب کے سامنے اپنی غلطی کا اعتراف کرتا ہے۔ اور فریق مخالف سے معافی طلب کرتے ہوئے یہ بھی کہتا ہے کہ اگر آپ معاف نہیں کرتے تو پھر مجھ سے آپ جو بھی بدلہ لینا چاہتے ہیں میں اس کیلئے بھی تیار ہوں۔ تاریخ گواہ ہے کہ یہ رسم ادا کرنے کے بعد جابر سے جابر دشمن نے بھی مخالفین کو معاف کر دیا ہے۔ خواہ اس کا کتنا ہی جانی یا مالی نقصان کیوں نہ ہوا ہو۔ پھر وہ بدلہ لینے کے متعلق سوچتا بھی نہیں۔ کیونکہ ننواتے کے بعد ایسا کرنا تو درکنار ایسا سوچنا بھی ذلالت اور کمینگی تصور کی جاتی ہے[2]۔

## شرعی جائزہ:

شرعی حوالے سے یہ بھی معقول بلکہ نہایت مستحسن رسم ہے جس میں سالوں رہنے والی دشمنی کو ابتداء میں ہی ختم کر دیا جاتا ہے۔ قرآن کریم میں باہمی لڑائی جھگڑے اور منافرت کو سخت ناپسند کیا گیا ہے اور فوری صلح پر زور دیا گیا ہے، ارشاد باری ہے۔

"وَلَا تَنَٰزَعُواْ فَتَفۡشَلُواْ وَتَذۡهَبَ رِيحُكُمۡۖ "[3]

---

[1] امام ترمذی، محمد بن عیسی بن سورہ، سنن ترمذی، باب ماجاء فی معونۃ المسلم، رقم الحدیث:1930

[2] شمس مومند، مہمند قبائل، یونیورسٹی بک ایجنسی پشاور، (2016) 1/167

[3] انفال (46)

ترجمہ:" "اور آپس میں جھگڑا نہ کرو، ورنہ تم بزدل ہو جاؤ گے اور تمہاری ہوا (قوت و شان) جاتی رہے گی۔"

ایک اور ارشاد گرامی ہے۔

"وَإِن طَآئِفَتَانِ مِنَ ٱلۡمُؤۡمِنِينَ ٱقۡتَتَلُواْ فَأَصۡلِحُواْ بَيۡنَهُمَا"[1]

ترجمہ:" "اور اگر مسلمانوں کے دو گروہ آپس میں لڑ پڑیں، تو ان کے درمیان صلح کراؤ۔"

نبی اکرمؐ کا ارشاد ہے۔

**عَنْ أَبِي أَيُّوبَ الْأَنْصَارِيِّ"أَنَّ رَسُولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: لَا يَحِلُّ لِمُسْلِمٍ أَنْ يُهَاجِرَ أَخَاهُ فَوْقَ ثَلَاثِ لَيَالٍ. يَلْتَقِيَانِ. فَيُعْرِضُ هذَا. وَيُعْرِضُ هذَا. وَخَيْرُهُمَا الَّذِي يَبْدَأُ بِالسَّلَام"**[2]

**ترجمہ:**"حضرت ابو ایوب انصاریؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:"کسی مسلمان کے لیے یہ جائز نہیں کہ وہ اپنے بھائی سے تین دن سے زیادہ قطع تعلق رکھے۔ یہ دونوں ملتے ہیں، تو ایک دوسرے سے منہ موڑ لیتے ہیں۔ اور ان دونوں میں بہتر وہ ہے جو سلام کرنے میں پہل کرے۔"

اسی طرح ایک اور حدیث مبارک ہے۔

"كُونُوا عِبَادَ اللهِ إِخْوَانًا، لَا تَعَادَوْا وَلَا تَبَاغَضُوا، سَدِّدُوا وَقَارِبُوا وَأَبْشِرُوا"[3]

ترجمہ:" "اللہ کے بندو! آپس میں بھائی بھائی بن جاؤ، دشمنی نہ کرو، نفرت نہ پھیلاؤ، راہِ راست پر چلو، میانہ روی اختیار کرو، اور خوشخبری پاؤ۔"

اس کے ساتھ ساتھ فریق مخالف کا صدقِ دل سے معاف کرنا بھی باعث فضیلت عمل ہے، جیسا کہ قرآن مجید میں آیا ہے۔

"وَٱلۡكَٰظِمِينَ ٱلۡغَيۡظَ وَٱلۡعَافِينَ عَنِ ٱلنَّاسِۗ وَٱللَّهُ يُحِبُّ ٱلۡمُحۡسِنِينَ "[4]

---

[1] حجرات (9)

[2] امام مالک بن انس بن مالک، موطأمالک، باب ماجاء في المهاجرة، رقم: 3365

[3] امام احمد بن حنبل، مسند احمد، باب الالفة والمحبہ، رقم الحدیث: 5691

[4] آل عمران (134)

ترجمہ:" "اور وہ(نیک لوگ)جو غصے کو پی جاتے ہیں، اور لوگوں کو معاف کر دیتے ہیں، اور اللہ نیکو کاروں کو پسند کرتا ہے۔"

خلاصہ یہ کہ ننواتے کی رسم عین شریعت کے مطابق عمل ہے بشرطیکہ معافی مانگنے اور صلح کرنے کے علاوہ کسی غیر شرعی امر کو مستلزم نہ ہو۔

## (3) رُوغہَ(صلح یا فیصلہ):

فریقین کے درمیان مصالحت کیلئے ہونے والا جرگہ جب کامیاب ہوتا ہے اور تمام فریق جرگہ کے فیصلے کو تسلیم کرنے کا اظہار کریں تو جرگہ ممبران کسی ایک فریق(عموماً جو حق پر ہو)کے حجرے میں قرب وجوار کے لوگوں کیلئے دعوت کا بندوبست کرتے ہیں اور یہ خرچ اس فریق کو برداشت کرنا پڑتا ہے جس نے غلطی یا زیادتی کی ہو۔ اس موقع پر کوئی بزرگ جرگہ ممبر یا کوئی عالم دین امن مصالحت اور دوستی کے متعلق مختصر خطاب کرتا ہے۔ پھر فریقین ایک دوسرے سے گلے ملتے ہیں اور حاضرین کو کھانا کھلایا جاتا ہے۔ اسے مقامی اصطلاح میں روغہ۔ جوڑہ(دوستی) کہتے ہیں[1]۔

## شرعی جائزہ:

فقہاء نے شرعی طور پر صلح کے بعد خوشی و جشن کی اجازت دی ہے بشرطیکہ اس میں **حرام عناصر** (مثلاً شراب، غیر اخلاقی طعام یا حدود کی خلاف ورزی) شامل نہ ہوں۔ کیونکہ شریعت نے خوشی کے موقع پر جشن منانے کی اجازت دی ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

**عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهَا قَالَتْ "دَخَلَ عَلَيَّ رَسُولُ اللَّهِ ﷺوَعِندِي جَارِيَتَانِ تُغَنِّيَانِ... فَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ: يَا أَبَا بَكْرٍ، إِنَّ لِكُلِّ قَوْمٍ عِيدًا، وَهَذَا عِيدُنَا"**[2]

ترجمہ:"حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ دو لڑکیاں دف بجا کر نبی کریم ﷺ کے سامنے عید کے دن اشعار گا رہی تھیں... نبی ﷺ نے فرمایا:"اے ابو بکر! ہر قوم کی ایک عید ہوتی ہے، اور یہ ہماری عید ہے۔"

اسی طرح علامہ ابن عابدین لکھتے ہیں۔

**"الفرحُ بالمباحِ جائزٌ إذا لم يتضمّنْ محرّمًا"**[3]

---

[1] شمس مومند، مہمند قبائل، یونیورسٹی بک ایجنسی پشاور،(2016)1/167

[2] امام بخاری، محمد بن اسماعیل البخاری، باب الرخصة فی اللعب، رقم الحدیث:892

[3] ابن عابدین شامی، محمد آمین بن عمر بن عبد العزیز، رد المحتار علی الدر المختار(دار الفکر، بیروت،1992)6/430

ترجمہ:"مباح خوشی جائز ہے، جب تک اس میں کوئی حرام شامل نہ ہو۔"

صلح کے بعد اصلاحی تقریر یا نصیحت دینا مناسب ہے، جیسا کہ "روغہ" کے موقع پر کسی عالم دین یا بزرگ کا خطاب کیا جاتا ہے۔ یہ بذاتِ خود صلح کی روح کو مزید مضبوط کرتا ہے۔ تاہم کسی بھی فریق سے زبردستی دعوت کروانا شرعاً ناجائز ہے، قرآن میں ارشاد باری ہے۔

"لَا تَأۡكُلُوٓاْ أَمۡوَٰلَكُم بَيۡنَكُم بِٱلۡبَٰطِلِ إِلَّآ أَن تَكُونَ تِجَٰرَةً عَن تَرَاضٖ مِّنكُمۡۚ "[1]

ترجمہ:"اور آپس میں ایک دوسرے کا مال ناحق طریقے سے نہ کھاؤ، سوائے اس کے کہ وہ باہمی رضامندی سے تجارت کی صورت میں ہو۔"

اسی طرح حدیث مبارکہ میں ارشاد نبوی ہے۔

"لَا يَحِلُّ مَالُ امْرِئٍ مُسْلِمٍ إِلَّا بِطِيبِ نَفْسِهِ"[2]

**ترجمہ:**""کسی مسلمان کا مال اس کی رضا کے بغیر حلال نہیں۔"

لہٰذا اس کے بجائے کوئی ایک فرد یا جماعت اپنی خوشی سے دعوت کر دے یا پھر سب مل کر بلا تعیین فنڈ جمع کر کے ایک اجتماعی دعوت کر لیں تو یہ احسن اور اقرب الی الصواب ہے۔

## (4) وَڑُیَرِ(حق و باطل):

جب کسی جائیداد، رقم یا کاروباری لین دین پر دو فریقوں کے درمیان اختلاف شدت اختیار کر جاتا ہے خواہ اس میں ،فریقین کے درمیان فائرنگ سے کسی فریق کا مالی یا جانی نقصان ہوا ہو یا نہ ہوا ہو۔ علاقے کے سفید ریش لوگ فریقین کو مجبور کرتے ہیں کہ وہ حق و باطل، معلوم کرنے فیصلہ کرنے کے لیے چند لوگوں کو اختیار دے دیں۔ اگر فریقین اس بات پر آمادہ ہو جائیں تو ہر فریق اپنی طرف سے ایک سے لیکر پانچ تک ملکان صاحبان بزرگوں کو اس بات کا اختیار دیتے ہیں کہ وہ اس تنازعہ کا مناسب فیصلہ کریں۔ اور یہ بھی فیصلہ کر کے بتادے کہ کون حق پر ہے اور کون غلطی پر۔ اس قسم کے اختیار کو مقامی اصطلاح

---

[1] النساء(29)

[2] الدارقطني، علی بن عمر بن احمد، سنن الدارقطني، کتاب البیوع، رقم الحدیث:2885

میں (واک) اور اسکے بعد ہونیوالے فیصلے کو (وڑ پڑ) کہتے ہیں اس قسم کا فیصلہ ہر دو فریقوں کو تسلیم کرنا پڑتا ہے۔ کیونکہ انکار کرنے والے سے جرگہ ممبران جرمانہ وصول کرتے ہیں[1]۔

## شرعی جائزہ:

جب معاشرے میں دو فریقوں کے درمیان جائیداد، کاروبار یا مالی لین دین پر تنازع پیدا ہو جائے اور فریقین عدالت جانے کی بجائے مقامی جرگہ یا بااثر افراد کو ثالثی کے لیے چن لیں تو اسلامی تعلیمات اس طریق کار کو قطعی طور پر رد نہیں کرتیں، بلکہ اس کے لیے حدود و ضوابط طے کرتی ہیں۔ اسلام میں ثالثی کا تصور نہ صرف موجود ہے بلکہ متعدد احادیث و آیات اس کی تائید کرتی ہیں، بشرطیکہ فیصلہ انصاف پر مبنی ہو اور شریعت کے دائرے میں ہو۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

فَابْعَثُوا حَكَمًا مِّنْ أَهْلِهِ وَحَكَمًا مِّنْ أَهْلِهَا إِن يُرِيدَا إِصْلَاحًا يُوَفِّقِ اللَّهُ بَيْنَهُمَا[2]

ترجمہ: "اگر تمہیں میاں بیوی کے درمیان اختلاف کا اندیشہ ہو تو ایک حکم مرد والوں کی طرف سے اور ایک عورت والوں کی طرف سے مقرر کرو۔ اگر وہ اصلاح چاہیں گے تو اللہ ان میں موافقت پیدا فرمادے گا۔"

یہ آیت درحقیقت میاں بیوی کے نزاع کے بارے میں ہے، لیکن اصول عام ہے کہ اہل حل و عقد یا سمجھ دار لوگ ثالث بن سکتے ہیں۔

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

"اَلصُّلْحُ جَائِزٌ بَيْنَ الْمُسْلِمِينَ، إِلَّا صُلْحًا أَحَلَّ حَرَامًا أَوْ حَرَّمَ حَلَالًا"[3]

ترجمہ: "مسلمانوں کے درمیان صلح جائز ہے، سوائے ایسی صلح کے جو حرام کو حلال یا حلال کو حرام کر دے۔"

---

[1] شمس مومند، مہمند قبائل، یونیورسٹی بک ایجنسی پشاور، (2016) 166/1

[2] النساء (35)

[3] امام ترمذی، ابو عیسی محمد بن عیسی بن سورہ بن موسی الترمذی، سنن ترمذی، باب ماذکر عن رسول اللہ فی الصلح بین الناس، رقم الحدیث: 1352

یہ حدیث صاف دلالت کرتی ہے کہ اگر فریقین اپنی رضامندی سے کسی معزز یا معتبر شخص یا اشخاص کو فیصلہ کرنے کا اختیار دے دیں، تو ان کا فیصلہ، اگر شریعت کے خلاف نہ ہو، قابلِ قبول ہے۔

ائمہ اربعہ نے بھی ثالثی یا تحکیم کو جائز قرار دیا ہے، بشرطیکہ وہ عدل و انصاف پر مبنی ہو اور فریقین کی رضامندی سے ہو۔

فقہی قاعدہ ہے۔

"التَّحْكِيمُ جَائِزٌ فِي كُلِّ خُصُومَةٍ مَعَ رِضَا الطَّرَفَيْنِ[1]"

ترجمہ: "جب فریقین راضی ہوں تو ہر قسم کے نزاع میں تحکیم جائز ہے۔"

نتیجہ کے طور پر ہم یہ کہہ سکتے ہین کہ اگر فریقین باہمی رضامندی سے بزرگوں کو فیصلہ کا اختیار دے دیتے ہیں، تو یہ شرعی تحکیم (ثالثی) کی ایک جائز شکل ہے۔ بشرطیکہ اسکے ذریعے جو فیصلہ ہو، وہ قرآن و سنت کے مطابق ہو، اور اس میں کسی فریق پر ظلم نہ ہو۔

البتہ اگر اس عمل میں جبر، دھونس، رشوت یا غلط شہادت شامل ہو، یا فیصلہ قرآن و سنت کے خلاف ہو، تو ایسا فیصلہ شرعی طور پر باطل شمار ہو گا۔

## (5) ڈَزْبَند صُلح:

علاقے کے لوگ جب آپس میں کسی مسئلے کی وجہ سے ایک دوسرے پر فائرنگ شروع کر دیتے ہیں تو علاقے کے مشران، سفید ریش اور ملکان صاحبان فوری طور پر موقع پر جمع ہوتے ہیں۔ سفید چادریں لے کر نعرے لگا کر یا پھر اندھیرے کی صورت میں لالٹین اور بیٹریوں (ٹارچوں) کی روشنی دکھا دکھا کر فریقین کو اپنی آمد سے آگاہ کرتے ہیں۔ ساتھ ہی دونوں فریقوں پر فائرنگ فوری طور پر بند کرنے کیلئے دباؤ ڈالتے ہیں۔ جب یہ مصالحتی جرگہ درمیان میں پہنچ جاتا ہے تو پھر فریقین میں خواہ کسی کا مالی یا جانی نقصان ہوا ہو یا نہ ہوا ہو، کوئی کامیاب ہو یا کوئی ناکام، اسے بہر حال فائرنگ بند کرنی پڑتی ہے۔ اسکے بعد مصالحتی جرگہ فریقین سے دو دو یا تین تین بندوقیں بطور ضمانت وصول کرتے ہیں۔ اور فریقین کو آگاہ کرتے ہیں کہ ایک مقررہ میعاد تک اگر کسی فریق نے فائرنگ میں پہل یا حملہ کرنے کی کوشش کی تو ان کی نہ صرف یہ بندوقیں جرگہ ضبط کرے گی۔ بلکہ ان سے ایک تا

---

[1] الفتاوی الہندیہ، کتاب القضاء، باب التحکیم (دار الفکر، بیروت لبنان2000) 3/525

پانچ لاکھ روپے نقد جو بھی رقم جو بھی رقم اس وقت سنائی جائے، جرگہ وصول کرے گی۔ اس قسم کی فائر بندی کو مقامی اصطلاح میں ڈز بند صلح کہتے ہیں[1]۔

## شرعی جائزہ:

اسلام میں مصالحت (صلح) نہ صرف مستحب بلکہ شریعت کا اہم حکم ہے۔ جیسا کہ قرآن کریم میں ارشاد ہے۔

"وَٱلصُّلۡحُ خَيۡرٞ "[2]

ترجمہ: اور صلح بہتر ہے۔

اس آیت کریمہ کے الفاظ سے واضح ہوتا ہے کہ فریقین کے درمیان امن بحال کرنا شرعی طور پر منظور ہے، بشرطیکہ اس میں اسلامی حدود کا تقدس برقرار رہے۔

جرگے کے ذریعے اسلحہ بطور ضمانت وصول کرنا اگر امن کی خاطر، واپسی کی شرط پر ہو، شرعی طور پر قابلِ قبول ہے، جب تک کہ ضبط یا جرمانے ریاست یا اسلامی عدالت کے زیر نگرانی ہوں۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہے؛

"أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اشْتَرَى طَعَامًا مِنْ يَهُودِيٍّ إِلَى أَجَلٍ، وَرَهَنَهُ دِرْعًا لَهُ "[3]

ترجمہ: رسول اللہ ﷺ نے ایک یہودی سے اُدھار کھجوریں خریدیں اور اپنی زرہ بطور رہن رکھوائی۔

فقہی قاعدہ ہے۔

"ٱلضَّمَانُ جَائِزٌ فِي ٱلْحُقُوقِ مَعَ ٱلْحَاجَةِ إِلَيْهِ "[4]

یعنی: حقوق کی حفاظت کے لیے ضمانت (کفالت یا رہن) لینا جائز ہے۔

---

[1] شمس مومند، مہمند قبائل، یونیورسٹی بک ایجنسی پشاور، (2016)1/166

[2] النساء(128)

[3] امام بخاری، محمد بن اسماعیل البخاری، صحیح بخاری، باب ماجاء فی الرہن، رقم الحدیث:2509

[4] ابن قدامہ، ابو محمد عبد اللہ بن احمد بن قدامہ، المغنی، (دار احیاء التراث العربی، بیروت 1985)4/183

لیکن اگر مصالحتی عمل کے ذریعے کسی کو بھروسہ دے کر اسلحہ مستقل ضبط کیا جائے یا غیر رسمی خود ساختگی کے ذریعے جرمانہ نافذ کیا جائے، تو وہ اسلامی اور ملکی قانون کی روشنی میں قابل اعتراض تصور ہو گا۔ نبی اکرمؐ کا ارشاد ہے۔

"الصُّلْحُ جَائِزٌ بَيْنَ الْمُسْلِمِينَ إِلَّا صُلحًا أَحَلَّ حَرَامًا أَوْ أَحَلَّ حَلَالًا"[1]

ترجمہ: مسلمانوں کے درمیان صلح جائز ہے، سوائے اس کے جو حرام کو حلال یا حلال کو حرام بنائے۔

لہٰذا، "ڈز بند صلح" کی روح یعنی مسلح تصادم روکنا اور امن قائم کرنا شرعی اصولوں سے ہم آہنگ ہے، بشرطیکہ اس میں شفافیت، ریاستی عدالت یا فقہی نگرانی، اور اسلامی حدود کا لحاظ رہے۔

## (6) ناغہ:

کسی گاؤں یا قوم کی مشترکہ پہاڑی، درختوں اور جنگلات کو تباہی اور فروخت سے بچانے کے لئے ان کی کٹائی پر پابندی کو ناغہ کہتے ہیں۔ ناغہ کی پابندی نہ کرنے والوں سے جرمانہ بھی وصول کیا جاتا ہے۔ جنگلات کی بے دریغ کٹائی پر اسی طرح ہی قابو پایا جاسکتا ہے۔ اس حکم سے کچھ صورتیں مستثنیٰ ہوتی ہیں۔ جیسے کہ گھر کے ضروریات، شادی وغیرہ کے معمولی استعمال کی اجازت ہوتی ہیں، کہ کم مقدار میں کٹائی کی جاسکتی ہے[2]۔

## شرعی جائزہ:

یہ ایک معاشرتی نظم ہے جس میں جنگلات، درختوں اور مشترکہ چراگاہوں کی حفاظت کی غرض سے ان پر پابندی (ناغہ) لگائی جاتی ہے تاکہ بے جا کٹائی سے بچاؤ ہو، اور آنے والی نسلوں کے لئے وسائل محفوظ رہیں، اور صرف ضرورت مند ہی مخصوص مواقع پر فائدہ اٹھاسکتے ہیں۔ شرعی اعتبار سے یہ کوئی ناجائز نہیں بلکہ ناغہ "رسم کا مقصد جنگلات، درختوں اور چراگاہوں کے تحفظ کے لیے ایک معاشرتی وانتظامی نظم قائم کرنا ہے، تاکہ فطری وسائل کا تحفظ کیا جاسکے۔ یہ اقدام شریعت کے اصول "دفع ضرر"، "رفع فساد" اور "تحصیل مصلحت عامہ" کے عین مطابق ہے۔ بالخصوص جب حکومت وقت کسی مصلحت کے پیش نظر یہ پابندی لگائے تو کوئی غلط نہیں کیونکہ اس میں اجتماعی مفاد کی حفاظت ہے۔

اسلام نے فساد فی الارض سے روکا ہے۔ اللہ تعالی کا ارشاد ہے۔

---

[1] بیہقی، احمد بن حسین بن علی، السنن الکبری، کتاب الصلح، رقم الحدیث: 4472

[2] شمس مومند، مہمند قبائل، یونیورسٹی بک ایجنسی پشاور، (2016) 1/168

"وَلَا تُفْسِدُوا فِي الْأَرْضِ بَعْدَ إِصْلَاحِهَا[1]"

ترجمہ: اور زمین میں اصلاح کے بعد فساد نہ کرو۔

اس ایت سے یہ معلوم ہوا کہ درختوں کی بے جا کٹائی اور چراگاہوں کا اندھادھند استعمال ایک طرح کا "فساد" ہے، کیونکہ یہ نظامِ فطرت کی بگاڑ ہے۔

ہمارے دین نے ہمیں امانت داری اور وسائل کے تحفظ کی ہدایت دی ہے۔

"إِنَّا عَرَضْنَا الْأَمَانَةَ عَلَى السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ... فَحَمَلَهَا الْإِنسَانُ[2]"

ترجمہ: ہم نے امانت کو آسمانوں، زمین اور پہاڑوں پر پیش کیا... لیکن انسان نے اسے قبول کر لیا۔

یہاں اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ قدرتی وسائل انسان کے پاس "امانت" ہیں، اور ناغہ رسم اس امانت کی حفاظت کا ایک ذریعہ ہے۔

ہمارا دین ایک ضابطہ حیات ہے یہاں تک کہ درخت لگانے اور تحفظ کی فضیلت بھی ہمارے دین میں مذکور ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد گرامی ہے۔

"ما مِنْ مُسْلِمٍ يَغْرِسُ غَرْسًا، أَوْ يَزْرَعُ زَرْعًا، فَيَأْكُلُ مِنْهُ طَيْرٌ، أَوْ إِنْسَانٌ، أَوْ بَهِيمَةٌ، إِلَّا كَانَ لَهُ بِهِ صَدَقَةٌ[3]"

ترجمہ: جو مسلمان کوئی پودا لگاتا ہے یا کھیتی کرتا ہے اور اس سے کوئی پرندہ، انسان یا جانور کھاتا ہے تو وہ اس کے لیے صدقہ شمار ہوتا ہے۔

تشریح: نبی ﷺ نے درخت لگانے اور حفاظت کو صدقہ قرار دیا ہے، تو جو رسم درختوں کے تحفظ کے لیے ہو، وہ مستحسن ہے۔

اسلام نے ہمیں ماحول کی حفاظت کا درس دیا ہوا ہے۔ حدیث مبارک میں آتا ہے۔

---

[1] الاعراف(56)

[2] الاحزاف(72)

[3] امام بخاری، محمد بن اسماعیل، صحیح بخاری، کتاب الزرع، رق،م الحدیث:2320

"إِذَاقَامَتِ السَّاعَةُوَفِي يَدِ أَحَدِكُم فَسِيلَةٌفَإِنِ اسْتَطَاعَ أَنْ يَغْرِسَهَا فَلْيَغْرِسْهَا"[1]

ترجمہ: اگر قیامت برپا ہو رہی ہو اور تمہارے ہاتھ میں کھجور کا پودا ہو، اور تم اسے لگا سکتے ہو تو ضرور لگاؤ۔

فقہی قواعد کی روشنی میں:

"اَلتَّصَرُّفُ عَلَى اَلرَّعِيَّةِ مَنُوطٌ بِاَلْمَصْلَحَةِ "[2]

ترجمہ: "رعایا پر حکومتی تصرفات کا دار و مدار مصلحت پر ہے۔"

اسی طرح الاشباہ والنظائر میں ہے۔

" الضَّرَرُ يُزَالُ[3]"

ترجمہ: "ضرر کو ختم کیا جائے گا"

امام غزالی نے لکھا ہے۔

"فَمَا جَرَى فِيهِ الضَّرَرُ عَلَى الْعَامَّةِ، وَفِي تَرْكِهِ مَصْلَحَةُ الْجَمَاعَةِ، فَهُوَ مَطْلُوبٌ فِي الشَّرْعِ[4]"

ترجمہ "جو کام عوام کے لیے نقصان دہ ہو، اور اس کے چھوڑنے میں جماعت کی بھلائی ہو، تو وہ شریعت میں مطلوب (پسندیدہ و لازم) ہے۔"

خلاصہ یہ کہ ناغہ ایک مفید انتظامی اقدام ہے جس کا مقصد زمین، جنگلات یا قدرتی وسائل کو آرام کا موقع دینا اور آئندہ کی بہتری کو یقینی بنانا ہے۔ جب کوئی کام اجتماعی فائدے اور ماحول کی بقا کے لیے کیا جائے اور اس میں کسی کی صریح حق تلفی نہ ہو، تو وہ اقدام شریعت کی روح کے خلاف نہیں ہوتا۔ ناغہ کی صورت میں نہ تو کسی فرد کا نقصان ہوتا ہے اور نہ ہی کسی جائز حق پر قدغن لگائی جاتی ہے، بلکہ یہ ایک وقتی نظم ہے جو عام بھلائی کے لیے اختیار کیا جاتا ہے۔ اس لیے اس طرح کا انتظام شریعت سے متصادم نہیں بلکہ نظمِ عامہ کا ایک قابلِ قبول حصہ ہے۔

---

[1] امام احمد بن حنبل، مسند احمد، رقم الحدیث:12902

[2] العز بن عبد السلام، قواعد الاحکام فی مصالح الانام، (مکتبہ الکلیات الازہریہ قاہرہ 1974) 1/66

[3] جلال الدین سیوطی، عبد الرحمن بن ابی بکر بن محمد بن سابق الدین، الاشباہ والنظائر (دار الکتب العلمیہ بیروت 1983) 1/87

[4] امام غزالی، ابو حامد محمد بن محمد الغزالی، المستصفی من علم الاصول (دار الکتب العلمیہ، بیروت 1993) 1/288

## (7) بدرگہ:

اگر کوئی دشمن دار شخص کسی ضرورت کے لئے کسی عزیز، رشتہ دار، یا دوست یا کسی اور کے گھر چلا جائے تو واپسی پر وہ لوگ اس شخص کی حفاظت کی خاطر اس کے ساتھ روانہ ہوتے ہیں۔ خطرے کے حدود سے نکالنے تک یہ لوگ اس شخص کے ساتھ ہوتے ہیں۔ اگر تاک میں بیٹھے ہوئے اس کے دشمن بھی یہ دیکھ لیں کہ اس کے ساتھ دوسرے لوگ (بدرگہ) جارہا ہے، تو وار کرنے کی جرات نہیں کرتے، کیونکہ ایسی صورت میں اسے پھر ان تمام لوگوں کی دشمنی مول لینی پڑتی ہے جو اس کے ساتھ ہوتے ہیں۔ کسی مطلوب دشمن دار کے ساتھ اس طرح جانے کو بدرگہ کہا جاتا ہے[1]۔

## شرعی جائزہ:

اگر بدرگہ کی نیت کسی کو ظلم یا قتل سے بچانا ہے اور یہ پرامن طریقے سے ہو تو شرعاً جائز ہے اور باعث ثواب بھی ہے

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے:

"وَإِنِ اسْتَنْصَرُوكُمْ فِي الدِّينِ فَعَلَيْكُمُ النَّصْرُ[2]"

ترجمہ: "اور اگر وہ تم سے دین کے معاملے میں مدد چاہیں تو تم پر ان کی مدد کرنا لازم ہے۔"

اس آیت سے واضح ہوتا ہے کہ اگر کوئی شخص ظلم یا دشمنی کا شکار ہو اور وہ مدد کا طالب ہو تو مسلمانوں پر اس کی مدد کرنا شرعاً لازم ہے۔

ہمارا دین ہمیں فتنہ و فساد سے بچنے کا حکم دیتا ہے۔

"وَلَا تَعَاوَنُوا عَلَى الْإِثْمِ وَالْعُدْوَانِ ۚ وَتَعَاوَنُوا عَلَى الْبِرِّ وَالتَّقْوَى[3]"

ترجمہ: "گناہ اور زیادتی پر باہمی تعاون نہ کرو، بلکہ نیکی اور تقویٰ پر ایک دوسرے کی مدد کرو۔"

---

[1] شمس مومند، مہمند قبائل، یونیورسٹی بک ایجنسی پشاور، (2016) 1/170

[2] الانفال (72)

[3] المائدہ (2)

لہٰذا اگر بدرگہ کا مقصد اگر کسی کی جان بچانا ہو، تو یہ "البر والتقوی" کے دائرے میں آتا ہے، اور ایسے تعاون کی قرآن نے اجازت بلکہ تاکید کی ہے۔

احادیث مبارک میں مظلوم کی مدد کا حکم موجود ہے۔

**قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ: "اُنْصُرْ أَخَاكَ ظَالِمًا أَوْ مَظْلُومًا"قِيلَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَنْصُرُهُ مَظْلُومًا، فَكَيْفَ أَنْصُرُهُ ظَالِمًا؟قَالَ: تَحْجِزُهُ أَوْ تَمْنَعُهُ مِنَ ٱلظُّلْمِ، فَإِنَّ ذٰلِكَ نَصْرُهُ[1]"**

ترجمہ: "اپنے بھائی کی مدد کرو، خواہ وہ ظالم ہو یا مظلوم۔" عرض کیا گیا: "مظلوم کی مدد تو سمجھ آتی ہے، ظالم کی کیسے؟" فرمایا: "ظالم کو ظلم سے روکنا بھی اس کی مدد ہے۔"

یہ حدیث اس بات کا جامع اصول دیتی ہے کہ مظلوم کی مدد، اور کسی کو ظلم سے روکنا دونوں دینی فریضہ ہیں۔ بدرگہ کا عمل اسی مقصد کو حاصل کرتا ہے۔

اسلام میں کسی کے جان بچانے کی بہت اہمیت مذکور ہے۔

**قَالَ ﷺ: "مَنْ نَفَّسَ عَنْ مُؤْمِنٍ كُرْبَةً مِّنْ كُرَبِ ٱلدُّنْيَا، نَفَّسَ ٱللّٰهُ عَنْهُ كُرْبَةً مِّنْ كُرَبِ يَوْمِ ٱلْقِيَامَةِ" [2]**

ترجمہ: "جو کوئی مؤمن کی دنیاوی پریشانی دور کرے، اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کی پریشانی دور کرے گا۔"

مطلوب شخص کو دشمن کے خطرے سے بچانا یقینی طور پر ایک شدید پریشانی کو دور کرنا ہے، جس پر اللہ کی طرف سے اجر کی خوشخبری دی گئی۔

ہماری فقہی کتابوں میں "مال و جان کی حفاظت کے لیے اقدامات شرعاً مطلوب ہیں" مذکور ہے۔

الإمام النووي رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

**"يَجِبُ دَفْعُ ٱلضَّرَرِ عَنِ ٱلنَّفْسِ وَٱلْغَيْرِ إِنْ أُمْكِنَ، وَلَوْ بِأَدْنَىٰ دَرَجَاتِ ٱلدِّفَاعِ[3]"**

---

[1] امام بخاری، محمد بن اسماعیل، صحیح بخاری، کتاب المظالم، رقم الحدیث:2444

[2] امام مسلم، مسلم بن حجاج القشیری النیسابوری، صحیح مسلم، کتاب البر، رقم الحدیث:2699

[3] امام نووی، یحیی بن شرف بن مری بن حسن، شرح نووی علی مسلم (دار احیاء التراث العربی بیروت 1995)، 12/242

ترجمہ: "اپنے یا دوسرے کی جان سے ضرر کو دور کرنا واجب ہے، اگر ممکن ہو، چاہے ادنیٰ درجہ کے دفاع سے ہی کیوں نہ ہو۔"

بدرگہ بھی ادنیٰ درجہ کا پرامن دفاع ہے جو بغیر لڑائی جھگڑے کے جان کے خطرے کو روکتا ہے۔

اسی طرح شریعت نے اجتماعی تعاون کو سراہا ہے۔ الإمام ابن قدامہ لکھتے ہیں:

"فَإِنْ تَعَيَّنَ ٱلْحُضُورُ لِدَفْعِ ٱلظُّلْمِ عَنْ مُسْلِمٍ، صَارَ فَرْضًا عَلَى ٱلْقَادِرِ عَلَيْهِ [1]"

ترجمہ: "اگر کسی مظلوم کی مدد کے لیے حاضری ضروری ہو، تو اس پر قادر شخص پر یہ فرض ہو جاتی ہے۔

لہٰذا بدرگہ کا مقصد انسانی ہمدردی اور وقتی امن قائم رکھنا ہوتا ہے، تاکہ فریقین کو صلح یا قانونی کارروائی کا موقع مل سکے۔ اگر اس عمل کا استعمال انتقام یا فساد کے بجائے خیر اور اصلاح کے لیے ہو، اور یہ وقتی، مشروط اور امن کی نیت سے کیا جائے، تو اسے معاشرتی مصلحت کے تحت محدود دائرے میں قابلِ قبول سمجھا جا سکتا ہے، بشرطیکہ یہ شریعت کے اصولوں سے متصادم نہ ہو۔

[1] ابن قدامہ، موفق الدین عبداللہ بن احمد بن محمد بن قدامہ، المغنی (دار الفکر، بیروت 1985) 9/43

## فصل دوم: اسلامی تعلیمات سے متصادم رسومات

### (1) عَزِیز وَلی:

جب دو فریقوں کے درمیان دشمنی ہو۔ تو ہر فریق اپنی پارٹی (گروہ) کو مضبوط اور طاقتور بنانے کیلئے اس میں مزید لوگوں کو شامل کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ اس مقصد کیلئے وہ مفادات میں شریک یا ہم خیال لوگوں کی دعوت کرتے ہیں۔ اور مشترکہ طور پر فیصلہ کرتے ہیں کہ فلاں حوالے سے (جس کیلئے عزیز ولی جاری ہو) ہمارا نفع و نقصان شریک ہو گا۔ پھر یہ سب لوگ ایک ساتھ لڑتے ہیں اور ایک دوسرے کے دکھ درد میں فوری اور بھرپور شرکت کرتے ہیں۔ اصل میں یہ رشتہ داری اور دوستی کے علاوہ ایک ایسا بندھن ہوتا ہے جسکا ہر شخص اپنے آپکو پابند تصور کرتا ہے[1]۔

### شرعی جائزہ:

"عزیز ولی" کی رسم شرعی لحاظ سے ناجائز ہے، کیونکہ اس میں گروہ بندی، پارٹی بازی اور عصبیت جیسی وہ تمام قبائلی خصوصیات شامل ہیں جو اسلامی تعلیمات کے سراسر منافی ہیں۔ اسلام کا بنیادی پیغام اتحاد، اخوت، مساوات اور عدل و انصاف پر قائم ہے، جب کہ "عزیز ولی" جیسی رسم لوگوں کو رشتہ داری یا تعلقات کی بنیاد پر ایک خاص گروہ یا پارٹی میں شامل ہونے پر مجبور کرتی ہے، خواہ وہ حق پر ہو یا ناحق پر۔ اس رسم کی وجہ سے حق و انصاف کے بجائے تعصب، جانبداری، اور دوسرے قبیلے یا خاندان کے خلاف محاذ آرائی پیدا ہوتی ہے، جو کہ اجتماعی فساد، لڑائی جھگڑوں اور دشمنی کا سبب بنتی ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

"وَإِنَّ هَٰذِهِۦٓ أُمَّتُكُمۡ أُمَّةٗ وَٰحِدَةٗ وَأَنَا۠ رَبُّكُمۡ فَٱتَّقُونِ–فَتَقَطَّعُوٓاْ أَمۡرَهُم بَيۡنَهُمۡ زُبُرٗاۖ كُلُّ حِزۡبِۭ بِمَا لَدَيۡهِمۡ فَرِحُونَ –فَذَرۡهُمۡ فِي غَمۡرَتِهِمۡ حَتَّىٰ حِينٍ "[2]

ترجمہ: " "اور یقیناً یہ تمہاری امت ایک ہی امت ہے، اور میں تمہارا رب ہوں، لہٰذا مجھ سے ڈرو۔ پھر انہوں نے اپنے دین کو آپس میں ٹکڑے ٹکڑے کر دیا، ہر گروہ اسی پر خوش ہے جو اس کے پاس ہے۔ پس انہیں ان کی غفلت میں چھوڑ دو، ایک وقتِ مقررہ تک۔"

---

[1] شمس مومند، مہمند قبائل آج اور کل، یونیورسٹی بک ایجنسی، پشاور (2016) 1/166

[2] المومنون (52،53،54)

احادیث میں مذکور ہے کہ صحابہ کرام کے مابین اس طرح کی صورتحال پیش آئی تھی، ایک مرتبہ ایک یہودی (بعض روایات کے مطابق شاس بن قیس) نے اوس اور خزرج کے مسلمانوں کو آپس میں دوبارہ لڑانے کے لیے ایک چال چلی۔ اس نے ان کے درمیان جنگِ بعاث کا پرانا تذکرہ چھیڑا، جس میں دونوں قبیلے ایک دوسرے کے خلاف خونریز جنگ لڑ چکے تھے۔

جب جنگِ بعاث کے تذکرے اور پرانی دشمنیوں کا ذکر تازہ ہوا، تو جذبات بھڑک اٹھے، اور دونوں قبیلوں نے ایک دوسرے کو پھر سے مقابلے کے لیے للکارا۔ قریب تھا کہ تلواریں نیام سے نکل آئیں، نبی کریم ﷺ کو اطلاع ملی تو فوراً وہاں پہنچے اور فرمایا۔

" أَبِدَعْوَى ٱلْجَاهِلِيَّةِ وَأَنَا بَيْنَ أَظْهُرِكُمْ؟ أَبَعْدَ إِذْ هَدَاكُمُ ٱللَّهُ إِلَى ٱلْإِسْلَامِ؟[1]"

ترجمہ "کیا جاہلیت کی پکار تم میں اب بھی موجود ہے؟ جبکہ میں تمہارے درمیان موجود ہوں، اور اللہ نے تمہیں اسلام کی ہدایت دی؟"

یہ سن کر صحابہ کرام پر رقت طاری ہو گئی، وہ رونے لگے، اور سب نے تلواریں چھوڑ کر آپس میں صلح کر لی۔ اسی کے متعلق قرآن کریم کی آیت نازل ہوئی۔

"وَٱذْكُرُواْ نِعْمَتَ ٱللَّهِ عَلَيْكُمْ إِذْ كُنتُمْ أَعْدَآءً فَأَلَّفَ بَيْنَ قُلُوبِكُمْ فَأَصْبَحْتُم بِنِعْمَتِهِۦٓ إِخْوَٰنًا وَكُنتُمْ عَلَىٰ شَفَا حُفْرَةٍ مِّنَ ٱلنَّارِ فَأَنقَذَكُم مِّنْهَا"[2]

ترجمہ: "اور اللہ کی اس نعمت کو یاد کرو جب تم (ایک دوسرے کے) دشمن تھے، پھر اس نے تمہارے دلوں میں الفت ڈال دی، پس تم اس کی نعمت سے بھائی بھائی بن گئے۔ اور تم آگ کے گڑھے کے کنارے پر تھے، تو اس نے تمہیں اس سے بچا لیا۔"

اس آیت میں فرقہ بندی اور بالخصوص غیر شرعی معاملے (مثلاً لڑائی جھگڑے کے لیے) گروہ بندی کو جاہلی رسم قرار دے کر "تباہی کے کنارے" سے تعبیر کیا گیا ہے۔

لہٰذا "عزیز ولی" کی رسم، جیسا کہ موجودہ دور میں رائج ہے، عمومی طور پر شریعت کے منافی اور اسلامی اصولوں سے متصادم نظر آتی ہے۔ کیونکہ یہ رسم اکثر گروہ بندی، خاندانی عصبیت، اور غیر مشروط حمایت جیسے جذبات کو فروغ دیتی ہے، جو کہ اسلامی اخوت، عدل، اور حق پسندی کے اصولوں کے خلاف ہیں۔ تاہم اگر اس رسم کو اس کے رائج طریقے سے ہٹ کر محض

---

[1] امام مسلم، صحیح مسلم، باب تحریم الدعوی الجاهلیه وبیان انها من فعل الجاهلیه، رقم الحدیث 1218

[2] آل عمران (103)

اصلاح، خیر خواہی اور صلح کے نیک مقاصد کے لیے استعمال کیا جائے، اور اس میں کسی فریق کی حمایت یا مخالفت کی بجائے صرف فریقین کے درمیان مصالحت اور امن قائم کرنے کی نیت ہو، تو ایسی صورت میں یہ رسم قابلِ قبول اور مستحسن عمل کی شکل اختیار کر سکتی ہے۔ کیونکہ اسلام صلح، بھائی چارے اور جھگڑوں کے خاتمے کو نہایت پسند کرتا ہے، اور اگر کوئی رسم اپنی شکل بدل کر خیر و بھلائی کا ذریعہ بن جائے، تو شریعت اسے قبول کرتی ہے۔ اس لیے "عزیز ولی" کی رسم کا استعمال اگر محض اصلاح اور صلح کی نیت سے ہو، تو وہ شریعت کے دائرے میں رہتے ہوئے قابلِ تحسین قرار دی جا سکتی ہے۔

## (2) وَلْوَرْ:

ولور اس رقم کو کہتے ہیں جو لڑکی کے والدین اپنی بیٹی کا رشتہ دیتے وقت لڑکے پر دینا لازمی کرتے ہیں۔ آج کل اس رسم کو بیٹی کے فروخت کرنے سے تعبیر کیا جاتا ہے اور اسے اچھا نہیں سمجھا جاتا لیکن اس کی حقیقت اصل میں یہ ہے کہ لڑکی والے یہ بات معلوم کرنے کے لئے کہ لڑکا کل ان کی لڑکی کا ضروریات پوری کر سکے گا یا نہیں اس سے ایک مقررہ رقم ولور کے طور پر طلب کرتے ہیں۔ اگر لڑکا ولور کا مطلوبہ رقم ادا کرنے پر راضی ہوتا ہے تو لڑکی والے سمجھ جاتے ہیں کہ لڑکا کل ان کی بیٹی کی ضروریات کو ادا کرنے پر قادر ہے، اس لئے رشتہ دے دیتے ہیں اور اگر لڑکے والے مطلوبہ رقم کی ادائیگی سے انکار کریں، تو لڑکی والے سمجھ جاتے ہیں کہ لڑکا کل ضروریات کی ادائیگی پر قادر نہیں ہے؛ اس لئے رشتہ دینے سے انکار کرتے ہیں۔ یہاں یہ بات واضح رہے کہ لڑکی والے اس ولور کی رقم کے ساتھ مزید اتنی رقم ملا کر لڑکی کے لئے جہیز وغیرہ کا بندوبست کرتے ہیں۔ البتہ آج کل یہ رسم آہستہ آہستہ کم ہوتا جارہا ہے[1]۔

## شرعی جائزہ:

نکاح چونکہ ایک عقد شرعی ہے جس میں مال کا مطالبہ یا مال کا لین دین صرف مہر کی صورت میں جائز ہے، جو کہ شوہر کی طرف سے بیوی کو دیا جاتا ہے۔

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔

"وَآتُوا النِّساءَ صَدُقاتِهِنَّ نِحْلَةً"[2]

---

[1] شمس مومند، مہمند قبائل، یونیورسٹی بک ایجنسی پشاور، (2016)172/1

[2] النساء(4)

ترجمہ: اور عورتوں کو ان کا مہر خوش دلی سے عطا کرو۔

اس کے برعکس لڑکی کے والدین لڑکے سے رقم طلب کریں تو یہ شریعت میں مشروع نہیں۔ قرآن سے دلیل۔

"لَا تَأْكُلُوا أَمْوَالَكُم بَيْنَكُم بِالْبَاطِلِ إِلَّا أَنْ تَكُونَ تِجَارَةً عَنْ تَرَاضٍ مِّنكُمْ[1]"

ترجمہ: "آپس میں ایک دوسرے کا مال ناحق طریقے سے نہ کھاؤ، مگر یہ کہ تمہاری باہمی رضامندی سے تجارت ہو۔"

استدلال: ولور جیسے مطالبات، جب معاشرتی دباؤ یا روایتی جبر کی بنیاد پر ہوں، تو وہ بلا رضا و عدل ہوتے ہیں، اور باطل طریقے سے مال لینے کے مترادف ہیں، جس سے قرآن نے منع فرمایا ہے۔

حدیث مبارک میں آتا ہے۔

"لَا يَحِلُّ مَالُ امْرِئٍ مُسْلِمٍ إِلَّا بِطِيبِ نَفْسٍ مِنْهُ"[2]

ترجمہ: "کسی مسلمان کا مال، اس کی رضامندی کے بغیر حلال نہیں۔"

استدلال: "ولور" کا مطالبہ اکثر خاندان کی طرف سے دباؤ یا رسم کے طور پر کیا جاتا ہے، جو خالص رضا کے خلاف ہوتا ہے، لہٰذا اس طرح مال لینا شرعاً ناجائز ہے۔

ولور کی صورت میں ممانعت کے اسباب:

1. آزاد بیٹی کو فروخت کرنے کی خرابی
2. نکاح کو تجارت بنانا
3. ظلم واستحصال کا دروازہ کھولنا کہ ولور کی شرط لڑکی کے لئے رکاوٹ بن سکتی ہے، اور غریب لڑکوں پر بوجھ بن سکتی ہے۔

جبکہ دوسری طرف شریعت مطہرہ نے بہترین نکاح اس کو قرار دیا جس میں خرچہ کم ہو۔

---

[1] لنساء(29)

[2] الدارقطني، علی بن عمر بن احمد، سنن الدارقطني، کتاب البیوع، رقم الحدیث:2885

وَعَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ ٱللَّهُ عَنْهَا قَالَتْ: قَالَ ٱلنَّبِيُّ ﷺ: "إِنَّ أَعْظَمَ ٱلنِّكَاحِ بَرَكَةً أَيْسَرُهُ مُؤْنَةً"۔[1]

ترجمہ: حضرت عائشہؓ بیان کرتی ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا: وہ نکاح سب سے زیادہ بابرکت ہے جس میں خرچہ کم ہو۔

پھر جو رقم لڑکے والے دیں گے عام طور پر وہ دل سے اس پر راضی نہیں ہوتے، بلکہ صرف مجبوری میں شرمندگی سے بچنے کے لئے دیتے ہیں، شرعی اعتبار سے یہ بھی درست نہیں کہ کسی کا مال اس کی رضامندی کے بغیر لیا جائے،

حدیث رسول پاک ہے۔

"قَالَ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ: "أَلَا لَا تَظْلِمُوا، أَلَا لَا يَحِلُّ مَالُ ٱمْرِئٍ إِلَّا بِطِيبِ نَفْسٍ مِّنْهُ"۔ "[2]

ترجمہ: "خبر دار! ظلم نہ کرو۔ یاد رکھو! کسی مسلمان کا مال اس کی خوش دلی کے بغیر حلال نہیں۔"

**(3) سُوَرَہ:**

اس رسم کے تحت صلح جیسے نیک مقصد کے حصول کے لئے قاتل خاندان کا کوئی شخص اپنی بیٹی یا بہن کا رشتہ مقتول کے خاندان کے کسی شخص سے طے کرتا ہے۔ تاکہ دشمنی ختم ہو، کیونکہ قبائلی علاقوں میں لوگ عورت کو اپنی عزت سمجھتے ہیں ۔اس لئے جب قاتل کی خاندان اپنی عزت (بہن یا بیٹی) کو مقتول کے خاندان کے کسی فرد کے حوالے کردے تو وہ اس کو اپنی تسکین سمجھتے ہیں۔ اب اس کی وجہ سے دونوں خاندانوں کے درمیان دوستی کا ایک نیا باب کھل جاتا ہے۔ کیونکہ قبائلی علاقوں میں عام طور پر لڑکی، لڑکے کی شادی ان کے والدین ہی طے کرتے ہیں۔ اس لئے یہ بھی والدین کے ذریعے طے شدہ شادی ہے[3]۔

## شرعی جائزہ:

اس رسم سے اگرچہ مقصود صلح اور امن جیسے عظیم مقاصد کو حاصل کرنا ہے، لیکن جو راستہ اختیار کیا گیا ہے وہ شرعی نقطہ نظر سے بہت خرابیوں کا باعث بن سکتی ہے۔

نکاح کی صورت میں لڑکی کی رضامندی کو سلب کرنا جو کہ شرعا درست نہیں۔ فرمان مصطفی ہے۔

---

[1] امام احمد بن حنبل، مسند احمد، باب ماجاء فی قلۃ المہر، رقم الحدیث 1887

[2] الدار قطنی، امام علی بن عمر، سنن دار قطنی، باب ماجاء فی تحریم اخذ المال، رقم الحدیث: 2888

[3] شمس مومند، مہمند قبائل، یونیورسٹی بک ایجنسی پشاور، (2016) 1/173

"لَا تُنْكَحُ ٱلأَيِّمُ حَتَّى تُسْتَأْمَرَ، وَلَا تُنْكَحُ ٱلْبِكْرُ حَتَّى تُسْتَأْذَنَ"[1]

**ترجمہ:** "بیوہ عورت کا نکاح اُس وقت تک نہ کیا جائے جب تک اُس سے مشورہ نہ لیا جائے، اور کنواری لڑکی کا نکاح اُس وقت تک نہ کیا جائے جب تک اُس سے اجازت نہ لی جائے۔"

دوسری بات یہ قابل غور ہے کہ نکاح سے مقصود یہ ہے کہ میاں بیوی چین، سکوں اور آرام کی زندگی گزار سکیں۔ اللہ تعالی کا فرمان ہے۔

"وَمِنْ آيَاتِه أَنْ خَلَقَ لَكُمْ مِنْ أَنْفُسِكُمْ أَزْوَاجًا لِتَسْكُنُوا إِلَيْهَا وَجَعَلَ بَيْنَكُمْ مَوَدَّة وَرَحْمَة إِنَّ فِي ذَلِك لَآيَات لِقَوْمٍ يَتَفَكَّرُونَ"[2]

ترجمہ: "اور اس کی نشانیوں میں سے یہ ہے کہ اس نے تمہارے لیے تم ہی میں سے بیویاں پیدا کیں تا کہ تم ان کے پاس سکون حاصل کرو، اور اس نے تمہارے درمیان محبت اور رحمت رکھ دی۔ یقیناً اس میں ان لوگوں کے لیے نشانیاں ہیں جو غور و فکر کرتے ہیں۔"

لیکن اس صورت مین لڑکی کو بطور قربانی کے پیش کرنا اس کی عزت نفس اور انسانی وقار کی خلاف ورزی ہے۔ یہ رسم معاشرتی دشمنیوں کو وقتی طور پر دبا دیتا ہے مگر عورت کی زندگی کو تباہ کرتا ہے، اور بعض دفعہ تو مقتول کے ورثاء، شوہر وہ اس لڑکی پر پرانی دشمنی کی آڑ میں ظلم کے پہاڑ توڑ دیتے ہیں، جو کہ بالکل ناجائز ہے۔

اب یہ تمام خرابیاں ان غیر شرعی رسومات کی وجہ سے پیش آئی ہیں، تو اگر مذکورہ صورت میں شریعت کے اصول و ضوابط کے اوپر عمل کیا جائے کہ فریقین کے درمیان صلح شریعت کے بیان کردہ اصولوں کے مطابق ہو تو ان تمام مفاسد سے بچا جا سکتا ہے۔

## (4) کُوشُونْدَہ:

اگر کسی قتل کا راضی نامہ کرنے والا جرگہ یہ فیصلہ کرے کہ قاتل کو علاقہ بدر کیا جائے۔ باقی لوگوں کے ساتھ مقتول کے ورثاء معمول کے تعلقات قائم رکھیں گے۔ اس قسم کے علاقہ بدر شخص کو کوشوندہ کہتے ہیں[3]۔

---

[1] امام بخاری، محمد بن اسماعیل البخاری، صحیح بخاری، باب لا تنکح الایم۔۔۔۔۔۔، رقم الحدیث:5136

[2] الروم(21)

[3] شمس مومند، مہمند قبائل، یونیورسٹی بک ایجنسی پشاور، (2016)171/1

## شرعی جائزہ:

"کوشونده" جیسی علاقہ بدری کا مقصد اگر صرف فتنے کا خاتمہ، امنِ عامہ کی بحالی، فریقین کے جذبات کو ٹھنڈا کرنا، یا انتقامی جذبات کو روکنا ہو، تو یہ شریعت کے اصولوں کے عین مطابق ہے۔اس کی تفصیلی وضاحت اور دلائل درج ذیل ہیں۔

اللہ تعالی کا ارشاد مبارک ہے۔

"فَأَصْلِحُوا بَيْنَهُمَا فَإِنْ بَغَتْ إِحْدَاهُمَا عَلَى الْأُخْرَىٰ فَقَاتِلُوا الَّتِي تَبْغِي..."[1]

ترجمہ: "توان دونوں کے درمیان صلح کراؤ، پھر اگر ان میں سے ایک دوسرے پر زیادتی کرے تو تم اس سے لڑو جو زیادتی کر رہی ہو۔"

یہ آیت اس بات کا ثبوت ہے کہ فتنہ وفساد کو روکنے کے لیے سخت اقدامات اختیار کرنا جائز ہے۔علاقہ بدری اس کا نرم اور حکمت آمیز متبادل ہے۔اسی طرح اللہ تعالی فرماتے ہیں۔

"وَاللَّهُ لَا يُحِبُّ الْفَسَادَ"[2]

ترجمہ:"اللہ فساد کو پسند نہیں کرتا۔"

اسی طرح نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارچاد مبارک ہے۔

"اقْتُلُوا القاتلَ واصْلُبُوهُ وَغَرِّبُوهُ"[3]

اس حدیث سے فقہاء نے اخذ کیا کہ: جلاوطنی یا علاقہ بدری بطور تعزیر جائز ہے۔

"تَصَرُّفُ الإِمَامِ عَلَى الرَّعِيَّةِ مَنُوطٌ بِالمَصْلَحَةِ"[4]

ترجمہ:"حاکم کا ہر فیصلہ رعایا کی مصلحت سے مشروط ہے۔"

---

[1] الحجرات(9)

[2] البقرہ(205)

[3] امام بخاری، محمد بن اسماعیل البخاری، صحیح بخاری، باب ماجاء فی الحاربہ، رقم الحدیث:6878

[4] امام سیوطی، جلال الدین عبدالرحمن بن ابو بکر سیوطی، الاشباہ والنظائر (دار الکتب، بیروت 1983)، 1/87

پس اگر علاقے کے لوگوں کی جان ومال، امن وامان یا جذباتی استحکام "کوشونده" (علاقہ بدری) سے حاصل ہوتا ہے تو یہ مصلحت پر مبنی اقدام ہوگا، جسے شریعت تسلیم کرتی ہے۔

جلاوطنی (علاقہ بدری) کا اختیار عام حالات میں صرف "حاکم وقت" یا اس کے باقاعدہ اختیارات رکھنے والے ادارے کو حاصل ہے، نہ کہ عام افراد، جرگے، یا غیر ریاستی اداروں کو۔

قرآن میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے۔

"يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ وَأُولِي الْأَمْرِ مِنكُمْ"[1]

ترجمہ: اے ایمان والو! اللہ کی اطاعت کرو، رسول کی اطاعت کرو اور تم میں سے صاحبانِ امر کی بھی

اس آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ اولی الامر (حکام، قاضی یا حکومت) کو نظمِ اجتماعی کے معاملات میں فیصلہ کرنے کا حق حاصل ہے۔

حدیث مبارک ہے۔

آپ علیہ السلام جب ماعز اسلمی کو سزا دے رہا تھا، تو پوچھا "ابک جنون؟" کیا تجھے پاگل پن ہے؟

اسی طرح فقہی قاعدہ ہے۔

"تَنْفِيذُ ٱلْحُدُودِ إِلَى ٱلْإِمَامِ أَوْ نَائِبِهِ"[2]

ترجمہ: حدود اور شرعی سزائیں امام (حکومت) یا اس کے نمائندے ہی نافذ کر سکتے ہیں۔

## (5) بَرآمتہ:

لفظ برآمتہ کا اصل فارسی لفظ برآمد ہے۔ جس کے معنی نکل آنے یا نکالنے کا فعل ہے[3]۔ مہمند ایجنسی میں کسی کی ڈوبی ہوئی رقم یا یانہ ملنے والی رقم کو نکالنے کیلئے جو غیر انسانی اور غیر اسلامی فعل اپنایا جاتا ہے۔ اسے برآمتہ کہتے ہیں۔ ایجنسی میں کوئی ایک فریق کسی دوسرے فریق سے اپنی جائز یا ناجائز قرض نکلوانے یا کسی تنازعہ میں اپنی مرضی کا فیصلہ یا مطالبہ منوانے کیلئے

---

[1] النساء(59)

[2] ابن عابدین شامی، محمد آمین بن عمر بن عبدالعزیز، ردالمحتار علی الدر المختار (دار الفکر، بیروت 1992)3/1

[3] علی اکبر، لغت نامہ دہخدا، (تہران یونیورسٹی تہران 2000)

دوسرے فریق کے کسی رشتہ دار، گاؤں والے یا قوم والے کسی بھی شخص یا گاڑی کو اسلحہ کی نوک پر یرغمال بناتے ہیں۔ اسے کسی کمرے میں بند کرتے ہیں یا اس پر پہرہ بٹھاتے ہیں۔ مقامی اصطلاح میں اس غیر انسانی فعل کو بر آمتہ کہتے ہیں۔ اس عمل کا مقصد تنازعہ میں غیر متعلقہ لوگوں کو گھسیٹ کر دوسرے فریق پر دباؤ بڑھانا ہوتا ہے۔ اس طرح لوگ اپنے مقصد میں کامیاب بھی ہوتے ہیں[1]۔

## شرعی جائزہ:

شریعت اسلامیہ میں اس طرح رسم کی کوئی گنجائش نہیں ہے، اسلام نے دوسروں کے جان ومال اور عزت کو محفوظ کیا ہے اور خوف و حراس پھیلانے والوں کے لیے سخت سے سخت سزائیں مقرر کیں ہیں۔ یہ عمل نہ صرف اخلاقی طور پر قابل مذمت ہے بلکہ شریعت کے اصولوں کی کھلی خلاف ورزی بھی ہے۔ اس رسم کا اسلامی تعلیمات کی روشنی میں تجزیہ درج ذیل ہے:

قرآن کی روشنی میں:

اللہ تعالیٰ قرآن مجید میں فرماتا ہے:

"وَلَا يَجْرِمَنَّكُمْ شَنَاٰنُ قَوْمٍ عَلٰٓى اَلَّا تَعْدِلُوْا ۚ اِعْدِلُوْا ۫ هُوَ اَقْرَبُ لِلتَّقْوٰى"[2]

ترجمہ: "اور کسی قوم کی دشمنی تمہیں اس بات پر آمادہ نہ کرے کہ تم انصاف نہ کرو، انصاف کرو، یہی تقویٰ سے قریب تر ہے۔"

یہ آیت واضح کرتی ہے کہ کسی فریق کی دشمنی میں عدل و انصاف کا دامن ہاتھ سے چھوڑ دینا ناجائز ہے۔ بر آمتہ جیسے عمل میں دوسرے فریق کے بے گناہ افراد کو تکلیف پہنچانا ظلم ہے، جو اس آیت کے بر خلاف ہے۔ اسی طرح قرآن میں آتا ہے۔

"وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰى"[3]

ترجمہ: "کوئی جان دوسرے کی خطا کا بوجھ نہیں اٹھاتی۔"

---

[1] شمس مومند، مہمند قبائل، یونیورسٹی بک ایجنسی پشاور، (2016)173/1

[2] المائدہ (8)

[3] الانعام (164)

اس آیت سے ثابت ہوتا ہے کہ کسی فرد کا جرم دوسرے فرد پر لاگو نہیں کیا جا سکتا۔ بر آمتہ میں بالکل اس کے برعکس عمل کیا جاتا ہے۔

حدیث نبوی ﷺ کی روشنی میں:

"إِنَّ دِمَاءَكُمْ وَأَمْوَالَكُمْ وَأَعْرَاضَكُمْ عَلَيْكُمْ حَرَامٌ"[1]

ترجمہ: "بے شک تمہارے خون، مال اور عزتیں تم پر حرام ہیں۔"

اس حدیث سے ثابت ہے کہ کسی مسلمان کا مال اور جان دوسرے مسلمان پر حرام ہے، الا یہ کہ شریعت اجازت دے۔ بر آمتہ میں افراد کو زبردستی قید کرنا اور دھمکانا ان کی حرمت پامال کرنے کے مترادف ہے۔

اسی طرح ایک اور حدیث میں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔

"مَنْ ضَارَّ ضَارَّ اللهُ بِهِ، وَمَنْ شَاقَّ شَاقَّ اللهُ عَلَيْهِ"[2]

ترجمہ: "جو کسی کو نقصان پہنچائے، اللہ اسے نقصان پہنچائے گا۔ جو کسی کے لیے سختی کرے، اللہ اس پر سختی کرے گا۔"

فقہ اسلامی کی روشنی میں:

فقہائے کرام کے مطابق کسی بھی جرم کا الزام صرف مجرم پر لگتا ہے، کسی اور پر نہیں۔ علامہ ابنِ قدامہ حنبلی رحمہ اللہ فرماتے ہیں۔

"وَلَا يُحْبَسُ أَحَدٌ فِي دَيْنِ غَيْرِهِ، وَلَا فِي جُرْمِ غَيْرِهِ "[3]

ترجمہ: "کسی کو نہ تو دوسرے کے قرض میں اور نہ ہی کسی اور کے جرم میں قید کیا جا سکتا ہے۔

بر آمتہ میں نہ صرف دوسرے کے جرم یا قرض پر کسی اور کو قید کیا جاتا ہے بلکہ اس پر ظلم بھی کیا جاتا ہے۔ اسلامی قانون کے تحت کسی کو زبردستی پکڑنا یا روکنا صرف قاضی (عدالت) کے حکم پر جائز ہوتا ہے۔ فقہاء کی رائے ہے کہ

---

[1] امام بخاری، محمد بن اسماعیل بخاری، صحیح بخاری، باب ماجاء فی المحاربہ، رقم الحدیث:1739

[2] امام ترمذی، محمد بن عیسی بن سورہ، سنن ترمذی، باب ماجاء فی التعادی والتحاسد، رقم الحدیث:1940

[3] علامہ ابن قدامہ، محمد موفق الدین عبد اللہ بن احمد بن قدامہ، المغنی، (دار احیاء التراث الاعربی 1985) 4/335

"اَلْحَبْسُ لَا يَجُوزُ إِلَّا بِأَمْرِ ٱلْقَاضِي فِي دَعْوَىٰ ثَابِتَةٍ[1]"

ترجمہ: "قید کرنا صرف قاضی کے حکم سے جائز ہے، جب کوئی دعویٰ ثابت ہو جائے۔"

بر آمتہ میں اس اصول کی صریح خلاف ورزی ہوتی ہے۔

"بر آمتہ" کی رسم شریعتِ اسلامیہ کی واضح تعلیمات کے صریح خلاف ہے، کیونکہ یہ رسم نہ صرف عدل و انصاف کے اصولوں کو پامال کرتی ہے بلکہ ظلم کو فروغ دیتی ہے۔ اس رسم میں کسی جرم کے بدلے میں مجرم کی بجائے اس کے رشتہ دار یا قبیلے کے دوسرے افراد کو پکڑ کر بند کیا جاتا ہے، جو کہ سراسر بے گناہوں کو سزا دینے کے مترادف ہے۔ شریعت کا اصول ہے کہ ہر شخص صرف اپنے عمل کا جواب دہ ہے، اور کسی کو دوسرے کے جرم میں سزا دینا قطعاً ناجائز اور ظلم ہے۔ بر آمتہ در حقیقت عدالت کے بغیر کسی کو قید کرنے کا عمل ہے، جو اسلامی عدالتی نظام، جس میں ثبوت، گواہی اور قاضی کا فیصلہ لازم ہے، اس کے بالکل بر خلاف ہے۔ یہ رسم نہ صرف افراد کے بنیادی حقوق کو سلب کرتی ہے بلکہ معاشرتی امن کو بھی شدید نقصان پہنچاتی ہے، کیونکہ اس سے انتقامی کارروائیاں، بغض، دشمنی اور بدامنی کو ہوا ملتی ہے۔ لہٰذا اس رسم کا خاتمہ اور اسلامی اصولوں کے مطابق عدل و انصاف کا قیام ناگزیر ہے۔

لہٰذا یہ رسم ناجائز، حرام اور غیر اسلامی ہے۔ علما، مشائخ اور اصلاحی طبقات کو چاہیے کہ اس رسم کے خاتمے کے لیے آگاہی مہمات اور خطبات کا اہتمام کریں، اور حکومت پر لازم ہے کہ ایسے غیر قانونی و غیر شرعی اعمال کی بیخ کنی کرے۔

## (6) لشکرؔ یالخکر:

اگرچہ زر، زن اور زمین کے لئے لڑائی، جھگڑے حتیٰ کہ قتل و قتال تمام پختونوں کی طرح قبائل کے سم ورواج کا جزلا ینفک ہے، لیکن بعض اوقات جب کوئی بہت بڑا ظلم ہو جائے، مثلاً کسی خاندان کی جائیداد پر قبضہ کرنے کے لئے اس کے تمام مردوں کا قتل کرنا، کسی بے کس اور بے سہارا خاتون یا بیوہ کو زبردستی اسکے گھر سے بے دخل کر بایا اسکی جائیداد پر قبضہ کرنا یا کسی بے سہارا خاتوں کی آبروریزی کی کوشش کرنا وغیرہ۔

تو ایسی صورت میں چند باکردار اور بااثر مشران پوری قوم میں اعلانات کرتے ہیں کہ ایسا ظلم ہوا، اور فلاں وقت مقام پر ان ظالموں کے خلاف لشکر کشی ہو گی، اس مقصد کے لئے قوم کی اکثر جوان اور عمر رسیدہ مرد اسلحہ سے لیس ہو کر متعلقہ جگہ پر جمع

---

[1] ابن عابدین شامی، محمد آمین بن عمر بن عبد العزیز، رد المحتار علی الدر المختار (دار الفکر، بیروت 1992) 344/6

ہوتے ہیں۔ پہلے ظالموں کو اطلاع بھیجتے ہیں اور پھر بزور لشکر ظالم کے گھر حجرہ وغیرہ مسمار کرتے ہیں، ان کے سامان کو لوٹا جاتا ہے اور انہیں باہمی مشورہ سے مناسب جرمانہ کرتے ہیں[1]۔

## شرعی جائزہ:

### پہلی بات:

اسلام مظلوم کی حمایت کا حکم دیتا ہے۔ اللہ تعالی کا فرمان ہے۔

**" وَمَا لَكُمْ لَا تُقَاتِلُونَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ وَالْمُسْتَضْعَفِينَ مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَاءِ وَالْوِلْدَانِ..."[2]**

ترجمہ: "اور تمہیں کیا ہوا ہے کہ تم اللہ کی راہ میں اور اُن بے بس مردوں، عورتوں اور بچوں کے لیے نہیں لڑتے جو پکارتے ہیں: اے ہمارے رب! ہمیں اس بستی سے نکال جس کے لوگ ظالم ہیں..."

اسی طرح اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں۔

**"أُذِنَ لِلَّذِينَ يُقَاتَلُونَ بِأَنَّهُمْ ظُلِمُوا وَإِنَّ اللَّهَ عَلَى نَصْرِهِمْ لَقَدِيرٌ"[3]**

ترجمہ: "اجازت دی گئی اُن لوگوں کو جو مظلوم بنا دیے گئے کہ وہ (دشمن کے خلاف) لڑیں، اور بے شک اللہ ان کی مدد پر قادر ہے۔"

احادیث مبارک میں آتا ہے۔

**عَنْ أَنَسٍ رَضِيَ ٱللَّهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ ٱللَّهِ ﷺ: "ٱنْصُرْ أَخَاكَ ظَالِمًا أَوْ مَظْلُومًا"، فَقَالَ رَجُلٌ: يَا رَسُولَ ٱللَّهِ! أَنْصُرُهُ إِذَا كَانَ مَظْلُومًا، أَفَرَأَيْتَ إِذَا كَانَ ظَالِمًا، كَيْفَ أَنْصُرُهُ؟ قَالَ: "تَحْجُزُهُ أَوْ تَمْنَعُهُ مِنَ ٱلظُّلْمِ، فَإِنَّ ذَٰلِكَ نَصْرُهُ""[4]**

---

[1] شمس مومند، مہمند قبائل، یونیورسٹی بک ایجنسی پشاور، (2016)168/1

[2] النساء(75)

[3] الحج(39)

[4] امام بخاری، محمد بن اسماعیل بخاری، باب اعن اخاک ظالما او مظلوما، رقم الحدیث 2444

ترجمہ: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "اپنے بھائی کی مدد کرو خواہ وہ ظالم ہو یا مظلوم"۔ صحابہ نے عرض کیا: "اگر وہ مظلوم ہو تو اس کی مدد سمجھ آتی ہے، لیکن اگر وہ ظالم ہو تو کس طرح مدد کریں؟" آپ ﷺ نے فرمایا: "اسے ظلم سے روکنا یہی اس کی مدد ہے۔"

قَالَ رَسُولُ ٱللَّهِ ﷺ: "ٱتَّقُوا دَعْوَةَ ٱلْمَظْلُومِ، فَإِنَّهَا لَيْسَ بَيْنَهَا وَبَيْنَ ٱللَّهِ حِجَابٌ"[1]

ترجمہ: آپ علیہ السلام نے فرمایا "مظلوم کی بد دعا سے ڈرو۔ کیونکہ اسکی بد دعا اور اللہ کے درمیان کوئی حجاب نہیں ہوتا"

قَالَ ٱلنَّبِيُّ ﷺ: "ثَلَاثَةٌ لَا تُرَدُّ دَعْوَتُهُمْ: ٱلْإِمَامُ ٱلْعَادِلُ، وَٱلصَّائِمُ حَتَّى يُفْطِرَ، وَدَعْوَةُ ٱلْمَظْلُومِ، يَرْفَعُهَا ٱللَّهُ فَوْقَ ٱلْغَمَامِ، وَيَفْتَحُ لَهَا أَبْوَابَ ٱلسَّمَاءِ، وَيَقُولُ ٱلرَّبُّ: وَعِزَّتِي لَأَنْصُرَنَّكَ وَلَوْ بَعْدَ حِينٍ"[2]

ترجمہ: "تین افراد کی دعائیں رد نہیں ہوتیں: عادل حکمران، روزہ دار (افطار تک)، اور مظلوم کی دعا۔ اللہ تعالیٰ اس دعا کو بادلوں سے اوپر اٹھاتا ہے، آسمان کے دروازے کھولتا ہے، اور فرماتا ہے: 'میری عزت کی قسم! میں ضرور تیری مدد کروں گا اگرچہ کچھ دیر بعد ہی کیوں نہ ہو'۔"

اس حدیث کا مطلب یہ ہے کہ اپنے مسلمان بھائی کی مدد کرو چاہے ظالم ہو یا مظلوم، تو مظلوم کی حمایت کا مطلب یہ ہے کہ اس کو ظلم سے روکے۔

دوسری بات:

کیا قانون کو ہاتھ میں لینا چاہیئے؟

قانون کو ہاتھ میں لینا (یعنی خود سے کسی کو سزا دینا، قصاص لینا، یا جھگڑے کا فیصلہ کرنا بغیر شرعی یا قانونی عدالت کے) اسلامی شریعت کے اصولوں کے خلاف ہے۔ اسلام میں عدل، امن، اور نظم وضبط کا خاص خیال رکھا گیا ہے، اور کسی فرد کو از خود قانون نافذ کرنے کی اجازت نہیں دی گئی، سوائے خاص حالات کے جو شریعت طے کرتی ہے۔

---

[1] ایضا، باب اتقوا دعوۃ المظلوم، رقم الحدیث، 2448

[2] امام ترمذی، محمد بن عیسی بن سورہ، سنن ترمذی، باب ماجاء فی دعوہ المظلوم، رقم الحدیث، 3598

قانون کو ہاتھ میں لینا (یعنی خود سے کسی کو سزا دینا، قصاص لینا، یا جھگڑے کا فیصلہ کرنا بغیر شرعی یا قانونی عدالت کے) اسلامی شریعت کے اصولوں کے خلاف ہے۔ اسلام میں عدل، امن، اور نظم وضبط کا خاص خیال رکھا گیا ہے، اور کسی فرد کو از خود قانون نافذ کرنے کی اجازت نہیں دی گئی، سوائے خاص حالات کے جو شریعت طے کرتی ہے۔

قرآن کریم میں ارشاد ہے۔

"يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ وَأُولِي الْأَمْرِ مِنكُمْ [1]"

ترجمہ: اے ایمان والو! اللہ کی اطاعت کرو، رسول کی اطاعت کرو، اور ان لوگوں کی بھی جو تم میں سے صاحبِ اختیار ہوں

اسی طرح حدیث مبارک میں آتا ہے۔

عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ رَضِيَ ٱللَّهُ عَنْهُمَا، قَالَ: قَالَ رَسُولُ ٱللَّهِ صَلَّى ٱللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "لَا يَأْخُذْ أَحَدٌ حَقَّهُ بِيَدِهِ، فَلْيَأْتِ ٱلسُّلْطَانَ "[2]

ترجمہ: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "کوئی شخص اپنا حق خود نہ لے، بلکہ حاکم کے پاس جائے

امام ابن قدامہ حنبلی (رحمہ اللہ) فرماتے ہیں۔

"وَلَا يَجُوزُ لِلْإِنْسَانِ أَنْ يُقِيمَ الْحَدَّ عَلَى نَفْسِهِ، وَلَا عَلَى غَيْرِهِ إِلَّا بِإِذْنِ الْإِمَامِ، وَذَلِكَ لِأَنَّهُ حَقٌّ لِلَّهِ، فَلَا يُقِيمُهُ إِلَّا مَنْ أُمِرَ بِهِ"[3]

**ترجمہ:** "کسی انسان کے لیے یہ جائز نہیں کہ وہ خود اپنے اوپر حد نافذ کرے، اور نہ ہی کسی دوسرے پر (حد) قائم کرے، مگر امام (حاکم یا اس کے نائب) کی اجازت سے۔ کیونکہ یہ (حد) اللہ کا حق ہے، لہٰذا اسے وہی نافذ کرے گا جسے اس (اللہ) کی طرف سے اس کا حکم دیا گیا ہو۔"

صاحب شامی لکھتے ہیں۔

"تنفيذُ العقوباتِ والحدودِ لَيْسَ لِلْآحادِ، بَلْ لِلْقُضَاةِ وَوُلاةِ الأمر"[4]

---

[1] النساء(59)

[2] امام بیہقی، احمد بن حسین بن علی، سنن بیہقی، باب الامر بعرض الظلمات علی السلطان، رقم الحدیث:17650

[3] امام ابن قدامہ، موفق الدین عبد اللہ بن احمد بن قدامہ، المغنی، 9/6

[4] علامہ شامی، محمد آمین بن عمر بن عابدین، رد المحتار علی الدر المختار، 4/310

ترجمہ: سزائیں اور حدود نافذ کرنا انفرادی افراد کا نہیں بلکہ قاضیوں اور حکمرانوں کا کام ہے۔

لہذا لشکر یا لکر کی صورت میں جو کاروائی کی جاتی ہے، بظاہر تو اس کے مقاصد اچھے ہیں، لیکن مزید فتنہ فساد کا اندیشہ ہے کہ معاملہ سدھرنے کے بجائے بگڑ جائے، تو بہتر تو یہ ہے کہ حکومت کے ہوتے ہوئے، لوگ خود اپنی حکومت قائم کرنے کے بجائے ظلم کے خلاف اس انداز سے آواز اٹھائے جو ان پر لازم ہے، نہ کہ قانون اپنے ہاتھ میں لے لیں۔

## (7) تُوْر:

جب کسی مرد اور خاتون پر یا نوجوان لڑکے اور لڑکی پر جنسی تعلقات کا الزام لگتا ہے یا وہ مرضی محبت کی شادی ک لئے گھر سے فرار ہو جاتے، تو انہیں مقامی اصطلاح میں تور کہتے ہیں۔

ضلع مہمند کے کونے کونے میں ایسے جوڑے کا قتل جائز تصور کیا جاتا ہے۔ عموما ایسے جوڑے کو لڑکی کے رشتہ دار ،والد یا بھائی وغیرہ قتل کرتے ہیں۔ اگر کسی گھر کا مرد ایسے الزام میں قتل ہو جائے تو اس کے رشتہ داروں کو بدلہ لینے کی اجازت نہیں بشرطیکہ لڑکی بھی قتل کی جا چکی ہے لوگ ایسے مقتولیں پر افسوس تو کرتے ہیں، لیکن ان کے ساتھ کوئی ہمدردی نہیں دکھاتے، کیونکہ ایسے لوگوں کو بدکردار سمجھتے ہیں[1]۔

## شرعی جائزہ:

پہلی بات:

شریعت مطہرۃ نے اس طرح کے اقدامات کو جو غیرت کے نام پر مبنی ہو، اور بالخصوص کسی کے جان لینے پر مبنی ہو ان کی بالکل اجازت نہیں دی ہے۔ قرآن پاک میں اللہ تعالی فرماتے ہیں۔

"وَلَا تَقْتُلُوا النَّفْسَ الَّتِي حَرَّمَ اللّٰهُ إِلَّا بِالْحَقِّ"[2]

ترجمہ "اور اس جان کو مت مارو جسے اللہ نے حرام قرار دیا ہے، مگر حق کے ساتھ۔"

ایک اور جگہ ارشاد ہے۔

---

[1] شمس مومند، مہمند قبائل، یونیورسٹی بک ایجنسی پشاور،(2016)170/1

[2] اسراء(33)

"وَالَّذِينَ يَرْمُونَ الْمُحْصَنَاتِ ثُمَّ لَمْ يَأْتُوا بِأَرْبَعَةِ شُهَدَاءَ فَاجْلِدُوهُمْ ثَمَانِينَ جَلْدَةً"[1]

ترجمہ: ''اور جو لوگ پاک دامن عورتوں پر تہمت لگائیں اور چار گواہ نہ لائیں تو انہیں اسی کوڑے مارو۔''

لہذا محض شک یا الزام زنا کو ثابت نہیں کرتا۔ چار معتبر بالغ مرد گواہوں کی گواہی لازم ہے۔ اگر گواہی نہ ہو تو الزام لگانے والا خود سزا کا مستحق بنتا ہے، چہ جائیکہ اس پر کسی کو قتل کر دیا جائے۔

اسی طرح حدیث مبارک میں آتا ہے۔

" قال رسول الله ﷺ:"لَا يَحِلُّ دَمُ امْرِئٍ مُسْلِمٍ، يَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ، وَأَنِّي رَسُولُ اللَّهِ، إِلَّا بِإِحْدَى ثَلَاثٍ: الثَّيِّبُ الزَّانِي، وَالنَّفْسُ بِالنَّفْسِ، وَالتَّارِكُ لِدِينِهِ الْمُفَارِقُ لِلْجَمَاعَةِ"[2]

ترجمہ: نبی کریم ﷺ نے فرمایا: "کسی مسلمان کا خون بہانا حلال نہیں، جو اس بات کی گواہی دیتا ہو کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور میں اللہ کا رسول ہوں، مگر تین صورتوں میں:

1. شادی شدہ زانی

2. قتل کے بدلے قتل (یعنی جس نے کسی کو ناحق قتل کیا ہو)

3. وہ شخص جو اسلام کو چھوڑ دے اور جماعت سے علیحدہ ہو جائے (یعنی مرتد ہو جائے)۔"

دوسری بات:

اور نہ ہی شریعت نے چھپ چھپ کر غیر شرعی تعلقات قائم کرنے کی اجازت دی ہے، اس صورت میں کہ محض الزام کو بنیاد بنا کر کسی بے گناہ کے قتل کی شریعت نے بلکل اجازت نہیں دی۔ اللہ تعالی کا ارشاد ہے۔

"لا تَقْرَبُوا الزِّنَىٰ إِنَّهُ كَانَ فَاحِشَةً وَسَاءَ سَبِيلًا"[3]

ترجمہ: ''زنا کے قریب بھی مت جاؤ، یہ بے حیائی ہے اور بہت بری راہ ہے۔''

---

[1] النور(4)

[2] امام بخاری، محمد بن اسماعیل، صحیح بخاری کتاب الدیات، رقم الحدیث:1676

[3] الاسراء(32)

خفیہ یا اعلانیہ زنا ہر حال میں حرام ہے، اور اس کی کوئی صورت قابلِ قبول نہیں۔ مگر سزا دینے کا اختیار فرد کو نہیں، بلکہ ریاست کو ہے، وہ بھی شرعی اصولوں کے مطابق۔

خلاصہ یہ کہ عزت" یا "تور" کے نام پر کسی کو قتل کرنا **قَتْلِ نَفْس** کے زمرے میں آتا ہے، جو شریعت میں حرام ہے۔ اگرچہ شریعت میں "غیرت" کا تصور موجود ہے، لیکن اس کا مطلب صرف جذباتی انتقام نہیں، بلکہ شریعت کے اصولوں کے مطابق اقدام کرنا ہے

اسلام ایک ایسا دین ہے جو انسانی جان کی حرمت کو بنیادی اصولوں میں شمار کرتا ہے اور کسی انسان کو ناحق قتل کرنے کو ایک سنگین جرم قرار دیتا ہے، خواہ وہ قتل کسی ذاتی غیرت یا عزت کے نام پر ہی کیوں نہ ہو۔ بلکہ شریعت مطہرہ نے تو محض الزام تراشی اور دوسروں کی عزت نفس کو مجروح کرنے والوں کو سخت سزا کا مرتکب ٹھہرایا ہے، کہ جو بلا وجہ یا بغیر کسی شرعی گواہوں کے دوسروں پر محض الزام لگائے ان کو کوڑے لگائے جائے، تاکہ بلا وجہ کسی کی عزت کا کھلواڑ نہ کیا جائے۔

## (8) عُذرُ:

کسی معمولی لڑائی جھگڑے کسی کی ہتک یا تذلیل کے بعد زیادتی کرنے والا فریق گاؤں کے چند سفید ریشوں کے ہمراہ اس شخص کے گھر جاتا ہے جس کے ساتھ ان سے زیادتی سرزد ہوئی ہو۔ ان کے ساتھ عذر کے طور پر ایک یا دو دنبے ہوتے ہیں۔ جنہیں وہاں ذبح کر کے موجود لوگوں اور رشتہ داروں کو کھلائے جاتے ہیں۔ اس قسم کے دینے ذبح کرنے اور جرگہ سمیت مخالف فریق کے گھر جانے کو عذر کہتے ہیں[1]۔

## شرعی جائزہ:

پہلی بات: شرعی نکتہ نظر سے مصالحت اور معافی کا عمومی حکم کے طور پر یہ رسم بھی جائز و مستحسن ہے۔ قرآن مجید میں ارشاد ہے۔

"وَالصُّلْحُ خَيْرٌ"[2]

ترجمہ: "اور صلح بہتر ہے۔"

---

[1] شمس مومند، مہمند قبائل، یونیورسٹی بک ایجنسی پشاور، (2016) 1/167

[2] النساء 128

یہ آیت عام ہے، اور ہر قسم کے جھگڑوں میں اصلاح و صلح کو بہتر اور مطلوب قرار دیتی ہے۔

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔

"كُلُّ بَنِي آدَمَ خَطَّاءٌ، وَخَيْرُ الْخَطَّائِينَ التَّوَّابُونَ"[1]

ترجمہ: "تمام بنی آدم خطاکار ہیں، اور بہترین خطاکار وہ ہیں جو توبہ کرنے والے ہوں۔"

لہٰذا، ظلم یا زیادتی کے بعد معذرت، توبہ اور صلح شریعت میں نہ صرف جائز بلکہ پسندیدہ عمل ہے۔

دوسری بات: دبنے لے جانا اگر بطور تحفہ ہو اور اس میں کوئی شرط، دباؤ، فخر یا بدعت شامل نہ ہو تو یہ جائز ہے۔

نبی اکرم ﷺ نے فرمایا۔

" تَهَادُوا تَحَابُّوا"[2]

ترجمہ: "آپس میں تحفے دو، محبت پیدا ہو گی۔"

تیسری بات: دبنے ذبح کر کے سب کو کھلانا: اگر یہ جانور خوش دلی سے دیے جائیں اور کوئی گناہ یا ظلم کے کفارہ کے طور پر نہ سمجھے جائیں، بلکہ مہمان نوازی اور صلح کی خوشی کے طور پر ہوں، تو یہ مباح (جائز) ہے۔

فقہاء کا قاعدہ ہے۔

"ٱلْأَصْلُ فِي ٱلْعَادَاتِ ٱلْإِبَاحَةُ مَا لَمْ يَدُلَّ دَلِيلُ ٱلتَّحْرِيمِ[3]"

ترجمہ: "معاملات اور رسم و رواج میں اصل جواز ہے، جب تک کوئی ممانعت کی دلیل نہ ہو۔"

چوتھی بات: تاہم دنبہ ذبح کرنا اگر دلی خوشی سے نہ ہو بلکہ رسم و رواج کی بنا پر مجبوراً کیا جائے تو یہ اس سلسلے میں شرعی حکم یہ کہ چاہت کے بغیر زبردستی کسی سے دعوت کھانا شرعاً درست نہیں۔ فرمان رسول ہے۔

---

[1] امام ترمذی، محمد بن عیسیٰ بن سورہ، سنن ترمذی، باب ماجاء فی فضل التوبۃ والاستغفار، رقم الحدیث: 2499

[2] امام مالک، مالک بن انس بن مالک، موطا امام مالک، باب ماجاء فی الھدیۃ، رقم الحدیث: 1711

[3] امام سیوطی، جلال الدین عبد الرحمن بن ابو بکر سیوطی، الاشباہ والنظائر (دار الکتب، بیروت 1983)، 1/80

**" لَا يَحِلُّ مَالُ امْرِئٍ مُسْلِمٍ إِلَّا بِطِيبِ نَفْسِهِ"**[1]

**ترجمہ:**""کسی مسلمان کا مال اس کی رضا کے بغیر حلال نہیں۔"

اسی طرح اگر دعوت کا مطالبہ کیا جارہا ہے وہ دعوت کھلانے کا پابند نہیں، چاہے تو طیبِ نفس کے ساتھ دعوت کر دے یا مٹھائی کھلا دے، اور اگر نہ چاہے تو نہ کھلائے، اسے مجبور کرنے کا کسی کو حق نہیں، اور دعوت نہ کرنے کی صورت میں اسے ملامت کرنے کی بھی اجازت نہیں۔

---

[1] الدارقطني، علي بن عمر بن احمد، سنن الدارقطني، كتاب البيوع، رقم الحديث: 2885

# باب سوم: غیر اسلامی رسومات اور ان کا تدارک

## فصل اول: علماء اور دینی اداروں کا کردار

### علماء سے انٹرویوز:

### علماء کی نظر میں بدعت و رسومات: اسباب، اثرات اور اصلاحی حکمت عملیاں

### تمہید:

ضلع مہمند کا شمار پاکستان کے اُن قبائلی علاقوں میں ہوتا ہے جہاں دین اسلام سے گہری وابستگی اور مذہبی رجحانات نمایاں طور پر دیکھے جاسکتے ہیں۔ اس خطے میں اسلامی تعلیمات کی ترویج و اشاعت کے لیے متعدد مساجد اور مدارس قائم کیے گئے ہیں۔ دستیاب معلومات کی روشنی میں اندازہ ہے کہ مہمند میں تقریباً 150 دینی مدارس اور 400 کے لگ بھگ مساجد فعال طور پر دینی خدمات سرانجام دے رہی ہیں۔ ان اداروں سے فارغ ہونے والے علمائے کرام نہ صرف ضلع کے مختلف دیہات، بستیوں اور قصبوں میں اصلاحی و تعلیمی کاموں میں مصروف ہیں بلکہ ملک کے دیگر حصوں میں بھی دینی مراکز، مدارس اور مساجد میں امت کی روحانی رہنمائی کا فریضہ انجام دے رہے ہیں۔ تاہم اس مذہبی ماحول کے باوجود معاشرتی سطح پر کچھ ایسی رسومات اور روایات رائج ہو چکی ہیں جنہیں عوام نے دینی رنگ دے دیا ہے، حالانکہ ان کی بنیاد نہ قرآن میں ہے اور نہ سنت میں۔ بعض روایات تو ایسی ہیں کہ اُنہیں دینی احکامات سے بھی بڑھ کر اہمیت دی جاتی ہے، اور ان سے اختلاف یا انحراف کو گویا دین سے دوری سمجھا جاتا ہے۔ ان رسوم نے معاشرتی نظام میں اس قدر گہری جڑیں پکڑ لی ہیں کہ ان کا ختم ہونا ایک سنجیدہ علمی و اصلاحی جدوجہد کا متقاضی ہے۔

ایسے حالات میں ضروری ہے کہ ان غیر اسلامی رسومات کی نشاندہی اور اصلاح کے لیے اُن علمائے کرام سے رجوع کیا جائے جو اس علاقے کے دینی، سماجی اور ثقافتی حالات سے بخوبی واقف ہیں۔ اسی مقصد کے پیش نظر ضلع مہمند کی مختلف مساجد اور مدارس سے وابستہ اہلِ علم و اہلِ فکر حضرات سے انٹرویوز اور مشاورت کا سلسلہ شروع کیا جارہا ہے تاکہ ان کی بصیرت افروز آراء کی روشنی میں ایک مؤثر، مدلل اور قابلِ عمل حکمت عملی مرتب کی جاسکے۔ پیشِ نظر سوالنامہ اسی سلسلے کی ایک اہم کڑی ہے، جس کا مقصد مقامی علما کی فکر و فہم سے استفادہ حاصل کرنا ہے۔

## انٹرویو نمبر1:

تعارف:

نام: مولانا محمد اسماعیل صاحب

جنس: مرد

پتہ: خوئیزئی، ضلع مہمند

عمر: 40

فون نمبر: 03414019493

پیشہ: مہتمم مدرسہ انوار القرآن، خوئیزئی، ضلع مہمند

تعلیمی قابلیت: درس نظامی

انٹرویو کی تاریخ: 05 جولائی 2025

انٹرویو کا وقت: 12:00 دوپہر

سوال 1: آپ کے خیال میں وہ کون سی علامات ہیں جو کسی رسم کو غیر اسلامی بناتی ہیں؟

جواب: وہ رسم جو نبی صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ یا صحابہ کرامؓ کے زمانے میں نہ ہو، مگر دین کا درجہ پائے، یا اس میں خرافات و اسراف شامل ہوں، وہ غیر اسلامی ہے۔ قرآن میں ہے: "أَفَحُكْمَ الْجَاهِلِيَّةِ يَبْغُونَ ۚ وَمَنْ أَحْسَنُ مِنَ اللَّهِ حُكْمًا لِقَوْمٍ يُوقِنُونَ "(المائدہ:50)

سوال 2: ایسی بدعتی رسومات کا سب سے زیادہ دباؤ کن طبقات پر ہوتا ہے؟

جواب: غریب طبقہ اور وہ افراد جو خاندانی یا برادری کے خوف سے مجبور ہوتے ہیں، ان پر یہ دباؤ شدید ہوتا ہے۔

سوال 3: وہ کون سی رسومات ہیں جو آپ کو دین کے اصولوں سے مکمل متصادم لگتی ہیں؟

جواب: "برات کی نمائش، ناچ گانا، سورہ، عرس، اور موت کی تیسری و چالیسویں رسومات "مکمل طور پر غیر شرعی ہیں۔

سوال 4: کیا بعض لوگ غیر شرعی رسومات کو دین کا حصہ سمجھ کر اپناتے ہیں؟

جواب:.جی ہاں، کیونکہ وہ علمِ دین سے محروم ہوتے ہیں اور جو سنت ہے وہ چھوڑ بیٹھتے ہیں۔

سوال5:موجودہ دینی نصاب میں بدعات ورسومات کی اصلاح کے لیے کیا مواد شامل ہونا چاہیے ؟

جواب:"بدعت وسنت کا فرق"، "اصلاحی مشقیں"، اور "عملی تربیت" کا مواد نصاب میں لایا جائے۔

سوال6:اگر ہر جمعہ کو رسم وبدعت کے خلاف خطبہ دیا جائے تو کیا اثرات مرتب ہو سکتے ہیں؟

جواب:اصلاح کی لہر پیدا ہوگی، اور لوگ حق کو جان کر باطل سے دوری اختیار کریں گے۔

سوال7: کیا مدارس ومساجد ان رسومات کی اصلاح میں مؤثر کردار ادا کر رہے ہیں؟

جواب: کچھ جگہوں پر، ہاں۔ لیکن اکثریت خاموش تماشائی بنی ہوئی ہے۔

سوال8: آپ کے نزدیک نوجوانوں میں غیر شرعی رسومات کا رجحان کیوں بڑھ رہا ہے؟

جواب: کیونکہ دینی سیرت اور عملی نمونہ ان کی نظروں سے اوجھل ہو گیا ہے، اور میڈیا نے فتنہ پھیلایا ہے۔

سوال9: کیا مقامی سطح پر علماء کی قیادت میں اصلاحی کمیٹیاں بنانا مؤثر ثابت ہو سکتا ہے؟

جواب: یقینی طور پر، اگر ان کمیٹیوں میں خلوص اور استقامت ہو۔

سوال10: کیا علماء خود بھی کبھی ان رسومات کا حصہ بن جاتے ہیں؟

جواب: کچھ علماء معاشرتی دباؤ یا تعلقات کے تحت شریک ہوتے ہیں، جو کہ علماء کے منصب کے خلاف ہے۔

## انٹرویو نمبر2:

تعارف:

نام: مولانا عبداللہ صاحب

جنس. مرد

پتہ. گاؤں. تحصیل لکہ غیر ڈنڈ. ضلع مہمند.

عمر. 25سال

فون نمبر.03083486345

پیشہ. پرسنل کاروبار

تعلیمی قابلیت. تدریس

انٹرویو کی تاریخ 05جولائی2025

انٹرویو کا وقت:02:00 دوپہر

سوال 1: آپ کے خیال میں وہ کون سی علامات ہیں جو کسی رسم کو غیر اسلامی بناتی ہیں؟

جواب:وہ رسمیں غیر اسلامی کہلاتی ہیں جو شریعتِ مطہرہ کے اصولوں سے متصادم ہوں، جیسے قرآن و سنت سے کوئی اصل یا دلیل نہ رکھتی ہوں، یا ان میں شرک، غلو، اسراف، تقلیدِ کور، یا دین میں نئی بات (بدعت) شامل ہو، یا وہ رسم عبادت کی شکل میں اپنائی گئی ہو حالانکہ اس کی کوئی دینی بنیاد نہ ہو۔

سوال2:ایسی بدعتی رسومات کا سب سے زیادہ دباؤ کن طبقات پر ہوتا ہے؟

جواب:زیادہ تر یہ دباؤ کم علم یا جاہل عوام، خواتین پر ہوتا ہے۔

سوال3:وہ کون سی رسومات ہیں جو آپ کو دین کے اصولوں سے مکمل متصادم لگتی ہیں؟

جواب:مثلاً قبروں پر چادریں چڑھانا، عزیز ولی اور بعض ثقافتی تہوار جن میں شرعی حدود پامال ہوتی ہیں، یہ سب دین کے اصولوں سے متصادم معلوم ہوتی ہیں۔

سوال4:کیا بعض لوگ غیر شرعی رسومات کو دین کا حصہ سمجھ کر اپناتے ہیں؟

جواب: بہت سے لوگ لاعلمی یا معاشرتی روایات کی وجہ سے غیر شرعی رسومات کو دینی سمجھتے ہیں، حالانکہ ان کا دین سے کوئی تعلق نہیں ہوتا۔

سوال5:موجودہ دینی نصاب میں بدعات ورسومات کی اصلاح کے لیے کیا مواد شامل ہونا چاہیے؟

جواب: نصاب میں قرآن و حدیث کی روشنی میں بدعات کا مفہوم، ان کی اقسام، تاریخ، اور نقصانات کو شامل کرنا چاہیے، نیز فقہی اصولوں اور سلف صالحین کے اقوال کے ساتھ ساتھ جدید معاشرتی مثالوں سے شعور بیدار کرنے والا مواد شامل کیا جانا چاہیے۔

سوال 6: اگر ہر جمعہ کو رسم و بدعت کے خلاف خطبہ دیا جائے تو کیا اثرات مرتب ہو سکتے ہیں؟

جواب: اگر مستقل بنیاد پر جمعے کے خطبوں میں اصلاحی اور علمی انداز میں بدعات پر روشنی ڈالی جائے تو عوام میں شعور پیدا ہو گا، باطل روایات کا خاتمہ ہو گا، اور دین کی اصل روح اجاگر ہو گی۔ اس سے اصلاحی فضا قائم ہو سکتی ہے۔

سوال 7: کیا مدارس و مساجد ان رسومات کی اصلاح میں مؤثر کردار ادا کر رہے ہیں؟

جواب: کچھ مدارس اور مساجد یقیناً کردار ادا کر رہے ہیں

سوال 8: آپ کے نزدیک نوجوانوں میں غیر شرعی رسومات کا رجحان کیوں بڑھ رہا ہے؟

جواب: اس کی بنیادی وجوہات میں دینی تعلیم کی کمی، میڈیا کا غلط اثر، سوشل پریشر، اور دینی تربیت کی عدم موجودگی شامل ہے۔ نوجوان وقتی جذبات، فیشن یا روایت کے دباؤ میں آ کر ان رسومات کا حصہ بن جاتے ہیں۔

سوال 9: کیا مقامی سطح پر علماء کی قیادت میں اصلاحی کمیٹیاں بنانا مؤثر ثابت ہو سکتا ہے؟

جواب: یقیناً، اگر مقامی علماء باوقار انداز میں کمیٹیاں بنائیں جو علمی، سماجی اور تبلیغی سطح پر کام کریں تو عوام پر مثبت اثر پڑ سکتا ہے، بشرطیکہ یہ کمیٹیاں مستقل، منظم اور غیر سیاسی ہوں۔

سوال 10: کیا علماء خود بھی کبھی ان رسومات کا حصہ بن جاتے ہیں؟

جواب: نہیں۔

## انٹرویو نمبر 3:

تعارف:

نام: محمد اسحاق گل

جنس: مرد

پتہ: گاؤں گلما، تحصیل خویزی، ضلع مہمند

عمر:24سال

فون نمبر:03042650642

پیشہ: کوآرڈینیشن / پرسنل کوچنگ

تعلیمی قابلیت:ماسٹرز

انٹرویو کی تاریخ:05جولائی2025

انٹرویو کا وقت5:30شام

سوال1: آپ کے خیال میں وہ کون سی علامات ہیں جو کسی رسم کو غیر اسلامی بناتی ہیں؟

جواب: ہر وہ رسم جس میں اخلاص نہ ہو، ریاء، نمود و نمائش، یا عقیدے میں بگاڑ ہو، وہ غیر اسلامی سمجھی جاتی ہے۔

سوال2: ایسی بدعتی رسومات کا سب سے زیادہ دباؤ کن طبقات پر ہوتا ہے؟

جواب: پورے معاشرے پر، بہت دباؤ ہوتا ہے کہ فلاں کام نہ کیا تو لوگ کیا کہیں گے۔

سوال3: وہ کون سی رسومات ہیں جو آپ کو دین کے اصولوں سے مکمل متصادم لگتی ہیں؟

جواب: جبری اثر، بدلہ اور شادیوں پر ہلہ گلہ — یہ سب اسلامی سادگی کے خلاف ہیں۔

سوال4: کیا بعض لوگ غیر شرعی رسومات کو دین کا حصہ سمجھ کر اپناتے ہیں؟

جواب: جی۔

سوال5: موجودہ دینی نصاب میں بدعات ورسومات کی اصلاح کے لیے کیا مواد شامل ہونا چاہیے؟

جواب: "الاعتصام" جیسی کتب کو نصاب میں شامل کیا جائے، اور سنت و بدعت کا عملی فرق طلبہ کو سکھایا جائے۔

سوال6: اگر ہر جمعہ کو رسم و بدعت کے خلاف خطبہ دیا جائے تو کیا اثرات مرتب ہو سکتے ہیں؟

جواب: ہاں بالکل لیکن شرط یہ ہے کہ خطبات مسلسل اور اصلاحی اسلوب میں ہوں، فتنہ انگیز نہ ہوں۔

سوال7: کیا مدارس و مساجد ان رسومات کی اصلاح میں مؤثر کردار ادا کر رہے ہیں؟

جواب: اکثریت اب بھی خاموش تماشائی بنی ہوئی ہے۔

سوال8: آپ کے نزدیک نوجوانوں میں غیر شرعی رسومات کا رجحان کیوں بڑھ رہا ہے؟

جواب: کیونکہ اُن کے رول ماڈل اب علماء نہیں، اداکار اور انفلوئنسرز بن چکے ہیں۔

سوال9: کیا مقامی سطح پر علماء کی قیادت میں اصلاحی کمیٹیاں بنانا مؤثر ثابت ہو سکتا ہے؟

جواب: نہیں۔

سوال10: کیا علماء خود بھی کبھی ان رسومات کا حصہ بن جاتے ہیں؟

جواب: بعض مرتبہ شرکت کرتے ہیں، جس سے عوام بھی گمراہ ہوتی ہے۔

## انٹرویو نمبر4:

تعارف:

نام: مولانا مفتی ہدایت اللہ صاحب

جنس: مرد

پتہ: گندہاب، ضلع مہمند

عمر: 36سال

فون نمبر: 03469858684

پیشہ: خطیب جامع مسجد کسئی کلے، ضلع مہمند

تعلیمی قابلیت: درس نظامی

انٹرویو کی تاریخ: 08جولائی2025

انٹرویو کا وقت: 11:00 صبح

سوال 1: آپ کے خیال میں وہ کون سی علامات ہیں جو کسی رسم کو غیر اسلامی بناتی ہیں؟

جواب: رسم، شریعت کے دائرے سے باہر ہو، تو وہ غیر اسلامی ہے۔ قرآن کہتا ہے:

"إِنَّمَا الْأَعْمَالُ بِالنِّيَّاتِ "(بخاری)

سوال 2: ایسی بدعتی رسومات کا سب سے زیادہ دباؤ کن طبقات پر ہوتا ہے؟

جواب: غریب طبقے پر۔

سوال 3: وہ کون سی رسومات ہیں جو آپ کو دین کے اصولوں سے مکمل متصادم لگتی ہیں؟

جواب: بارات، فائرنگ، شادی میں اسراف، اور تعویذ گنڈوں کے ساتھ ہونے والے غیر شرعی افعال۔

سوال 4: کیا بعض لوگ غیر شرعی رسومات کو دین کا حصہ سمجھ کر اپناتے ہیں؟

جواب: ابھی لوگوں میں شعور آیا ہوا ہے۔ ان چیزوں سے احتراز کر رہے ہیں۔

سوال 5: موجودہ دینی نصاب میں بدعات و رسومات کی اصلاح کے لیے کیا مواد شامل ہونا چاہیے؟

جواب: "البدع والمحدثات"، "اصلاحی فتاویٰ"، اور "اصلاحی تاریخ" کے مضامین شامل کیے جائیں۔

سوال 6: اگر ہر جمعہ کو رسم و بدعت کے خلاف خطبہ دیا جائے تو کیا اثرات مرتب ہو سکتے ہیں؟

جواب: بہت کم اثرات مرتب ہوں گے۔

سوال 7: کیا مدارس و مساجد ان رسومات کی اصلاح میں مؤثر کردار ادا کر رہے ہیں؟

جواب: نہ ہونے کے برابر۔

سوال 8: آپ کے نزدیک نوجوانوں میں غیر شرعی رسومات کا رجحان کیوں بڑھ رہا ہے؟

جواب: تربیت کی کمی، اور میڈیا کا اثر۔ وہ ظاہر پرستی کو اپناتے جا رہے ہیں۔

سوال 9: کیا مقامی سطح پر علماء کی قیادت میں اصلاحی کمیٹیاں بنانا مؤثر ثابت ہو سکتا ہے؟

جواب: اگر وہ مقامی سطح پر مضبوطی سے کام کریں، تو بہت مفید ہو سکتی ہیں۔

سوال10: کیا علماء خود بھی کبھی ان رسومات کا حصہ بن جاتے ہیں؟

جواب: کچھ علماء رواج کے تحت خاموش یا شریک ہو جاتے ہیں، جو افسوسناک ہے۔

## انٹرویو نمبر:5

تعارف:

نام: مولانا محمد درویش صاحب

جنس: مرد

پتہ: حاجی عبد الرسول غونڈئی، ڈاکخانہ غلنئی، تحصیل بید منئی، ضلع مہمند

عمر: 32 سال

فون نمبر: 03052046411

پیشہ: تدریس / کاروبار

تعلیمی قابلیت: درس نظامی

انٹرویو کی تاریخ: 08 جولائی 2025

انٹرویو کا وقت: 03:00 دوپہر

سوال 1: آپ کے خیال میں وہ کون سی علامات ہیں جو کسی رسم کو غیر اسلامی بناتی ہیں؟

جواب: جب کوئی رسم جس میں عقیدے کی خرابی شامل ہو، تو وہ غیر اسلامی کہلاتی ہے۔ مثلاً اگر کسی رسم میں شرک، تعویذ پرستی، یا غیر اللہ سے مدد مانگنا شامل ہو، تو یہ رسم دین کے خلاف ہو گی۔

سوال 2: ایسی بدعتی رسومات کا سب سے زیادہ دباؤ کن طبقات پر ہوتا ہے؟

جواب: دین سے ناواقف لوگوں پر دباو ہوتا ہے۔

سوال 3: وہ کون سی رسومات ہیں جو آپ کو دین کے اصولوں سے مکمل متصادم لگتی ہیں؟

جواب: غیرت کے نام پر قتل، چالیسواں، عید میلاد کی غیر شرعی سرگرمیاں، اور جیسی رسومات مکمل طور پر دین کے اصولوں سے متصادم ہیں۔

سوال4: کیا بعض لوگ غیر شرعی رسومات کو دین کا حصہ سمجھ کر اپناتے ہیں؟

جواب: بہت سے لوگ علمِ دین کی کمی کی وجہ سے انہیں نیکی کا کام سمجھ کر کرتے ہیں۔

سوال5: موجودہ دینی نصاب میں بدعات ورسومات کی اصلاح کے لیے کیا مواد شامل ہونا چاہیے؟

جواب: سیرتِ رسول ﷺ کے متعلق صحیح معلومات، اور سنت وبدعت کے فرق پر جامع دروس کو نصاب کا حصہ بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔

سوال6: اگر ہر جمعہ کو رسم وبدعت کے خلاف خطبہ دیا جائے تو کیا اثرات مرتب ہو سکتے ہیں؟

جواب: اس کا زبردست اثر ہو گا۔ عوام براہِ راست سُن کر اصلاح کی طرف مائل ہوتے ہیں۔ متواتر خطبات ذہن سازی میں بہت مددگار ہوتے ہیں۔

سوال7: کیا مدارس ومساجد ان رسومات کی اصلاح میں مؤثر کردار ادا کر رہے ہیں؟

جواب: مجموعی طور پر مدارس اور مساجد کا کردار ابھی محدود ہے۔ اگر سنجیدگی سے یہ محاذ اپنایا جائے تو بہتری آسکتی ہے۔

سوال8: آپ کے نزدیک نوجوانوں میں غیر شرعی رسومات کا رجحان کیوں بڑھ رہا ہے؟

جواب: سوشل میڈیا، دینی کمزوری، والدین کی غفلت، اور تقلیدِ غیر کی وجہ سے نوجوان نسل ایسے رسوم کی طرف مائل ہو رہی ہے۔

سوال9: کیا مقامی سطح پر علماء کی قیادت میں اصلاحی کمیٹیاں بنانا مؤثر ثابت ہو سکتا ہے؟

جواب: نہیں۔

سوال10: کیا علماء خود بھی کبھی ان رسومات کا حصہ بن جاتے ہیں؟

جواب: ہمارے علاقے میں علماء حتی الامکان غیر اسلامی رسومات میں اشتراک سے پرہیز کرتے ہیں۔

## انٹرویو نمبر6:

تعارف:

نام: مولانا عبد المنان صاحب

جنس: مرد

پتہ: سنگر، ضلع مہمند

عمر: 44 سال

فون نمبر: 03459427055

پیشہ: خطیب جامع مسجد سنگر، اے۔ٹی ٹیچر

تعلیمی قابلیت: درس نظامی۔ ایف۔ اے

انٹرویو کی تاریخ: 08 جولائی 2025

انٹرویو کا وقت: 05:00 شام

سوال 1: آپ کے خیال میں وہ کون سی علامات ہیں جو کسی رسم کو غیر اسلامی بناتی ہیں؟

جواب: اگر رسم دین سے باہر ہو، شریعت کی مخالفت پر مبنی ہو، یا دنیاوی مقصد ہو تو وہ غیر اسلامی ہے۔

سوال 2: ایسی بدعتی رسومات کا سب سے زیادہ دباؤ کن طبقات پر ہوتا ہے؟

جواب: کمزور طبقے اس کا شکار ہوتے ہیں۔

سوال 3: وہ کون سی رسومات ہیں جو آپ کو دین کے اصولوں سے مکمل متصادم لگتی ہیں؟

جواب: شادی بیاہ میں گانے، مزاروں پر منت مانگنا وغیرہ۔

سوال 4: کیا بعض لوگ غیر شرعی رسومات کو دین کا حصہ سمجھ کر اپناتے ہیں؟

جواب: جی بالکل، یہ ایک بدترین فتنہ ہے، جس کا مقابلہ علم اور خطبہ سے کرنا چاہیے۔

سوال5: موجودہ دینی نصاب میں بدعات ورسومات کی اصلاح کے لیے کیا مواد شامل ہونا چاہیے؟

جواب: نصاب میں سیرت النبی، علم البدع، اور سماجی تربیت کو لازمی کیا جائے۔

سوال6: اگر ہر جمعہ کو رسم وبدعت کے خلاف خطبہ دیا جائے تو کیا اثرات مرتب ہوسکتے ہیں؟

جواب: نہیں۔

سوال7: کیا مدارس ومساجد ان رسومات کی اصلاح میں مؤثر کردار ادا کر رہے ہیں؟

جواب: عمومی حالات مایوس کن ہیں۔

سوال8: آپ کے نزدیک نوجوانوں میں غیر شرعی رسومات کا رجحان کیوں بڑھ رہا ہے؟

جواب: کیونکہ ان کی رہنمائی اور صحبت صالحہ کا فقدان ہے۔

سوال9: کیا مقامی سطح پر علماء کی قیادت میں اصلاحی کمیٹیاں بنانا مؤثر ثابت ہوسکتا ہے؟

جواب: جی ہاں، بشرطیکہ علماء اجتماعی طور پر کام کریں۔

سوال10: کیا علماء خود بھی کبھی ان رسومات کا حصہ بن جاتے ہیں؟

جواب: جی، معاشرتی دباؤ یا تعلق داری کے باعث، جو کہ اصلاحی عمل کے خلاف ہے۔

## انٹرویو نمبر7:

تعارف:

نام: مولانا روح اللہ صاحب

جنس: مرد

پتہ: ترکئی، لکڑے، ضلع مہمند

عمر: 26سال

فون نمبر: 03035341030

پیشہ: تدریس

تعلیمی قابلیت: مڈل، درس نظامی

انٹرویو کی تاریخ: 10 جولائی 2025

انٹرویو کا وقت: 10:00 صبح

سوال 1: آپ کے خیال میں وہ کون سی علامات ہیں جو کسی رسم کو غیر اسلامی بناتی ہیں؟

جواب: وہ رسومات جن کی کوئی شرعی دلیل نہ ہو اور جو نبی کریم ﷺ کی سنت سے انحراف پر مبنی ہوں، وہ غیر اسلامی قرار پاتی ہیں۔ مثلاً وہ رسومات جن میں تشبہ بالکفار، غلو یا خلافِ عقیدہ امور شامل ہوں۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

"مَنْ أَحْدَثَ فِي أَمْرِنَا هٰذَا مَا لَيْسَ مِنْهُ فَهُوَ رَدٌّ "(صحیح مسلم)

سوال 2: ایسی بدعتی رسومات کا سب سے زیادہ دباؤ کن طبقات پر ہوتا ہے؟

جواب: کم علم افراد پر ہوتا ہے، جو معاشرتی شرمندگی کے خوف سے ان رسومات میں شامل ہو جاتے ہیں۔

سوال 3: وہ کون سی رسومات ہیں جو آپ کو دین کے اصولوں سے مکمل متصادم لگتی ہیں؟

جواب: کوشوندہ، ولور اور قبر پر چادریں چڑھانا—یہ سب ایسے اعمال ہیں جن کا نہ قرآن سے ثبوت ہے نہ حدیث سے۔

سوال 4: کیا بعض لوگ غیر شرعی رسومات کو دین کا حصہ سمجھ کر اپناتے ہیں؟

جواب: جی ہاں، جہالت کی وجہ سے لوگ ان رسومات کو کارِ ثواب سمجھ کر اپناتے ہیں، جبکہ شریعت میں اس کی کوئی اصل نہیں۔
"**اَلْجَهْلُ دَاءٌ وَالدِّيْنُ دَوَاءٌ**"(الشافعی)

سوال 5: موجودہ دینی نصاب میں بدعات و رسومات کی اصلاح کے لیے کیا مواد شامل ہونا چاہیے؟

جواب: ایسے مضامین نصاب میں شامل ہونے چاہییں جو بدعت و سنت کا فرق واضح کریں، جیسے "الاعتصام" از امام شاطبی اور "اِتمام النصح" وغیرہ۔

سوال 6: اگر ہر جمعہ کو رسم و بدعت کے خلاف خطبہ دیا جائے تو کیا اثرات مرتب ہو سکتے ہیں؟

جواب: بہت مثبت اثرات ہوں گے۔ عوام کا ذہن بدعت سے نفرت اور سنت کی محبت کی طرف مائل ہو گا۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

"فَذَكِّرْ إِن نَّفَعَتِ الذِّكْرَىٰ "(الاعلی:9)

سوال7: کیا مدارس و مساجد ان رسومات کی اصلاح میں مؤثر کردار ادا کر رہے ہیں؟

جواب: موجودہ اداروں میں تو فقدان نظر آرہا ہے کیونکہ اصلاح اصلاح کے لیے جرأت، اخلاص اور مسلسل دعوت کی ضرورت ہے۔

سوال8: آپ کے نزدیک نوجوانوں میں غیر شرعی رسومات کا رجحان کیوں بڑھ رہا ہے؟

جواب: دینی کمزوری نوجوانوں کو غیر شرعی چیزوں کی طرف لے گئی ہے۔

"كُلُّ مَوْلُودٍ يُولَدُ عَلَى الْفِطْرَةِ "(صحیح مسلم)

سوال9: کیا مقامی سطح پر علماء کی قیادت میں اصلاحی کمیٹیاں بنانا مؤثر ثابت ہو سکتا ہے؟

جواب: نہیں، الا یہ کہ اگر کمیٹیوں کو قبائلی مشران اور حلقہ اثر کے افراد کی حمایت حاصل ہو۔

سوال10: کیا علماء خود بھی کبھی ان رسومات کا حصہ بن جاتے ہیں؟

جواب: ہر گز نہیں، کبھی کبھار مروت یا مصلحت کے تحت کچھ علماء شریک ہو جاتے ہیں، جو کہ دعوتی کمزوری کی علامت ہے۔

## انٹرویو نمبر8:

تعارف:

نام: مولانا فضل معبود صاحب

جنس: مرد

پتہ: خویزئی، ضلع مہمند

عمر: 78سال

فون نمبر: ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

پیشہ: مدرسِ حدیث

تعلیمی قابلیت: درس نظامی

انٹرویو کی تاریخ: 10 جولائی 2025

انٹرویو کا وقت: 1:00 دوپہر

سوال 1: آپ کے خیال میں وہ کون سی علامات ہیں جو کسی رسم کو غیر اسلامی بناتی ہیں؟

جواب: جو نبی ﷺ، خلفاء راشدین یا صحابہ کرام سے منقول نہ ہو، وہ غیر اسلامی ہے۔

"وَإِذَا قِيلَ لَهُمُ اتَّبِعُوا مَا أَنْزَلَ اللَّهُ قَالُوا بَلْ نَتَّبِعُ مَا أَلْفَيْنَا عَلَيْهِ آبَاءَنَا..."(لقمان: 21)

سوال 2: ایسی بدعتی رسومات کا سب سے زیادہ دباؤ کن طبقات پر ہوتا ہے؟

جواب: کمزور معاش والے لوگوں پر، عورتوں پر یہ رسومات بوجھ بن جاتی ہیں، کیونکہ وہ برادری اور خاندان کے مقابلہ میں کمزور ہوتے ہیں۔

سوال 3: وہ کون سی رسومات ہیں جو آپ کو دین کے اصولوں سے مکمل متصادم لگتی ہیں؟

جواب: میت کے بعد قل خوانی، سورہ، شادیوں میں اسراف، یہ سب دین کے مزاج کے خلاف ہیں۔

سوال 4: کیا بعض لوگ غیر شرعی رسومات کو دین کا حصہ سمجھ کر اپناتے ہیں؟

جواب: نہیں۔ بلکہ مقامی ثقافت سمجھتے ہیں۔

سوال 5: موجودہ دینی نصاب میں بدعات ورسومات کی اصلاح کے لیے کیا مواد شامل ہونا چاہیے؟

جواب: "سیرتِ خلفاء"، "فقہ المعاملات"، اور "بدعات کا تاریخی تجزیہ" جیسے مضامین لازمی طور پر شامل کیے جائیں۔

سوال 6: اگر ہر جمعہ کو رسم وبدعت کے خلاف خطبہ دیا جائے تو کیا اثرات مرتب ہو سکتے ہیں؟

جواب: بالکل۔

سوال 7: کیا مدارس ومساجد ان رسومات کی اصلاح میں مؤثر کردار ادا کر رہے ہیں؟

جواب: جی بالکل۔

سوال 8: آپ کے نزدیک نوجوانوں میں غیر شرعی رسومات کا رجحان کیوں بڑھ رہا ہے؟

جواب: کیونکہ ان کے سامنے صحیح دینی تربیت، مطالعہ اور رہنمائی کا فقدان ہے، جب کہ سوشل میڈیا ان پر اثر انداز ہو رہا ہے۔

سوال 9: کیا مقامی سطح پر علماء کی قیادت میں اصلاحی کمیٹیاں بنانا مؤثر ثابت ہو سکتا ہے؟

جواب: اگر علماء متحد ہو کر برادری سے بالاتر ہو کر کام کریں تو بہت فائدہ ہو گا۔

سوال 10: کیا علماء خود بھی کبھی ان رسومات کا حصہ بن جاتے ہیں؟

جواب: علماء حق ہرگز ان رسوامت کو نہیں اپناتے ہیں۔

## انٹرویو نمبر 9:

تعارف:

نام: مولانا عبد الرشید صاحب

جنس: مرد

پتہ: کمالی، ضلع مہمند

عمر: 44 سال

فون نمبر: ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

پیشہ: خطیب جامع مسجد خمیاں منڈی بازار

تعلیمی قابلیت: درس نظامی

انٹرویو کی تاریخ: 10 جولائی 2025

انٹرویو کا وقت: 03:00 دوپہر

سوال 1: آپ کے خیال میں وہ کون سی علامات ہیں جو کسی رسم کو غیر اسلامی بناتی ہیں؟

جواب: ہر وہ رسم جو اللہ کی رضا کی بجائے رسم دنیا کے لیے ہو، اور جس میں سنت کی مخالفت، مال کا اسراف، یا گناہ ہو، وہ غیر اسلامی ہے۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

"خَيْرُ الْهَدْيِ هَدْيُ مُحَمَّدٍ ﷺ..." (مسلم)

سوال2: ایسی بدعتی رسومات کا سب سے زیادہ دباؤ کن طبقات پر ہوتا ہے؟

جواب: پورے معاشرے۔

سوال3: وہ کون سی رسومات ہیں جو آپ کو دین کے اصولوں سے مکمل متصادم لگتی ہیں؟

جواب: میت پر غیر شرعی کھانے، شادی میں ناچ گانا، ولور، سورہ اور نکاح میں غیروں کی رسمیں۔

سوال4: کیا بعض لوگ غیر شرعی رسومات کو دین کا حصہ سمجھ کر اپناتے ہیں؟

جواب: نہیں۔

سوال5: موجودہ دینی نصاب میں بدعات و رسومات کی اصلاح کے لیے کیا مواد شامل ہونا چاہیے؟

جواب: "اسلامی ثقافت اور غیر اسلامی ثقافت کا فرق" واضح کیا جائے، اور عملی تربیتی ورکشاپس رکھی جائیں۔

سوال6: اگر ہر جمعہ کو رسم و بدعت کے خلاف خطبہ دیا جائے تو کیا اثرات مرتب ہو سکتے ہیں؟

جواب: عوام میں دینی شعور بڑھے گا، اور نرم انداز میں تنبیہ ان کے دلوں پر اثر کرے گی۔

سوال7: کیا مدارس و مساجد ان رسومات کی اصلاح میں مؤثر کردار ادا کر رہے ہیں؟

جواب: نہیں۔

سوال8: آپ کے نزدیک نوجوانوں میں غیر شرعی رسومات کا رجحان کیوں بڑھ رہا ہے؟

جواب: چونکہ روحانی فضا ختم ہو چکی ہے، اور نوجوان میڈیا اور سوشل کلچر میں گم ہو چکے ہیں۔

سوال9: کیا مقامی سطح پر علماء کی قیادت میں اصلاحی کمیٹیاں بنانا مؤثر ثابت ہو سکتا ہے؟

جواب: جی ہاں، اور یہ سب سے مؤثر طریقہ ہو سکتا ہے، اگر اخلاص سے کام لیا جائے۔

سوال10: کیا علماء خود بھی کبھی ان رسومات کا حصہ بن جاتے ہیں؟

جواب: جی ہاں، سماجی یا خاندانی دباؤ کے تحت شریک ہوتے ہیں، جو کہ تشویشناک بات ہے۔

## انٹرویو نمبر10:

نام: مولانا عبد الرحیم صاحب

جنس: مرد

پتہ: میر زگو، ضلع مہمند

عمر: 22سال

فون نمبر: 03402785560

پیشہ: درس و تدریس

تعلیمی قابلیت: درس نظامی

انٹرویو کی تاریخ: 10جولائی2025

انٹرویو کا وقت: 05:00شام

سوال: 1 آپ کے خیال میں وہ کون سی علامات ہیں جو کسی رسم کو غیر اسلامی بناتی ہیں؟

جواب: رسم اگر دلیل شرعی سے خالی ہو، عبادت کا روپ دھار لے، یا دین کی روح کے خلاف ہو تو وہ غیر اسلامی ہوتی ہے۔ شریعت عمل کی نیت، نوعیت اور اثر کو دیکھتی ہے۔

سوال2: ایسی بدعتی رسومات کا سب سے زیادہ دباؤ کن طبقات پر ہوتا ہے؟

جواب: نوجوان نسل اور خواتین پر دباؤ سب سے زیادہ ہوتا ہے، کیونکہ وہ معاشرتی عزت و شرمندگی کے احساس میں ان رسومات کو نبھانے پر مجبور ہو جاتے ہیں۔

سوال3: وہ کون سی رسومات ہیں جو آپ کو دین کے اصولوں سے مکمل متصادم لگتی ہیں؟

جواب:ولور، کوشونده، سورہ جیسے رسومات۔

سوال4: کیا بعض لوگ غیر شرعی رسومات کو دین کا حصہ سمجھ کر اپناتے ہیں؟

جواب:جی ہاں، اکثریت ایسے لوگوں کی ہے جو ماحول سے متاثر ہو کر ان رسومات کو دین سمجھتے ہیں، حالانکہ وہ دین سے دور ہوتی ہیں۔

سوال5: موجودہ دینی نصاب میں بدعات ورسومات کی اصلاح کے لیے کیا مواد شامل ہونا چاہیے؟

جواب:"بدعت اور سنت کا فرق"، "سیرت النبی ﷺ میں اجتماعی زندگی"، اور "ثقافتی دین و دینی ثقافت" جیسے موضوعات شامل کیے جائیں۔

سوال6: اگر ہر جمعہ کو رسم وبدعت کے خلاف خطبہ دیا جائے تو کیا اثرات مرتب ہو سکتے ہیں؟

جواب:اگر دلائل اور نرمی کے ساتھ بات کی جائے تو آہستہ آہستہ معاشرہ بدل سکتا ہے، خاص طور پر نوجوان نسل میں شعور بیدار ہو سکتا ہے۔

سوال7: کیا مدارس و مساجد ان رسومات کی اصلاح میں مؤثر کردار ادا کر رہے ہیں؟

جواب: جزوی طور پر کردار ادا ہو رہا ہے، لیکن اصلاح کا دائرہ درس و تدریس سے نکل کر سماجی رابطے اور تحریک کی صورت اختیار کرے تو بہتر نتائج حاصل ہوں گے۔

سوال8: آپ کے نزدیک نوجوانوں میں غیر شرعی رسومات کا رجحان کیوں بڑھ رہا ہے؟

جواب: کیونکہ ان کے دل میں دین کی عظمت، علماء کا اعتماد اور دینی تشخص کی قدر کم ہو گئی ہے۔ سوشل میڈیا ان کی سوچ کو رنگین بنا رہا ہے۔


سوال9: کیا مقامی سطح پر علماء کی قیادت میں اصلاحی کمیٹیاں بنانا مؤثر ثابت ہو سکتا ہے؟

جواب:جی ہاں، بشرطیکہ یہ کمیٹیاں عملی، مستقل مزاج، اور بااختیار ہوں، اور ان میں علماء کے ساتھ سماجی نمائندے بھی شامل ہوں۔

سوال10: کیا علماء خود بھی کبھی ان رسومات کا حصہ بن جاتے ہیں؟

جواب: جی ہاں، بعض اوقات تعلقات، مصلحت یا مجبوری کے باعث شریک ہوتے ہیں، لیکن ایسا کرنا اصلاح کے لیے نقصان دہ ہوتا ہے۔

## نتیجہ:



# فصل دوم: قبائلی مشران کا کردار

## مقامی مشران سے انٹرویوز:

## قبائلی مشران اور رسموں کی تدارک: ایک سماجی سروے

### تمہید:

ضلع مہمند کی قبائلی ساخت ایک ایسے معاشرتی نظام پر مبنی ہے جس میں نسل در نسل چلی آنے والی روایات، رسمیں اور سماجی ضوابط بڑی حد تک قبائلی مشران کی نگرانی، مشاورت اور فیصلہ سازی کے تحت ترتیب پاتے ہیں۔ ان مشران کو نہ صرف اپنی برادری بلکہ پورے قبیلے میں ایک ممتاز مقام حاصل ہوتا ہے۔ ان کی بات کو قدر و احترام کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے، اور اکثر اوقات ان کے فیصلے حتمی اور لزومی نوعیت کے ہوتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ جب معاشرے میں کوئی نئی سوچ یا اصلاحی تحریک جنم لیتی ہے تو اس کی کامیابی یا ناکامی میں مشران کے موقف کو بنیادی حیثیت حاصل ہوتی ہے۔ ضلع مہمند کے مشران نہ صرف اپنے تجربے، عمری برتری اور سماجی وقار کی وجہ سے مقامِ رائے رکھتے ہیں بلکہ وہ روایتی ثقافت، رسوم و رواج اور علاقائی اقدار کے حقیقی محافظ بھی سمجھے جاتے ہیں۔ اکثر دیکھنے میں آیا ہے کہ مختلف دیہات اور برادریوں میں جو غیر اسلامی یا غیر شرعی رسوم پروان چڑھتی ہیں، ان کے فروغ یا جمود میں قبائلی مشران کا غیر شعوری یا شعوری کردار کسی نہ کسی صورت میں موجود ہوتا ہے۔ ان رسومات کو اکثر دینی لباس پہنا کر عوام الناس کے ذہنوں میں اتارا جاتا ہے، جس کے باعث ان سے انکار یا مخالفت کرنا بسا اوقات ممکن نہیں رہتا۔ لہٰذا اگر ہم واقعی طور پر ان رسومات کے خلاف مؤثر حکمتِ عملی اپنانا چاہتے ہیں تو یہ ناگزیر ہے کہ ہم ان قبائلی مشران سے براہِ راست رابطہ کریں، ان کے تجربات، آراء اور بصیرت سے استفادہ کریں، اور ان کے ساتھ مشاورت کے عمل کو ایک سنجیدہ تحقیقی طریقہ کار کے طور پر اپنائیں۔ کیونکہ وہ نہ صرف مقامی سطح پر اثر و رسوخ رکھتے ہیں بلکہ ان کی زبان سے نکلے ہوئے الفاظ پورے قبیلے کے لیے رہنمائی کا ذریعہ بنتے ہیں۔

اس تناظر میں اس تحقیقی مطالعے کے ایک اہم جزو کے طور پر قبائلی مشران کے ساتھ انٹرویوز اور ملاقاتوں کا سلسلہ شروع کیا گیا ہے، تاکہ ان کے فہم، مشاہدے اور رویوں کی روشنی میں ہم یہ جان سکیں کہ غیر اسلامی رسوم و رواج کی جڑیں کہاں سے پھوٹتی ہیں، یہ رسومات کس حد تک معاشرتی نظام میں پیوست ہو چکی ہیں، اور ان کے تدارک کے لیے کس نوعیت کے اقدامات ناگزیر ہیں۔ زیرِ نظر سوالنامہ اسی سلسلے کی ایک اہم کڑی ہے، جسے اس نیت سے ترتیب دیا گیا ہے کہ مقامی مشران کی رائے کو علمی انداز میں قلمبند کیا جا سکے اور ان کی آراء کی بنیاد پر ایک بامقصد اور مؤثر لائحۂ عمل تشکیل دیا جا سکے۔

## انٹرویو نمبر1:

تعارف:

نام: نثار احمد مومند

جنس: مرد

پتہ: میجر جمہ کلے، یکہ غنڈ ضلع مومند

عمر: 55سال

فون نمبر: 03009344511

پیشہ: سیاست / سابقہ ایم۔پی۔اے خیبر پختون خواہ اسمبلی، قبائلی مشر قوم، ترکزئی

تعلیمی قابلیت: گریجویٹ

انٹرویو کی تاریخ: 16جولائی2025ء

انٹرویو کا وقت: 10:40 رات

سوال1: آپ کی نظر میں مشہور افراد کا غیر شرعی رسومات کے خلاف بولنا کس حد تک نتیجہ خیز ہو سکتا ہے؟

جواب: کامیاب اور مشہور شخصیات کی باتیں لوگ زیادہ توجہ سے سنتے ہیں اور اسے حقیقی قرار دیتے ہیں۔ جب وہ غلط بات کے خلاف بولتے ہیں تو ان کے الفاظ میں اعتماد ہوتا ہے اور وہ لوگوں کا رول ماڈل ہوتا ہے اس لیے ان کی بات میں عام لوگوں کی نسبت زیادہ اثر ہوتا ہے چاہے غیر شرعی رسومات کے خلاف ہو یا کوئی بھی علاقائی فائدے کے حوالے سے ہو۔

سوال2: مشران کس طرح نوجوان نسل میں رسوم وروایات سے متعلق درست فہم پیدا کر سکتے ہیں؟

جواب: ان کے ساتھ مل جل کر بیٹھنا، انھیں وقت دینا، ان کی بات توجہ سے سننا اور ان کے ساتھ دوستانہ ماحول پیدا کرنے کے بعد ان میں رسوم و روایات سے متعلق درست فہم پیدا کر سکتے ہیں۔ جبکہ پروگرامز، نشستیں، مکالمہ، اور سوال جواب کا ماحول پیدا کرنے سے بھی رسوم وروایات سے متعلق درست فہم پیدا ہو سکتا ہے۔

سوال 3: کیا قبائلی یا مقامی قائدین کو سماجی اصلاح کے میدان میں سر گرم ہونا چاہیے ؟

جواب: بالکل۔ قبائلی اور مقامی قائدین کو سماجی اصلاح کے میدان میں سر گرم ہونا چاہیے کیونکہ اگر وہ سر گرم نہ ہو تو نوجوان نسل کا غلط ہاتھوں میں چلے جانے کا اندیشہ ہو سکتا ہے۔ جبکہ زیادہ تر نوجوان سماجی رویوں سے ناخبر ہیں اور یہی قبائلی و علاقائی قائدین ان کی سماجی اصلاح کر سکتے ہیں۔

سوال 4: مشران کے ذریعے اصلاحی پیغام کو عام کرنے کے لیے مؤثر طریقہ کار کیا ہو سکتا ہے ؟

جواب: نوجوان نسل کے لیے مشران کو مشران پر اعتماد پیدا کرنا ہو گا، جس کے لیے انہیں اپنے آپ کو رول ماڈل بنانا ہو گا، انہیں اپنے فیصلوں اور ان فیصلوں کی بدولت آنے والے فائدوں سے باخبر کرنا ہو گا تاکہ وہ مشران کے فیصلوں پر اعتماد ہو۔ مشران کو اپنا ماضی اور مستقبل کو بے داغ بنانا ہو گا تاکہ نوجوان نسل کو ان پر اعتماد ہو۔ جب یہ اعتماد ہو تو پھر مشران کا ہر اصلاحی پیغام پر وہ بلا جھجک عمل کریں گے۔

سوال 5: آپ کی رائے میں معاشرے کے مشران اگر مل کر مہم چلائیں تو کیا نتیجہ نکل سکتا ہے ؟

جواب: سب سے پہلے وہ مشران جس کا ماضی بے داغ ہو وہ مل کر نوجوان نسل کا اعتماد حاصل کریں اور پھر دوسرے مشران کے ساتھ ساتھ نوجوانوں کو بھی اپنے ساتھ ملا کر خلوص اور تسلسل کے ساتھ مہم چلائیں تو بہت واضح نتیجہ نکل سکتا ہے۔

سوال 6: کیا مشران کی باتیں نوجوان طبقے کو غیر شرعی رسوم سے بچانے میں مددگار ہو سکتی ہیں ؟

جواب: بالکل، اگر وہ اپنے انداز کو جدید تقاضوں کے مطابق بنائیں تو نوجوان سنتے ہیں۔ انہیں اچھے طریقے سے سمجھا کر غیر شرعی رسوم سے بچانے میں کلیدی کردار ادا کر سکتے ہیں۔

سوال 7: جب کوئی مشر کسی رسم کے خلاف مؤقف اپناتا ہے تو اسے کس طرح کی مخالفت کا سامنا کرنا پڑتا ہے ؟

جواب: انہیں تنقید کا سامنا کرنا پڑتا ہے، لوگ طنز کرتے ہیں اور آج کل تو سوشل میڈیا پر فیک اکاؤنٹس پر انہیں گالیوں تک کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

سوال 8: کیا آپ کو کوئی ایسا واقعہ یاد ہے جس میں کسی مشہور شخصیت کی کوشش سے کسی غلط روایت کا خاتمہ ہوا ہو ؟

جواب: جی، میرے بڑے بھائی نے بارات میں غیر شرعی موسیقی ختم کرائی، اب پورے خاندان میں یہ رواج نہیں۔

سوال 9: کیا ریاست یا حکومتی ادارے مشران کو اس مقصد کے لیے متحرک کر سکتے ہیں ؟

جواب:    بالکل! مگر حکومتی اداروں کو بھی مستقل مزاجی سے کام لینا ہو گا، صرف بل بنانے اور مختلف اداروں سے پیسے وصول کرنے کی حد تک نہیں۔ عملی مشاورت کے ساتھ ساتھ فالو اپ بھی کرنا ہو گا اور مختلف میٹنگز اور سیمینارز کے بعد نتیجہ بھی دیکھنا ہو گا کہ جو کام کیے وہ کس حد تک نتیجہ خیز ثابت ہوا۔

سوال10: کیا جرگہ رسومات کو ختم کرنے میں کردار ادا کر سکتا ہے؟

جواب:    بالکل! جرگہ قبائلیوں کا ضمیر ہے اور لوگ انہیں بہت عزت دیتے ہیں اور ان کی بات دل سے سنتے ہیں اور ان پر عمل کو ایک فریضہ سمجھتے ہیں۔

## انٹرویو نمبر2:

تعارف:۔

نام:سید قمر

جنس:مرد

پتہ:کاکڑ قندہاری، ضلع مہمند

عمر:45

فون نمبر:03469145587

پیشہ:قبائلی مشر، تحصیل بائیزئی

تعلیمی قابلیت:ایم ایس سی

انٹرویو کی تاریخ:9:00 صبح

انٹرویو کا وقت:12 جولائی 2025

سوال1: آپ کی نظر میں مشہور افراد کا غیر شرعی رسومات کے خلاف بولنا کس حد تک نتیجہ خیز ہو سکتا ہے؟

جواب:میری ذاتی رائے کے مطابق مشہور افراد کا نیک نیتی، اخلاص اور غیر جانبداری سے غیر شرعی رسومات کے خلاف بولنا بہت بڑی حد تک نتیجہ خیز ہو سکتا ھے۔ بشرطیکہ کہ وہ خود ان غیر شرعی رسومات سے عملی طور پر ہر وقت اور جگہ پر اجتناب کریں۔

سوال2: مشران کس طرح نوجوان نسل میں رسوم وروایات سے متعلق درست فہم پیدا کر سکتے ہیں؟

جواب: علاقائی مشران اپنے قول وفعل، نوجوانوں کے مثبت سرگرمیوں میں شرکت اور ان کے ساتھ نرمی سے پیش آنے سے ،نوجوان نسل میں غیر شرعی رسوم وروایات سے متعلق درست فہم پیدا کر سکتے ہیں۔

سوال3: کیا قبائلی یا مقامی قائدین کو سماجی اصلاح کے میدان میں سرگرم ہونا چاہیے؟

جواب: قبائلی / مقامی قائدین کو سماجی اصلاح کے میدان ضرور سرگرم ھونا چاہیے۔ وہ اپنے تجربے، حکمت اور تعلقات عامہ کی بنیاد پر سماجی اصلاح کے میدان میں بہت اچھا رول ادا کر سکتے ہیں۔

سوال4: مشران کے ذریعے اصلاحی پیغام کو عام کرنے کے لیے مؤثر طریقہ کار کیا ہو سکتا ہے؟

جواب: مشران کے ذریعے اصلاحی پیغام کو عام کرنے کے لئے موثر طریقہ کار مقامی اصلاحی کمیٹیاں تشکیل دینا ھے۔ اور ان کمیٹیوں میں ھر طبقہ کے غریب ومالدار لوگ، نوجوانوں اور بڑوں کو شامل کرنا چاھیے۔ تاکہ اصلاحی پیغام کو نتیجہ خیز اور عام کرنے میں آسانی ہو۔

سوال5: آپ کی رائے میں معاشرے کے مشران اگر مل کر مہم چلائیں تو کیا نتیجہ نکل سکتا ہے؟

جواب: میری رائے کے مطابق معاشرے کے مشران اگر مل کے اصلاحی مہم چلاے تو بہت سے غیر شرعی رسومات کا خاتمہ کیا جا سکتا ہے۔

سوال6: کیا مشران کی باتیں نوجوان طبقے کو غیر شرعی رسوم سے بچانے میں مددگار ہو سکتی ہیں؟

جواب: اگر مشران خود باعمل ہو اور نوجوانوں کو معاشرتی اصلاحی کاموں میں ہم کار بناتے ہو، تو پھر ان کی باتیں نوجوان طبقے کو غیر شرعی رسومات سے بچانے میں مددگار ہو سکتی ہیں۔

سوال7: جب کوئی مشر کسی رسم کے خلاف مؤقف اپناتا ہے تو اسے کس طرح کی مخالفت کا سامنا کرنا پڑتا ہے؟

جواب: کسی بھی غیر شرعی رسم کے خلاف موقف اپنانے سے مخالفت پیدا ھونے کا خدشہ ھوتا ھے اور مخالفت کی نوعیت غیر شرعی رسم اور معاشرے کے جس طبقہ کے لوگوں میں یہ رسم پایا جاتا ہو، پر انحصار کرنا ہے۔ مشر کے ساتھ یہ مخالفت کبھی معاشرتی قطع تعلق کا ہوتا ہے اور کبھی بات ہاتھاپائی تک پہنچ جاتا ہے۔

سوال8: کیا آپ کو کوئی ایسا واقعہ یاد ہے جس میں کسی مشہور شخصیت کی کوشش سے کسی غلط روایت کا خاتمہ ہوا ہو؟

جواب: 8۔ ذاتی طور پر مجھے کوئی ایسا واقعہ یاد نہیں جس میں کسی مخصوص اور مشہور شخصیت کی کوشش سے کسی غلط روایت کا خاتمہ ہوا ہو۔

سوال9: کیا ریاست یا حکومتی ادارے مشران کو اس مقصد کے لیے متحرک کر سکتے ہیں؟

جواب: ہاں ریاست یا حکومتی ادارے مشران کو اس مقصد کے لیے متحرک کر سکتے ہیں۔ بشرطیکہ کہ نیت خالص ہو اور ٹارگٹ صرف غیر شرعی رسومات کا خاتمہ ہو۔

سوال10: کیا جرگہ رسومات کو ختم کرنے میں کردار ادا کر سکتا ہے؟

جواب: ہاں جرگہ غیر شرعی رسومات کو ختم کرنے میں کردار ادا کر سکتا ہے۔ لیکن اس شرط پر کہ جرگہ ممبران ھر طبقہ کا ھو اور جوانوں بڑوں دونوں پر مشتمل ہو۔ اور مقصد صرف غیر شرعی رسومات کا خاتمہ ہو۔۔

## انٹرویو نمبر3:

تعارف:

نام: ساجد خان مہمند

جنس: مرد

پتہ: غلنئ، ضلع مہمند

عمر: 44

فون نمبر: 03439003001

پیشہ: سیاست / موجودہ MNA حلقہ-26-این۔اے، مشر، قوم حلیمزئی

تعلیمی قابلیت: ماسٹر

انٹرویو کی تاریخ: 15 جولائی 2025

انٹرویو کا وقت: 02:00 دوپہر

سوال 1: آپ کی نظر میں مشہور افراد کا غیر شرعی رسومات کے خلاف بولنا کس حد تک نتیجہ خیز ہو سکتا ہے؟

جواب: اگر مشران، علماء اور سیاسی لوگ اس پر توجہ دیں، مذاکرات کریں تو کافی حد تک نتیجہ خیز ہو سکتا ہے۔

سوال 2: مشران کس طرح نوجوان نسل میں رسوم و روایات سے متعلق درست فہم پیدا کر سکتے ہیں؟

جواب: میرے خیال جب اس کا عملی مظاہرہ ہو، اپنے آپ سے شروع کریں، غیر اسلامی رسومات سے گریز کریں، تو اس سے نوجوان نسل میں درست فہم پیدا ہو سکتا ہے۔

سوال 3: کیا قبائلی یا مقامی قائدین کو سماجی اصلاح کے میدان میں سرگرم ہونا چاہیے؟

جواب: بالکل سرگرم ہونا چاہئے۔

سوال 4: مشران کے ذریعے اصلاحی پیغام کو عام کرنے کے لیے مؤثر طریقہ کار کیا ہو سکتا ہے؟

جواب: اگر مشران نوجوانوں کو اپنے عملی فیصلوں کے مثبت نتائج سے روشناس کرائیں تو ان کے پیغامات زیادہ قابل قبول بن سکتے ہیں۔

سوال 5: آپ کی رائے میں معاشرے کے مشران اگر مل کر مہم چلائیں تو کیا نتیجہ نکل سکتا ہے؟

جوابکافی حد تک غیر اسلامی رسومات کا تدارک ہو سکتا ہے۔

سوال 6: کیا مشران کی باتیں نوجوان طبقے کو غیر شرعی رسوم سے بچانے میں مددگار ہو سکتی ہیں؟

جواب: اس کے لئے شرط یہ ہے کہ مشران نوجوانوں کو اعتماد میں لیں، تو کسی حد تک مشران کی باتیں اثر انداز ہو سکتی ہیں۔

سوال 7: جب کوئی مشر کسی رسم کے خلاف مؤقف اپناتا ہے تو اسے کس طرح کی مخالفت کا سامنا کرنا پڑتا ہے؟

جواب: کافی رسومات کو مشران نے ختم کر دیا ہے، اور اب بھی ختم کرنے کی کوشش کی جارہی ہے، چونکہ جب ایک رسم کسی علاقے میں راسخ ہو جائے، تو اس کو ختم کرنے ابتدائی طور پر کافی مشکلات ہوتے ہیں۔

سوال8: کیا آپ کو کوئی ایسا واقعہ یاد ہے جس میں کسی مشہور شخصیت کی کوشش سے کسی غلط روایت کا خاتمہ ہوا ہو؟

جواب: ہاں، دور باخیل علاقے میں بارات کی رسم کو ختم کر دیا گیا ہے۔ وہاں کے مشران نے یہی فیصلہ کیا ہوا ہے۔

سوال9: کیا ریاست یا حکومتی ادارے مشران کو اس مقصد کے لیے متحرک کر سکتے ہیں؟

جواب: ہمارے ہاں مشران خود مختار ہے، وہ بجائے حکومت قوانین کے جرگے کے ذریعے فیصلے کرتے ہیں۔ ریاست کا اس میں کوئی عمل دخل نہیں ہوتا ہے۔

سوال10: کیا جرگہ رسومات کو ختم کرنے میں کردار ادا کر سکتا ہے؟

جواب: جرگہ قبائل میں نہایت معتبر حیثیت رکھتا ہے اور اگر وہ کسی رسم کے خلاف متفقہ فیصلہ کرے تو عوام اس کو ترجیحی بنیاد پر قبول کرتے ہیں اور اس سے رسم ختم بھی ہو جاتے ہیں۔

## انٹرویو نمبر4:

تعارف:

نام: ملک تفسیر مہمند

جنس: مرد

پتہ: خویزئی، ضلع مہمند

عمر: 42

فون نمبر: 03481943547

پیشہ: ملک، خویزئی قوم

تعلیمی قابلیت: ماسٹر

انٹرویو کی تاریخ:15 جولائی 2025

انٹرویو کا وقت:07:00 شام

سوال 1: آپ کی نظر میں مشہور افراد کا غیر شرعی رسومات کے خلاف بولنا کس حد تک نتیجہ خیز ہو سکتا ہے؟

جواب: مشران جب کھل کر غیر شرعی باتوں کے خلاف آواز بلند کرتے ہیں، تو عام لوگوں میں ہمت پیدا ہوتی ہے کہ وہ بھی ایسی چیزوں سے بچیں۔ ان کے ایک جملے سے کئی دل بدل سکتے ہیں۔

سوال 2: مشران کس طرح نوجوان نسل میں رسوم و روایات سے متعلق درست فہم پیدا کر سکتے ہیں؟

جواب: ہماری نوجوان نسل جو موبائل اور میڈیا کی دنیا میں پھنس چکی ہے، اس تک پہنچنے کے لیے مشران کو بات چیت، مثالوں اور علاقائی تاریخ کے ذریعے بات کرنی چاہیے۔ صحیح اور غلط رسم کا فرق واضح کرنا ضروری ہے۔

سوال 3: کیا قبائلی یا مقامی قائدین کو سماجی اصلاح کے میدان میں سرگرم ہونا چاہیے؟

جواب: جی ہاں، جب یہ لوگ صرف اپنے عہدے اور مرتبے تک محدود نہ رہیں بلکہ عوام کی اصلاح کو مشن بنائیں، تو پھر معاشرہ سنور سکتا ہے۔ ورنہ یہ صرف رسماً مشران کہلائیں گے۔

سوال 4: مشران کے ذریعے اصلاحی پیغام کو عام کرنے کے لیے مؤثر طریقہ کار کیا ہو سکتا ہے؟

جواب: جب کوئی مشر خود کسی رسم سے انکار کرے، اور اسے اپنی زندگی سے نکالے، تو اس کا پیغام زبانی نصیحت سے زیادہ وزنی ہوتا ہے۔ عمل سب سے مؤثر ذریعہ ہے۔

سوال 5: آپ کی رائے میں معاشرے کے مشران اگر مل کر مہم چلائیں تو کیا نتیجہ نکل سکتا ہے؟

جواب: اگر وہ متحد ہو جائیں تو برسوں کی رسومات ہفتوں میں دم توڑ سکتی ہیں۔ یہ لوگ اگر ایک لائحہ عمل بنا کر چلیں، تو پورا علاقہ پیروی کرتا ہے۔

سوال 6: کیا مشران کی باتیں نوجوان طبقے کو غیر شرعی رسوم سے بچانے میں مددگار ہو سکتی ہیں؟

جواب: یقیناً، مشران اگر محبت، عقل، اور دینی سوچ کے ساتھ نوجوانوں کو گائیڈ کریں تو ان کی بات اثر ڈال سکتی ہے۔ نوجوان ویسے بھی راہنمائی چاہتے ہیں، بس کوئی مخلص ہو۔

سوال7: جب کوئی مشر کسی رسم کے خلاف مؤقف اپناتا ہے تو اسے کس طرح کی مخالفت کا سامنا کرنا پڑتا ہے؟

جواب: پہلے تو اس پر انگلیاں اٹھتی ہیں، لوگ کہتے ہیں "رسم تو صدیوں سے ہے، اب توڑنے آیا ہے؟" مگر جو مشر خلوص سے بات کرے اور ثابت قدم ہو، تو مخالفت آہستہ آہستہ ختم ہو جاتی ہے۔

سوال8: کیا آپ کو کوئی ایسا واقعہ یاد ہے جس میں کسی مشہور شخصیت کی کوشش سے کسی غلط روایت کا خاتمہ ہوا ہو؟

جواب: ہمارے علاقے میں ایک بزرگ نے "کفن پرانی روایت کے مطابق مہنگے کپڑے سے دینے" کے بجائے سادہ کفن دیا، شروع میں لوگ ناراض ہوئے، لیکن اب وہی مثال ہر طرف دی جاتی ہے۔

سوال9: کیا ریاست یا حکومتی ادارے مشران کو اس مقصد کے لیے متحرک کر سکتے ہیں؟

جواب: بالکل۔ اگر مشران کو سرکاری سطح پر اعتماد میں لیا جائے، ان کے ساتھ مشورے ہوں، اور دینی ادارے ان کے ساتھ ہوں، تو وہ مثبت کردار ادا کر سکتے ہیں۔

سوال10: کیا جرگہ رسومات کو ختم کرنے میں کردار ادا کر سکتا ہے؟

جواب: جرگہ وہ واحد ادارہ ہے جس کی بات پر قبائل اتفاق کرتے ہیں۔ اگر جرگہ اجتماعی طور پر کسی رسم کو غلط قرار دے، تو اسے ختم ہونے میں دیر نہیں لگتی۔

## انٹرویو نمبر 5:

تعارف:

نام: شمس مہمند

جنس: مرد

پتہ: یکہ غنڈ، ضلع مہمند

عمر: 48 سال

فون نمبر: 03459393103

پیشہ: ترکزئی قوم مشر، کالم نگار

تعلیمی قابلیت: ماسٹر

انٹرویو کی تاریخ: 15 جون 2025

انٹرویو کا وقت: 5 بجے شام

سوال 1: آپ کی نظر میں مشہور افراد کا غیر شرعی رسومات کے خلاف بولنا کس حد تک نتیجہ خیز ہو سکتا ہے؟

جواب: قبائلی ماحول میں لوگ نامور شخصیات کی ہر بات پر توجہ دیتے ہیں۔ جب ایسا کوئی بندہ کھل کر غیر اسلامی رسم کے خلاف بولتا ہے، تو لوگ سننے پر مجبور ہوتے ہیں۔

سوال 2: مشران کس طرح نوجوان نسل میں رسوم و روایات سے متعلق درست فہم پیدا کر سکتے ہیں؟

جواب: مشران کو چاہیے کہ وہ قہوہ خانوں اور حجرے میں نوجوانوں سے بیٹھ کر ان کے خیالات سنیں اور پھر نرمی سے روایات کا فرق سمجھائیں

سوال 3: کیا قبائلی یا مقامی قائدین کو سماجی اصلاح کے میدان میں سرگرم ہونا چاہیے؟

جواب: جی ہاں، کیونکہ اگر وہ خاموش رہے تو پھر برائیاں جڑ پکڑ لیتی ہیں۔ ان کا متحرک ہونا علاقے کی ضرورت ہے۔

سوال 4: مشران کے ذریعے اصلاحی پیغام کو عام کرنے کے لیے مؤثر طریقہ کار کیا ہو سکتا ہے؟

جواب: جلسے، جمعے کے خطبے، اور جرگے کی مجالس میں بات رکھی جائے تو لوگوں میں شعور پیدا ہوتا ہے۔

سوال 5: آپ کی رائے میں معاشرے کے مشران اگر مل کر مہم چلائیں تو کیا نتیجہ نکل سکتا ہے؟

جواب: اگر سب بزرگ ایک ساتھ کسی رسم کے خلاف کھڑے ہو جائیں تو معاشرے میں وہ رسم زیادہ دن نہیں چل سکتی۔

سوال 6: کیا مشران کی باتیں نوجوان طبقے کو غیر شرعی رسوم سے بچانے میں مددگار ہو سکتی ہیں؟

جواب: جی، اگر بات خلوص اور ہمدردی سے کی جائے تو اثر ہوتا ہے۔ سختی یا طنز سے نہیں، بلکہ سمجھا کر۔

سوال 7: جب کوئی مشر کسی رسم کے خلاف مؤقف اپناتا ہے تو اسے کس طرح کی مخالفت کا سامنا کرنا پڑتا ہے؟

جواب: شروع میں مخالفت ہوتی ہے، لوگ باتیں بناتے ہیں، لیکن آخر میں سب مان لیتے ہیں۔

سوال8: کیا آپ کو کوئی ایسا واقعہ یاد ہے جس میں کسی مشہور شخصیت کی کوشش سے کسی غلط روایت کا خاتمہ ہوا ہو؟

جواب: ہمارے علاقے کے ملک ایاز خان نے ولیمے پر اسراف بند کرایا، آج وہ رسم تقریباً ختم ہو چکی ہے۔


سوال9: کیا ریاست یا حکومتی ادارے مشران کو اس مقصد کے لیے متحرک کر سکتے ہیں؟

جواب: جی ہاں، اگر انتظامیہ مشران کے ساتھ مسلسل رابطے میں رہے تو وہ تبدیلی لا سکتے ہیں۔

سوال10: کیا جرگہ رسومات کو ختم کرنے میں کردار ادا کر سکتا ہے؟

جواب: یقیناً، جرگے کے فیصلے کو سب مانتے ہیں، اس لیے جرگہ مؤثر ادارہ ہے۔

## نتیجہ:



# فصل سوم: عوام الناس کا کردار

## عوام الناس سے انٹرویوز:

## غیر اسلامی رسومات کے خلاف عوامی شعور اور اصلاحی ذرائع کا تجزیہ: ایک رائے شماری

### تمہید:

کسی بھی معاشرتی مسئلے کا درست فہم اس وقت تک ممکن نہیں جب تک اس سے براہِ راست متاثر ہونے والے افراد کی رائے کو سامنے نہ لایا جائے۔ عوام الناس کسی بھی معاشرے کی وہ اصل بنیاد ہوتے ہیں جن پر تمام سماجی، مذہبی اور ثقافتی ڈھانچے استوار ہوتے ہیں۔ رسوم و رواج کی جڑیں بھی درحقیقت عام افراد کے رویوں، عقائد، ذہنی رجحانات اور روزمرہ کے معمولات میں پیوست ہوتی ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ جب کوئی رسم یا روایت معاشرتی سطح پر رائج ہوتی ہے تو وہ سب سے پہلے عوام کے دل و دماغ میں جگہ بناتی ہے، اور پھر رفتہ رفتہ پورے سماجی ڈھانچے کا حصہ بن جاتی ہے۔ ضلع مہمند جیسے قبائلی پس منظر رکھنے والے علاقے میں عوامی سوچ اور رویے مزید اہمیت اختیار کر جاتے ہیں، کیونکہ یہاں تعلیم و تربیت کی رسمی صورت کے ساتھ ساتھ نسل در نسل منتقل ہونے والی روایات کا اثر بھی بہت گہرا ہوتا ہے۔ عام لوگ جو کچھ اپنے بڑوں سے دیکھتے اور سیکھتے ہیں، اسے بلا تحقیق قبول کر لیتے ہیں، خواہ وہ بات دین کے مطابق ہو یا اس کے خلاف۔ یہی وہ مقام ہے جہاں بعض غیر اسلامی رسومات بھی دینی لبادہ اوڑھ کر عوامی ذہنوں میں پیوست ہو جاتی ہیں، اور ان کا انکار گویا اجتماعی بغاوت سمجھا جانے لگتا ہے۔ لہٰذا اس تحقیقی کوشش میں عوام الناس کی آراء، رجحانات اور تجربات کو نظر انداز کرنا کسی صورت ممکن نہیں۔ اصلاحِ معاشرہ کے لیے جہاں علما کرام کی علمی رہنمائی اور مشران کی بصیرت کی ضرورت ہے، وہیں عوام کی عملی زندگی سے جڑی ہوئی سچائیوں، ان کے احساسات، مشکلات اور رسومات سے متعلق ان کے خیالات کو سامنے لانا بھی انتہائی ضروری ہے۔ عوام کی شمولیت کے بغیر کوئی بھی اصلاحی منصوبہ پائیدار نتائج نہیں دے سکتا۔

اسی حقیقت کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے، اس تحقیق کے ایک اہم مرحلے کے طور پر ضلع مہمند کے مختلف دیہات، بستیوں اور علاقوں میں رہنے والے مرد و خواتین سے براہِ راست انٹرویوز اور سوال و جواب کی صورت میں ان کی آراء لی جا رہی ہیں۔ ان انٹرویوز کا مقصد صرف ان کی شکایات سننا نہیں، بلکہ ان رسومات سے متعلق اُن کے جذبات، ذہنی کیفیات، مذہبی تفہیم اور ممکنہ اصلاحی تجاویز کو مدون کرنا ہے، تاکہ ان کی بنیاد پر ایک ایسا ہمہ گیر اور قابلِ عمل لائحہ عمل تشکیل دیا جا سکے جو عوامی سطح پر قابلِ قبول اور مؤثر ہو۔ زیرِ نظر سوالنامہ اسی سلسلے کا حصہ ہے، جو کہ عوامی آراء کو سائنسی اور تحقیقی بنیادوں پر جمع کرنے کی ایک سنجیدہ کوشش ہے۔

## انٹرویو نمبر1

تعارف:

نام۔شاذ علی

جنس۔مرد

پتہ۔شابانہ شاتی کور تحصیل حلیمزئ ضلیع مہمند

عمر:42

فون نمبر۔03469898229

پیشہ: کمپیوٹر آپریٹر

تعلیمی قابلیت:بی-ایس

انٹرویو کی تاریخ:25جون2025

انٹرویو کا وقت:09:00 صبح

سوال1: کیاہمارے معاشرتی ماحول میں رسومات کو دین پر ترجیح دی جارہی ہے؟

جواب:ہاں

سوال2: کیامساجد کے خطبات عوامی بیداری میں مددگار ثابت ہو رہے ہیں؟

جواب:ہاں

سوال3: کیاعوام علماء کی بات پر عمل کرتے ہیں؟

جواب: نہیں

سوال4: کیااصلاحِ رسوم کے لیے سوشل میڈیا مؤثر کردار ادا کر سکتا ہے؟

جواب:ہاں

سوال5: کیا مقبول افراد کی باتوں کا عوامی رویوں پر گہرا اثر ہوتا ہے؟

جواب: ہاں

سوال6: کیا میڈیا اور ڈراموں کے ذریعے رسومات کی اصلاح ممکن ہے؟

جواب: ہاں

سوال7: کیا بااثر خواتین اس پیغام کو عام کرنے میں اہم کردار ادا کر سکتی ہیں؟

جواب: ہاں

سوال8: کیا یوٹیوب یا سوشل پلیٹ فارمز پر موجود مشہور افراد کو اس پیغام کا حصہ بنایا جا سکتا ہے؟

جواب: ہاں

سوال9: کیا عوام بااثر افراد کی پیروی کرتے ہوئے غلط رسوم کو چھوڑنے پر آمادہ ہو سکتے ہیں؟

جواب: ہاں

سوال10: اگر سماجی قائدین خاموش رہیں تو کیا اس سے ان رسموں کو فروغ ملتا ہے؟

جواب: ہاں

## انٹرویو نمبر2

تعارف:

نام: گل سبحان

جنس: مرد

پتہ: حلیمزئی، ضلع مہمند

عمر: 34

فون نمبر: 03139192717

پیشہ: گورنمنٹ ملازم

تعلیمی قابلیت:::ماسٹر

انٹرویو کی تاریخ:25جون 2025

انٹرویو کا وقت:12:00 ظہر

سوال 1: کیا ہمارے معاشرتی ماحول میں رسومات کو دین پر ترجیح دی جارہی ہے؟

جواب: ہمارے معاشرتی ماحول میں رسومات کو دین پر ترجیح دیے جارہی ہے یہ شہر میں مکمل طور پر ہے جبکہ گاؤں کے علاقے میں یہ 35 سے لے کر 50 پرسنٹ تک ہے۔

سوال 2: کیا مساجد کے خطبات عوامی بیداری میں مددگار ثابت ہورہے ہیں؟

جواب: ہمارے مساجد کے خطبات عوامی بیداری کے لیے بالکل مددگار ثابت نہیں ہورہی اس کی سب سے بڑی وجہ کہ عوام نے جس علماء کرام کو مساجد میں مقرر کر رکھے ہیں وہ اکثر ایجوکیٹڈ اور موجودہ ماحول کے لحاظ سے فٹ نہیں ہے وہی پرانے علماء کرام جس کی ہانامہ سات ہزار سے لے کر 10 ہزار تک ماہانہ تنخواہ ہوتی ہے اس تنخواہ میں اپ کو اس طرح کا ویل ایجوکیٹڈ اور موجودہ ماحول کو سمجھنے میں کیا ایسا بندہ مل سکتا ہے جو عوام میں موجودہ ترجیحات پیدا کرے اس وجہ سے انہی علمائے خطبات سے عوام میں کوئی تبدیلی نہیں ارہی۔

سوال 3: کیا عوام علماء کی بات پر عمل کرتے ہیں؟

جواب: پہلے پہل تو عوام کو اتنا وقت نہیں ملتا کہ وہ علماء کرام سے بیٹھ کر کچھ سنیں اور دوسری بات یہ ہے کہ جو عوام علماء کرام کی بات پر عمل کرتے ہیں اس کی مثال اٹے میں نمک جیسا ہے سوشل میڈیا پلیٹ فارم کی وجہ سے ہر بندہ یوٹیوب اور فیس بک کے علماء کرام کی بات سن سن کر عمل کا مادہ ان سے نکل چکا ہے۔

سوال 4: کیا اصلاحِ رسوم کے لیے سوشل میڈیا مؤثر کردار ادا کر سکتا ہے؟

جواب: اصلاح رسوم کے لیے سوشل میڈیا بالکل موثر کردار نہیں ہے کیونکہ لوگ سوشل میڈیا انٹرٹینمنٹ کے لیے یوز کرتا ہے یہ اندازہ میں نے خود لگایا ہوا ہے کہ جب میں سوشل میڈیا پر بیٹھ کر کچھ دیکھ رہا ہوں ایا وہ فیس بک ہو انسٹاگرام ہو یوٹیوب ہو تو اکثر مجھے اصلاح رسوم کا ایک کلپ نظر کو ملتا ہے میں اس کو نظر انداز کر کے اگلے کلپ کو چلا جاتا ہوں کیونکہ اتنی شارٹ ٹائم

میں اتنی طویل اصلاحی بات سننے کا موڈ نہیں ہوتا اسی وجہ سے سوشل میڈیا صرف انٹرٹینمنٹ کی چیز ہے اور یہ ایک اندازے کی بات ہے جب انسان فارغ ہو اور خوش ہو تو وہ اکثر سوشل میڈیا پہ وہی کلپ دیکھیے گا جو کہ انٹرٹینمنٹ کی ہو ہاں اصلاح رسول کے لیے وہ تب ٹائم دیتا ہے جو وہ کسی پریشانی میں مبتلا ہو یا کوئی بیماری کی وجہ سے لیٹا ہو اور وہ اس دیکھ رہا ہو کہ اللہ تعالی مجھ پر رحم کرم کرے تب جاکے کوئی اچھی سی کلپ کو وہ ڈیٹیل سے دیکھیں۔

سوال 5: کیا مقبول افراد کی باتوں کا عوامی رویوں پر گہرا اثر ہوتا ہے؟

جواب: ہاں مقبول افراد کی باتوں کا عوامی رایوں پر اثر ہوتا ہے لیکن جب انسان مکمل طور پر فارغ ہو کیونکہ اس دور میں ٹائم نکالنا اور مقبول افراد اور بااثر لوگوں کی بات سننے کے لیے کون اتنا ٹائم دیتا ہے اج کل موجودہ نوجوان بہت کم دکھائی دیتا ہے کہ وہ کسی مقبول شخص کے سامنے بیٹے اور موٹیویشن سپیک سپیچ کو سنیں۔ مقبول افراد کی باتیں اکثر ان لوگوں پر اثر کرتا ہے جو کہ 45 سال سے اوپر ہو چکی ہو 25 سال سے لے کر 30 سال 40 سال کے افراد کو اکثر مقبول افراد کی باتیں سننے کو ٹائم نہیں ملتا لیکن مقبول افراد کی بات اکثر معاشرے پر گہرا اثر چھوڑتا ہے۔

سوال 6: کیا میڈیا اور ڈراموں کے ذریعے رسومات کی اصلاح ممکن ہے؟

جواب: میڈیا کے ذریعے رسومات کی اصلاح ممکن ہے لیکن ڈراموں کے ذریعے رسومات یہ اصلاح بالکل نظر نہیں ارہا ہے میڈیا میں اگر ایسا ایک گروپ ہو واٹس ایپ جو کہ اصلاحی گروپ ہو یوٹیوب کی ایک ایسی چینل ہو جو اصلاحی ہو صرف اس میں اصلاح کا ٹاپک سنایا جائے تب یہ ممکن ہے ہاں ڈراموں کے ادھر یہ بھی رسومات کو تبدیل کیا جا سکتا ہے لیکن ہم ہماری نظروں سے جتنے ڈرامے گزرے ہیں اس میں اکثر پیار محبت اور ناکام شادی کی باتیں ہی کیا جاتا ہے اگر اس کو تبدیل کر کے ہم اپنی اسلامی رسومات کو بیان کرے تو یہ ماحول پر بہت گہرا اثر ڈالتا ہے۔

سوال 7: کیا بااثر خواتین اس پیغام کو عام کرنے میں اہم کردار ادا کر سکتی ہیں؟

جواب: ہاں بااثر خواتین اس پیغام کو اہم کردار ادا کر سکتا ہے اگر خواتین سکول میں ٹیچنگ پڑھا رہی ہو تو وہ ان کی ذہن کو تبدیل کر سکتا ہے اگر خواتین گھریلو میں اپنی بچوں اور ماتحت کو اس پر ڈالے تو وہ تبدیل کر سکتا ہے اگر بااثر خواتین سوشل میڈیا پر اکر اس بات کو پھیلائیں تو وہ ادا کر سکتا ہے۔

سوال 8: کیا یوٹیوب یا سوشل پلیٹ فارمز پر موجود مشہور افراد کو اس پیغام کا حصہ بنایا جا سکتا ہے؟

جواب: یوٹیوب اور سوشل پلیٹ فارم پر مشہور افراد کو اس کا اس پیغام کا حصہ بنایا جا سکتا ہے لیکن میں نے پہلے سوال میں بھی یہی بات کہی ہے کہ اکثر لوگ یوٹیوب اور سوشل پلیٹ فارم کو انٹرٹینمنٹ کے لیے یوز کرتا ہے وہ گھنٹوں گھنٹوں فلم دیکھ سکتا ہے لیکن ایک اصلاحی بیان سننا گوارا نہیں کر سکتا لیکن ہم نے اپنی تحت کے مطابق اس اصلاح کو برقرار رکھنا ہوتا ہے چاہے اگر وہ اثر کرے یا اثر نہ کرے اپنے ذمے کی فرائض انجام کر سکتے ہیں۔

سوال 9: کیا عوام با اثر افراد کی پیروی کرتے ہوئے غلط رسوم کو چھوڑنے پر آمادہ ہو سکتے ہیں؟

جواب: ہاں عوام با اثر افراد کی پیروی کرتے ہوئے غلط رسوم کو چھوڑنے پر امادہ ہو سکتے ہیں لیکن وقت کے ساتھ ساتھ یہ ماحول سوشل میڈیا کے اس جنگل میں یا اس جال میں رفتہ رفتہ پھنس رہے ہیں اور بجائے اصلاحی طرف وہ غلط راستے پر جا رہے ہوتے ہیں بہت کم ایسے افراد ہیں جو کہ سیو شل میڈیا سے فائدہ اٹھا رہا ہو اچھے رسوم حاصل کرنے کے لیے۔

سوال 10: اگر سماجی قائدین خاموش رہیں تو کیا اس سے ان رسموں کو فروغ ملتا ہے؟

جواب: سماجی قائدین کو خاموش نہیں رہنا چاہیے بلکہ اپنے ذمے کی فرائض انجام دینی چاہیے ہم نے اکثر ایسی سماجی کارکن کو دیکھا ہے جس کی ویڈیو سال و سال لوگوں کو فائدہ پہنچا تا رہتا ہے اگر ہم اقرار الحسن کی ویڈیو کو دیکھیں یہاں یوسف جان کی ویڈیو کو دیکھیں تو وہ اکثر لوگوں کو فائدہ پہنچاتا ہے۔

## انٹرویو نمبر 3

تعارف:

نام: فاروق احمد

جنس: مرد

پتہ: چاندہ، ضلع مہمند

عمر: 27

فون نمبر:

پیشہ: سٹوڈنٹ

تعلیمی قابلیت: بیچلر

انٹرویو کی تاریخ: 25جون 2025

انٹرویو کا وقت: 1:40 دوپہر

سوال 1: کیا ہمارے معاشرتی ماحول میں رسومات کو دین پر ترجیح دی جارہی ہے؟

جواب: ہاں

سوال 2: کیا مساجد کے خطبات عوامی بیداری میں مددگار ثابت ہو رہے ہیں؟

جواب: نہیں

سوال 3: کیا عوام علماء کی بات پر عمل کرتے ہیں؟

جواب: ہاں

سوال 4: کیا اصلاحِ رسوم کے لیے سوشل میڈیا مؤثر کردار ادا کر سکتا ہے؟

جواب: ہاں

سوال 5: کیا مقبول افراد کی باتوں کا عوامی رویوں پر گہرا اثر ہوتا ہے؟

جواب: نہیں

سوال 6: کیا میڈیا اور ڈراموں کے ذریعے رسومات کی اصلاح ممکن ہے؟

جواب: نہیں

سوال 7: کیا بااثر خواتین اس پیغام کو عام کرنے میں اہم کردار ادا کر سکتی ہیں؟

جواب: نہیں

سوال 8: کیا یوٹیوب یا سوشل پلیٹ فارمز پر موجود مشہور افراد کو اس پیغام کا حصہ بنایا جا سکتا ہے؟

جواب: ہاں

سوال9: کیا عوام بااثر افراد کی پیروی کرتے ہوئے غلط رسوم کو چھوڑنے پر آمادہ ہو سکتے ہیں؟

جواب: نہیں

سوال10: اگر سماجی قائدین خاموش رہیں تو کیا اس سے ان رسموں کو فروغ ملتا ہے؟

جواب: ہاں

## انٹرویو نمبر 4

نام: ابرار احمد

جنس: مرد

پتہ: سنگر، ضلع مہمند

عمر: 24

فون نمبر: 03449056036

پیشہ: بزنس مین

تعلیمی قابلیت:

انٹرویو کی تاریخ: 25 جون 2025

انٹرویو کا وقت: 03:00 دوپہر

سوال1: کیا ہمارے معاشرتی ماحول میں رسومات کو دین پر ترجیح دی جا رہی ہے؟

جواب: جی ہاں

سوال2: کیا مساجد کے خطبات عوامی بیداری میں مددگار ثابت ہو رہے ہیں؟

جواب: جی ہاں

سوال3: کیا عوام علماء کی بات پر عمل کرتے ہیں؟

جواب: جی نہیں

سوال4: کیا اصلاحِ رسوم کے لیے سوشل میڈیا مؤثر کردار ادا کر سکتا ہے؟

جواب: ہاں

سوال5: کیا مقبول افراد کی باتوں کا عوامی رویوں پر گہرا اثر ہوتا ہے؟

جواب: ہاں

سوال6: کیا میڈیا اور ڈراموں کے ذریعے رسومات کی اصلاح ممکن ہے؟

جواب: نہیں

سوال7: کیا بااثر خواتین اس پیغام کو عام کرنے میں اہم کردار ادا کر سکتی ہیں؟

جواب: ہاں

سوال8: کیا یوٹیوب یا سوشل پلیٹ فارمز پر موجود مشہور افراد کو اس پیغام کا حصہ بنایا جاسکتا ہے؟

جواب: ہاں

سوال9: کیا عوام بااثر افراد کی پیروی کرتے ہوئے غلط رسوم کو چھوڑنے پر آمادہ ہوسکتے ہیں؟

جواب: ہاں

سوال10: اگر سماجی قائدین خاموش رہیں تو کیا اس سے ان رسموں کو فروغ ملتا ہے؟

جواب: نہیں

## انٹرویو نمبر5

تعارف:

نام: محمد حارث

جنس: مرد

پتہ: سنگر، ضلع مہند

عمر: 29

فون نمبر: 03029892288

پیشہ: وکالت

تعلیمی قابلیت: بی ایس

انٹرویو کی تاریخ: 25 جون 2025

انٹرویو کا وقت: 04:00 شام

سوال 1: کیا ہمارے معاشرتی ماحول میں رسومات کو دین پر ترجیح دی جارہی ہے؟

جواب: جی نہیں

سوال 2: کیا مساجد کے خطبات عوامی بیداری میں مددگار ثابت ہو رہے ہیں؟

جواب: نہیں

سوال 3: کیا عوام علماء کی بات پر عمل کرتے ہیں؟

جواب: جی ہاں

سوال 4: کیا اصلاحِ رسوم کے لیے سوشل میڈیا مؤثر کردار ادا کر سکتا ہے؟

جواب: نہیں

سوال 5: کیا مقبول افراد کی باتوں کا عوامی رویوں پر گہرا اثر ہوتا ہے؟

جواب: نہیں

سوال 6: کیا میڈیا اور ڈراموں کے ذریعے رسومات کی اصلاح ممکن ہے؟

جواب: نہیں

سوال7: کیاباثر خواتین اس پیغام کو عام کرنے میں اہم کردار ادا کر سکتی ہیں؟

جواب:.جی نہیں

سوال8: کیایوٹیوب یاسوشل پلیٹ فارمز پر موجود مشہور افراد کو اس پیغام کا حصہ بنایا جاسکتا ہے؟

جواب: نہیں

سوال9: کیاعوام باثر افراد کی پیروی کرتے ہوئے غلط رسوم کو چھوڑنے پر آمادہ ہوسکتے ہیں؟

جواب:.جی ہاں

سوال10: اگر سماجی قائدین خاموش رہیں تو کیااس سے ان رسموں کو فروغ ملتا ہے؟

جواب:.جی ہاں

## انٹرویو نمبر6

تعارف:

نام: شکیل احمد

جنس: مرد

پتہ: شمشاہ، خوئزئی، ضلع مہمند

عمر: 33سال

فون نمبر: 03469219826

پیشہ: نادرا

تعلیمی قابلیت: ایم ایس اکنامکس

انٹرویو کی تاریخ: 26جون 2025

*وقت:* 09:00 صبح

سوال 1: کیا ہمارے معاشرتی ماحول میں رسومات کو دین پر ترجیح دی جارہی ہے؟

جواب: جی بالکل

سوال 2: کیا مساجد کے خطبات عوامی بیداری میں مددگار ثابت ہو رہے ہیں؟

جواب: بالکل

سوال 3: کیا عوام علماء کی بات پر عمل کرتے ہیں؟

جواب: ہاں

سوال 4: کیا اصلاحِ رسوم کے لیے سوشل میڈیا مؤثر کردار ادا کر سکتا ہے؟

جواب: نہیں

سوال 5: کیا مقبول افراد کی باتوں کا عوامی رویوں پر گہرا اثر ہوتا ہے؟

جواب: ہاں

سوال 6: کیا میڈیا اور ڈراموں کے ذریعے رسومات کی اصلاح ممکن ہے؟

جواب: کسی حد تک ممکن ہے زیادہ نہیں

سوال 7: کیا بااثر خواتین اس پیغام کو عام کرنے میں اہم کردار ادا کر سکتی ہیں؟

جواب: ہاں

سوال 8: کیا یوٹیوب یا سوشل پلیٹ فارمز پر موجود مشہور افراد کو اس پیغام کا حصہ بنایا جا سکتا ہے؟

جواب: نہیں

سوال 9: کیا عوام بااثر افراد کی پیروی کرتے ہوئے غلط رسوم کو چھوڑنے پر آمادہ ہو سکتے ہیں؟

جواب: نہیں

سوال 10: اگر سماجی قائدین خاموش رہیں تو کیا اس سے ان رسموں کو فروغ ملتا ہے؟

جواب:ہاں

## انٹرویو نمبر7

نام:بیت اللہ

جنس:مرد

پتہ:چاندہ، ضلع مہمند

عمر:40سال

فون نمبر:03444178670

پیشہ:بزنس

تعلیمی قابلیت:ڈی کام

انٹرویو کی تاریخ:26جون2025

انٹرویو کا وقت:11:30 صبح

سوال1: کیا ہمارے معاشرتی ماحول میں رسومات کو دین پر ترجیح دی جارہی ہے؟

جواب:جی بالکل

سوال2: کیا مساجد کے خطبات عوامی بیداری میں مددگار ثابت ہو رہے ہیں؟

جواب:ہاں

سوال3: کیا عوام علماء کی بات پر عمل کرتے ہیں؟

جواب:نہیں

سوال4:کیا اصلاحِ رسوم کے لیے سوشل میڈیا مؤثر کردار ادا کر سکتا ہے؟

جواب:نہیں

سوال5: کیامقبول افراد کی باتوں کا عوامی رویوں پر گہرا اثر ہوتا ہے؟

جواب: ہاں

سوال6: کیامیڈیااور ڈراموں کے ذریعے رسومات کی اصلاح ممکن ہے؟

جواب: نہیں

سوال7: کیابااثر خواتین اس پیغام کوعام کرنے میں اہم کردار ادا کر سکتی ہیں؟

جواب: نہیں

سوال8: کیایوٹیوب یاسوشل پلیٹ فارمز پر موجود مشہور افراد کواس پیغام کا حصہ بنایاجاسکتاہے؟

جواب: نہیں

سوال9: کیاعوام بااثر افراد کی پیروی کرتے ہوئے غلط رسوم کو چھوڑنے پر آمادہ ہوسکتے ہیں؟

جواب: نہیں

سوال10: اگر سماجی قائدین خاموش رہیں توکیااس سے ان رسموں کو فروغ ملتاہے؟

جواب: ہاں

## انٹرویونمبر8

نام: غازی اکبر

جنس: مرد

پتہ: بابی خیل، ضلع مہمند

عمر: 35

فون نمبر: 03039093757

پیشہ:

تعلیمی قابلیت: ایف اے

انٹرویو کی تاریخ: 26 جون 2025

انٹرویو کا وقت: 03:00 دوپہر

سوال 1: کیا ہمارے معاشرتی ماحول میں رسومات کو دین پر ترجیح دی جا رہی ہے؟

جواب: نہیں

سوال 2: کیا مساجد کے خطبات عوامی بیداری میں مددگار ثابت ہو رہے ہیں؟

جواب: ہاں

سوال 3: کیا عوام علماء کی بات پر عمل کرتے ہیں؟

جواب: نہیں

سوال 4: کیا اصلاحِ رسوم کے لیے سوشل میڈیا مؤثر کردار ادا کر سکتا ہے؟

جواب: ہاں

سوال 5: کیا مقبول افراد کی باتوں کا عوامی رویوں پر گہرا اثر ہوتا ہے؟

جواب: ہاں

سوال 6: کیا میڈیا اور ڈراموں کے ذریعے رسومات کی اصلاح ممکن ہے؟

جواب: ہاں

سوال 7: کیا بااثر خواتین اس پیغام کو عام کرنے میں اہم کردار ادا کر سکتی ہیں؟

جواب: ہاں

سوال 8: کیا یوٹیوب یا سوشل پلیٹ فارمز پر موجود مشہور افراد کو اس پیغام کا حصہ بنایا جا سکتا ہے؟

جواب: ہاں

سوال9: کیا عوام بااثر افراد کی پیروی کرتے ہوئے غلط رسوم کو چھوڑنے پر آمادہ ہو سکتے ہیں؟

جواب: ہاں

سوال10: اگر سماجی قائدین خاموش رہیں تو کیا اس سے ان رسموں کو فروغ ملتا ہے؟

جواب: ہاں

## انٹرویو نمبر9

### تعارف:

نام: طیب

جنس: مرد

پتہ: سنگر، ضلع مہمند

عمر: 42

فون نمبر: 03049007957

پیشہ: کلرک، مہمند کورٹ

تعلیمی قابلیت:

انٹرویو کی تاریخ: 27 جون 2025

انٹرویو کا وقت: 11:00 صبح

سوال1: کیا ہمارے معاشرتی ماحول میں رسومات کو دین پر ترجیح دی جا رہی ہے؟

جواب: ہاں

سوال2: کیا مساجد کے خطبات عوامی بیداری میں مددگار ثابت ہو رہے ہیں؟

جواب: ہاں

سوال3: کیا عوام علماء کی بات پر عمل کرتے ہیں؟

جواب: نہیں

سوال4: کیا اصلاحِ رسوم کے لیے سوشل میڈیا مؤثر کردار ادا کر سکتا ہے؟

جواب: ہاں

سوال5: کیا مقبول افراد کی باتوں کا عوامی رویوں پر گہرا اثر ہوتا ہے؟

جواب: ہاں

سوال6: کیا میڈیا اور ڈراموں کے ذریعے رسومات کی اصلاح ممکن ہے؟

جواب: نہیں

سوال7: کیا بااثر خواتین اس پیغام کو عام کرنے میں اہم کردار ادا کر سکتی ہیں؟

جواب: ہاں

سوال8: کیا یوٹیوب یا سوشل پلیٹ فارمز پر موجود مشہور افراد کو اس پیغام کا حصہ بنایا جا سکتا ہے؟

جواب: نہیں

سوال9: کیا عوام بااثر افراد کی پیروی کرتے ہوئے غلط رسوم کو چھوڑنے پر آمادہ ہو سکتے ہیں؟

جواب: ہاں

سوال10: اگر سماجی قائدین خاموش رہیں تو کیا اس سے ان رسموں کو فروغ ملتا ہے؟

جواب: ہاں

## انٹرویو نمبر10

نام: عبدالعزیز

جنس: مرد

پتہ: بابی خیل، ضلع مہمند

عمر: 23

فون نمبر: 03469758378

پیشہ: ٹیچر

تعلیمی قابلیت: بی-اے

انٹرویو کی تاریخ: 27 جون 2025

انٹرویو کا وقت: 03:00 دوپہر

سوال 1: کیا ہمارے معاشرتی ماحول میں رسومات کو دین پر ترجیح دی جارہی ہے؟

جواب: جی ہاں

سوال 2: کیا مساجد کے خطبات عوامی بیداری میں مددگار ثابت ہورہے ہیں؟

جواب: جی ہاں

سوال 3: کیا عوام علماء کی بات پر عمل کرتے ہیں؟

جواب: نہیں

سوال 4: کیا اصلاحِ رسوم کے لیے سوشل میڈیا مؤثر کردار ادا کرسکتا ہے؟

جواب: جی ہاں

سوال 5: کیا مقبول افراد کی باتوں کا عوامی رویوں پر گہرا اثر ہوتا ہے؟

جواب: ہاں

سوال 6: کیا میڈیا اور ڈراموں کے ذریعے رسومات کی اصلاح ممکن ہے؟

جواب: نہیں

سوال7: کیا بااثر خواتین اس پیغام کو عام کرنے میں اہم کردار ادا کر سکتی ہیں؟

جواب: نہیں

سوال8؛ کیا یوٹیوب یا سوشل پلیٹ فارمز پر موجود مشہور افراد کو اس پیغام کا حصہ بنایا جا سکتا ہے؟

جواب:.جی ہاں


سوال9: کیا عوام بااثر افراد کی پیروی کرتے ہوئے غلط رسوم کو چھوڑنے پر آمادہ ہو سکتے ہیں؟

جواب: ہاں

سوال10: اگر سماجی قائدین خاموش رہیں تو کیا اس سے ان رسموں کو فروغ ملتا ہے؟

جواب: نہیں

**نتیجہ:**



## نتائج:

- متعدد رسوم کو عوام نے دین کے جزو کے طور پر اختیار کر لیا، حالانکہ ان کی اصل مذہب سے الگ ہے۔
- اسلام نے ہر روایت کو رد نہیں کیا بلکہ عقل اور فطرت سے ہم آہنگ اقدار کو اپنایا، جس کی جھلک تحقیق میں نظر آئی۔
- علماء کے بیانیے اور شرعی دلائل رسومات کے فہم و تجزیے میں اہم رہنمائی فراہم کرتے ہیں۔
- تحقیق سے ظاہر ہوا کہ غیر شرعی رسومات پر معاشی بوجھ بھی بڑھتا جارہا ہے، جو معاشرتی عدم توازن پیدا کرتا ہے۔
- رسوم کی اصلاح کا عمل صرف فرد یا عالم کی ذمہ داری نہیں، بلکہ اجتماعی کوششوں کا متقاضی ہے۔
- اصلاحی عمل میں مقامی مشران کی شرکت نہایت مؤثر ثابت ہو سکتی ہے اگر انہیں دینی اصولوں پر تربیت دی جائے۔
- تحقیق سے نتیجہ اخذ ہوتا ہے کہ قبائلی روایات کو دین کے تابع لانا ممکن ہے، بشرطیکہ نرمی، حکمت اور علم کے ساتھ قدم اٹھایا جائے۔

## سفارشات:

- علاقائی خواتین کس حد تک غیر شرعی روایات کو قبول کرتی ہیں یا ان سے انکار کرتی ہیں؟ اور کیا اس میں ان کی دینی تربیت کا کردار ہے؟ یہ پہلو اب تک غیر دریافت ہے۔
- مدارس، اسکول اور تربیتی ادارے قبائلی رسوم پر طلبہ کی سوچ کو کس قدر متاثر کرتے ہیں؟ یہ پہلو تعلیمی زاویے سے تحقیق طلب ہے۔
- روایتی قبائلی مشران اور جدید مذہبی علما کا رسومات سے متعلق نظریاتی و عملی طرزِ عمل کس حد تک ایک دوسرے سے مطابقت رکھتا ہے؟
- سوشل میڈیا اور ذرائع ابلاغ قبائلی رسوم کے فروغ یا خاتمے میں کیا کردار ادا کر رہے ہیں؟ اس پر تجرباتی تحقیق کی جا سکتی ہے۔
- نو آموز علما جو مہمند کے مقامی نوجوان طبقے سے وابستہ ہیں، ان کے خطبات اور رجحانات کی نوعیت کا سماجی و دینی زاویے سے جائزہ قابلِ غور ہے۔
- گزشتہ تین دہائیوں میں مہمند قبائل کے رسوم میں جو تبدیلیاں رونما ہوئیں، ان کی وجوہات، رفتار اور اثرات پر تاریخی زاویے سے جائزہ لیا جا سکتا ہے۔

## قرآنی آیات کی فہرست:

| صفحہ نمبر | سورت و آیت نمبر | قرآنی آیات کی فہرست | نمبر شمار |
|---|---|---|---|
| 64 | البقرہ،205 | وَاللَّهُ لَا يُحِبُّ الْفَسَادَ | 1 |
| 59 | آل عمران،103 | "وَٱذۡكُرُواْ نِعۡمَتَ ٱللَّهِ عَلَيۡكُمۡ إِذۡ كُنتُمۡ أَعۡدَآء فَأَلَّفَ بَيۡنَ قُلُوبِكُمۡ" الخ | 2 |
| 46 | آل عمران،134 | وَٱلۡكَٰظِمِينَ ٱلۡغَيۡظَ وَٱلۡعَافِينَ عَنِ ٱلنَّاسِۗ وَٱللَّهُ يُحِبُّ ٱلۡمُحۡسِنِينَ | 3 |
| 47 | النساء،29 | "لَا تَأۡكُلُوٓاْ أَمۡوَٰلَكُم بَيۡنَكُم بِٱلۡبَٰطِلِ إِلَّآ أَن تَكُونَ تِجَٰرَةً عَن تَرَاض مِّنكُم" | 4 |
| 60 | النساء،4 | وَآتُوا النِّساءَ صَدُقاتِهِنَّ نِحْلَةً | 5 |
| 61 | النساء،29 | لَا تَأْكُلُوا أَمْوَالَكُم بَيْنَكُم بِالْبَاطِلِ إِلَّا أَنْ تَكُونَ تِجَارَةً عَنْ تَرَاضٍ مِّنكُمْ | 6 |
| 49 | النساء،35 | "فَإِنْ خِفْتُمْ شِقَاقَ بَيْنِهِمَا فَابْعَثُوا حَكَمًا مِنْ أَهْلِهِ" الخ | 7 |
| 51 | النساء،128 | وَٱلصُّلۡحُ خَيۡرٌ | 8 |
| 69 | النساء،75 | وَمَا لَكُمْ لَا تُقَاتِلُونَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ وَالْمُسْتَضْعَفِينَ الخ | 9 |
| 65 | النساء59 | يأَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ وَأُولِي الْأَمْرِ مِنكُمْ | 10 |
| 55 | المائدہ،2 | "وَتَعَاوَنُوا عَلَى الْبِرِّ وَالتَّقْوَى وَلا تَعَاوَنُوا عَلَى الإِثْمِ وَالْعُدْوَانِ" | 11 |
| 66 | المائدہ،8 | وَلَا يَجْرِمَنَّكُمْ شَنَآنُ قَوْمٍ عَلٰى اَلَّا تَعْدِلُوْا اِعْدِلُوْا هوَ اَقْرَبُ لِلتَّقْوٰى | 12 |
| 66 | الانعام،164 | وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ أُخْرٰى | 13 |
| 53 | الاعراف،56 | وَلَا تُفْسِدُوا فِي الْأَرْضِ بَعْدَ إِصْلَاحِهَا | 14 |
| 45 | الانفال،46 | وَلَا تَنَٰزَعُواْ فَتَفۡشَلُواْ وَتَذۡهَبَ رِيحُكُمۡۖ | 15 |
| 54 | الانفال،72 | وَإِنِ اسْتَنْصَرُوكُمْ فِي الدِّينِ فَعَلَيْكُمُ النَّصْرُ | 16 |
| 69 | الحج،39 | أُذِنَ لِلَّذِينَ يُقَاتَلُونَ بِأَنَّهُمْ ظُلِمُوا وَإِنَّ اللَّهَ عَلَى نَصْرِهِمْ لَقَدِيرٌ | 17 |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 58 | المومنون،52 | وَإِنَّ هَٰذِهِۦٓ أُمَّتُكُمۡ أُمَّة وَٰحِدَة وَأَنَا۠ رَبُّكُمۡ فَٱتَّقُونِ فَتَقَطَّعُوٓاْ الخ | 18 |
| 73 | النور،4 | وَالَّذِينَ يَرْمُونَ الْمُحْصَنَاتِ ثُمَّ لَمْ يَأْتُوا بِأَرْبَعَةِ شُهَدَاءَ فَاجْلِدُوهُمْ ثَمَانِينَ جَلْدَةً | 19 |
| 72 | الاسراء،33 | وَلَا تَقْتُلُوا النَّفْسَ الَّتِي حَرَّمَ اللَّهُ إِلَّا بِالْحَقِّ | 20 |
| 70 | الاسراء،32 | لا تَقْرَبُوا الزِّنَىٰ إِنَّهُ كَانَ فَاحِشَةً وَسَاءَ سَبِيلًا | 21 |
| 60 | الروم،21 | وَمِنْ آيَاته أَنْ خَلَقَ لَكُمْ مِنْ أَنْفُسكُمْ أَزْوَاجًا لِتَسْكُنُوا الخ | 23 |
| 53 | الاحزاب،72 | إِنَّا عَرَضْنَا الْأَمَانَةَ عَلَى السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ... فَحَمَلَهَا الْإِنسَانُ | 24 |
| 46 | الحجرات،9 | وَإِن طَآئِفَتَانِ مِنَ ٱلۡمُؤۡمِنِينَ ٱقۡتَتَلُواْ فَأَصۡلِحُواْ بَيۡنَهُمَا | 25 |
| 64 | الحجرات،9 | فَأَصْلِحُوا بَيْنَهُمَا فَإِنْ بَغَتْ إِحْدَاهُمَا عَلَى الْأُخْرَىٰ فَقَاتِلُوا الَّتِي تَبْغِي الخ | 26 |

**احادیث کی فہرست:**


| نمبر شمار | احادیث مبارکہ کی فہرست | کتاب و حدیث نمبر | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|
| 1 | فقال النبي ﷺ: "يا أبا بكر، إن لكل قوم عيدًا، وهذا عيدنا | صحیح بخاری،892 | 47 |
| 2 | أن النبي صلى الله عليه وسلم اشترى طعاماً من يهودي إلى أجل، ورهنه درعاً له | صحیح بخاری،2509 | 51 |
| 3 | ما مِنْ مُسْلِمٍ يَغْرِسُ غَرْسًا، أَوْ يَزْرَعُ زَرْعًا، فَيَأْكُلُ مِنْهُ طَيْرٌ، أَوْ إِنْسَانٌ الخ | صحیح بخاری،2320 | 53 |
| 4 | قال رسول الله ﷺ:"انصر أخاك ظالماً أو مظلوماً الخ | صحیح بخاری،2444 | 69 |
| 5 | لا تنكح الايم حتئ تستامر -ولا تنكح البكر حتى تستاذن | صحیح بخاری،5136 | 63 |
| 6 | اقْتُلُوا القاتلَ واصْلُبُوهُ وَغَرِّبُوهُ | صحیح بخاری،6878 | 62 |
| 7 | "لَا يَحِلُّ دَمُ امْرِئٍ مُسْلِمٍ، يَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ، وَأَنِّي رَسُولُ اللَّهِ" الخ | صحیح بخاری،1676 | 73 |
| 8 | إِنَّ دِمَاءَكُمْ وَأَمْوَالَكُمْ وَأَعْرَاضَكُمْ عَلَيْكُمْ حَرَامٌ | صحیح بخاری،1739 | 67 |
| 9 | من نفّس عن مؤمن كربةً من كرب الدنيا، نفس الله عنه الخ | صحیح مسلم،2699 | 56 |
| 10 | أَبِدَعْوَى ٱلْجَاهِلِيَّةِ وَأَنَا بَيْنَ أَظْهُرِكُمْ؟ أَبَعْدَ إِذْ هَدَاكُمُ ٱللَّهُ إِلَى ٱلْإِسْلَامِ؟ | صحیح مسلم،1218 | 59 |
| 11 | الله فی عون العبد ما كان العبد فی عون اخیه | سنن ترمذی،1930 | 44 |
| 12 | "مَنْ ضَارَّ ضَارَّ اللهُ بِهِ، وَمَنْ شَاقَّ شَاقَّ اللهُ عَلَيْهِ" | سنن ترمذی،1940 | 67 |
| 13 | ثلاثة لا ترد دعوتهم: الإمام العادل، والصائم حتى يفطر الخ | سنن ترمذی،3598 | 70 |
| 14 | كُلُّ بَنِي آدَمَ خَطَّاءٌ، وَخَيْرُ الْخَطَّائِينَ التَّوَّابُونَ | سنن ترمذی،2499 | 75 |
| 15 | لَا يَحِلُّ لِمُسْلِمٍ أَنْ يُهَاجِرَ أَخَاهُ فَوْقَ ثَلَاثِ لَيَالٍ. يَلْتَقِيَان الخ | موطاامام مالک،3365 | 46 |
| 16 | تَهَادُوا تَحَابُّوا | موطاامام مالک،1711 | 75 |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 17 | كونُوا عِبَادَ اللهِ إِخْوَانًا، لَا تَعَادَوْا وَلَا تَبَاغَضُوا، سَدِّدُوا وَقَارِبُوا وَأَبْشِرُو | مسند احمد، 5691 | 46 |
| 18 | "إِذَا قَامَتِ السَّاعَةُ وَفِي يَدِ أَحَدِكُم فَسِيلَةٌ، فَإِنِ اسْتَطَاعَ أَنْ يَغْرِسَهَا فَلْيَغْرِسْهَا" | مسند احمد، 12902 | 54 |
| 19 | ان اعظم النكاح بركة أيسره مؤنة | مسند احمد، 1887 | 62 |
| 20 | لَا يَحِلُّ مَالُ امْرِئٍ مُسْلِمٍ إِلَّا بِطِيبِ نَفْسِهِ | سنن الدار قطنی، 2885 | 48 |
| 21 | "الصُّلْحُ جَائِزٌ بَيْنَ الْمُسْلِمِينَ إِلَّا صُلحًا أَحَلَّ حَرَامًا أَوْ أَحَلَّ حَلَالًا" | سنن الدار قطنی، 4472 | 52 |
| 22 | لا يَأْخُذْ أحدٌ حقَّهُ بيدِه، فليَأتِ السلطانَ | السنن الکبری للبیہقی، 17650 | 71 |

## مصادر و مراجع:


1. القرآن الکریم
2. بخاری، ابو عبد اللہ محمد بن اسماعیل بن ابراہیم، صحیح البخاری، مکتبۃ البشری، کراچی، پاکستان
3. نیشاپوری، مسلم بن حجاج بن مسلم، صحیح المسلم، مکتبۃ البشری، کراچی، پاکستان
4. امام ابو داود، ابو داود سلیمان بن اشعث السجستانی، سنن ابی داود، مکتبۃ البشری، کراچی، پاکستان
5. امام ترمذی، ابو عیسی محمد بن عیسی الترمذی، سنن ترمذی، مکتبۃ البشری، کراچی، پاکستان
6. امام مالک بن انس بن مالک، موطا امام مالک، مکتبۃ البشری، کراچی، پاکستان
7. امام احمد بن حنبل، مسند أحمد، مکتبۃ البشری، کراچی، پاکستان
8. الدار قطنی، علی بن عمر بن احمد، سنن الدار قطني، دار احیاء التراث العربی، بیروت، لبنان
9. بیھقی، احمد بن حسین بن علی، سنن کبری، دار الکتب العلمیہ، بیروت، لبنان
10. ابن عابدین شامی، محمد آمین بن عمر بن عبد العزیز، رد المحتار علی الدر المختار، دار الفکر، بیروت، 1992
11. الفتاوی الہندیہ، کتاب القضاء، باب التحکیم، دار الفکر، بیروت، لبنان، 2000
12. ابن قدامہ، ابو محمد عبد اللہ بن احمد بن قدامہ، المغنی، دار احیاء التراث العربی، بیروت، 1985
13. العز بن عبد السلام، قواعد الاحکام فی مصالح الانام، مکتبہ الکلیات الازہریہ قاہرہ، 1974
14. جلال الدین سیوطی، عبد الرحمن بن ابی بکر بن محمد بن سابق الدین، الاشباہ و النظائر، دار الکتب العلمیہ، بیروت، 1983
15. امام غزالی، ابو حامد محمد بن محمد الغزالی، المستصفی من علم الاصول، دار الکتب العلمیۃ، بیروت، 1993
16. امام نووی، یحیی بن شرف بن مری بن حسن، شرح نووی علی مسلم، دار احیاء التراث العربی، بیروت، 1995
17. ابن قدامہ، موفق الدین عبد اللہ بن احمد بن محمد بن قدامہ، المغنی، دار الفکر، بیروت، 1985
18. ڈاکٹر لطیف یوسفزئی، پختنانہ قبائل او داغوی تاریخ، پشتو اکیڈمی، جامعہ پشاور، 2003
19. شیر محمد مہمند، فاٹا، مکتبہ علمیہ پشاور، 2006
20. سیال، میر اجان، مہمند بابا، یونیورسٹی بک شاپ، پشاور، 2002
21. براتی، نعمت اللہ براتی، مخزن افغانی، مغل سلطنت لاہور، 1865
22. خان، ڈاکٹر محمد افضل۔ اسلام اور رسوم و رواج: ایک تحقیقی و تنقیدی جائزہ, ادارہ معارف اسلامی، لاہور، 2012
23. مظفر، ڈاکٹر اسلم، تہذیب و تمدن اور ہمارے رسم و رواج، ادارہ نشریات، لاہور، 2010

24. شمس مومند، مہمند قبائل، یونیورسٹی بک ایجنسی، پشاور، 2016

25. علی اکبر، لغت نامہ دہخدا، تہران یونیورسٹی تہران، 2000

26. H.C.WELLY, The Borderland,chapman and hall London ,(1908)

27. Olaf caroe ,The Pathans,oxford university press Karachi,(1983)